جیسے کہ یہان کے ساکنون کو بسبب
بود و باش ہند کے ہندو اور ہندی
کہا جاتا ہی پہر گبر و ترسا وغیرہ الفاظ

का अर्थ भी एक नहीं है इसीवास्तेदया
नंदी का पक्ष युक्ति शून्य है गब्र पद का अ
र्थ काफ़िर कदाचित् नहीं है होवेतो फ़ार
सी कोश विद्यमान हैं पता दीजिये· कोश
में तो यह लिखा है कि गब्र लोहे की टोपी
को कहते हैं कि जिसको लड़ाई में सर पर
रखते हैं और लोहे के वस्त्र को कहते हैं कि
जिसको लड़ाई में पहनते हैं और संस्कृत
में वक्र बोलते हैं और जरतुश्तमतावल
म्बी को कहते हैं जिसको अरबी भाषा में
मजूस बोलते हैं निदान गब्र और मजूस
और मुग और पारसी एकार्थी हैं इन शब्दों
में से काफ़िर के अर्थ में एक भी नहीं आता
और यह दूसरी बात है कि मुसल्मान पक्ष
पात की राह से आपने से भिन्न हर एक मत
वाले को काफ़िर कहते हैं ईसाई और मूसा
ई भी इनके निश्चय में काफ़िर हैं किंतु ई
साई और मूसाई पद का अर्थ काफिर कदाचि
त् नहीं है बलकि ईसा से संबंध रखनेवाले
को ईसाई और मूसा के मत वाले को मूसाई
कहते हैं इसी तरह हबशी का अर्थ काफ़िर

کے معنی قریب بھی نہیں ہیں اسیواسطے
دیانندی کا دعوی دلیل سے خالی
ہے لفظ گبر کے معنی کافر ہرگز نہیں ہیں
ہو وین تو لغت کا حوالہ دینا ضروری ہے
کتب لغت مین تو یہ ہی مذکور ہے
کہ گبر بفتح اول و سکون ثانی بمعنی خود
و خفتان ہے اور مغ کو کہتے ہیں
جسکو عربی مین مجوس بولتے ہین
غرضکہ گبر و مجوس و مغ و پارسی
مرادف ہین ان الفاظ مین سے
بمعنی کافر ایک بھی نہین آتا اور
یہہ دوسری بات ہے کہ مسلمان
براہ تعصب ہر ایک قوم کو کافر کہتے
ہین چنانچہ عیسائی و موسائی بھی
اونکے عقیدہ مین کافر ہین لیکن لفظ
عیسائی و موسائی کے معنی کافر ہرگز
نہین ہین بلکہ عیسی سے نسبت
رکھنے والے کو عیسائی اور
موسی کی امت والے کو
موسائی کہتے ہین اسیطرح
حبشی کے معنی بھی کافر

त्रिकाल में भी नहीं है किसी कोश में ऐसा लिखा होवे तो उसका नाम लीजिये हवशी का अर्थ तो हवश देश का रहने वाला है जबकि तुम्हारे निश्चय में भी हवश एक देश का नाम है तो हवशी का अर्थ गुलाम क्यों कर होसक्ता है तुमको उचित है कि प्रथम हवशी पद में दासत्व सिद्ध करो और यह असम्भव है इस वास्ते तुम्हारा सारा वाग् विलास मिथ्या है आगे यह बात रही कि उस देश का हवश नाम मुसल्मानों ने रक्खा है यह बात भी सर्वथा निर्मूल है कि मुसलमानों की उत्पत्ति से पहिले ही अरबी भाषा में उस देश का नाम हवश था इसी लिये हवश और हवशा पद अमरा उलक़ैस की कविता में जोकि मुसलमानों की उत्पत्ति से प्रथम ही अरब देश में प्रसिद्ध कवि था आये हैं इसके सिवाय जब कि मुसलमानों के पैग़म्बर मुहम्मद के मत में सौ मनुष्य भी न थे और

ہرگز انمین نہین ہے کسی اہل لغت نے ایسا لکھا ہو وے تو اوسکے نام سے اطلاع دیجئے حبشی کے معنی تو منسوب بہ حبش ہین یعنی حبشی اوسکو کہتے ہین کہ جو ملک حبش مین قیام پذیر ہووے جبکہ تمہاری رائے مین بھی حبش ایک ملک کا نام ہے تو حبشی کے معنی غلام کیونکر ہو سکتے ہین تم کو لازم ہے کہ اول لفظ حبش مین غلامیت ثابت کرو اور یہ محال ہے پس تمہاری ساری گفتگو وہم و خیال ہے ؏ این خیال است و محال است و جنون – باقی رہی یہ بات کہ اوس ملک کا حبش نام مسلمانون نے رکہا ہے یہ بہی محض بیاصل ہے کہ ظہور اسلام سے پہلے ہی عربی زبان مین اوس ملک کا نام حبش تہا اسیواسطے لفظ حبش و حبشہ وغیرہ امراء القیس کے نظم مین جو کہ ظہور اسلام سے پیشتر ہی ملک عرب مین ممتاز و شخص تہا آئی ہین علاوہ اسکے جسوقت کہ محمد صاحب پر سو لفر بہی ایمان نہ لائے تہے اور

मुसलमानी वहुत नहीं फैली थी उसी
काल में न जाशी राजा हवश देश का
मुसलमान होगया था और मुहम्मद
को सच्चा पैग़म्बर जान लिया था - इस
वात से किसी पढ़े लिखे मुसलमान
को इनकार नहीं है जवकि वार्त्ता इस
प्रकार है तो मुसलमानों को हवश
देश के रहने वालों से क्या शत्रुता थी
कि उन पर दासत्व का मिथ्या भार
धरते इसी रीति से काफ़रिया देश की
भाषा के जानने वाले से पूछना चा
हिये कि उस देश की वोली में काफ़
रिया और काफ़िर शब्द का क्या अर्थ
है सम्भव है कि वह अर्थ नेकी और
भलाई से संवंध रखता होवे क्योंकि
सव भाषाओं में वहुधा ऐसे पद होते
हैं कि अपने देश की वोली में उन
का अर्थ वड़ाई और भलाई से सं
वन्ध होता है और दूसरे देश की
वोली में नीचता और मूर्खता से सं
वंध रखता है जैसे फ़ारसी में मिहतर

دین اسلام چنداں شایع نہوا
تہا اوسی زمانہ مین نجاشی بادشاہ
حبشہ نے اسلام قبول کرلیا تہا
اور نبوت محمد پر ایمان لے آیا
تہا اس بات سے کسی محدث
و مفسر کو انکار نہین ہے جبکہ
معاملہ اسطرح پر ہے تو مسلمانون
کو ملک حبش کے باشندون سے
کیا خصومت تہی کہ اونپر غلامی کا
اتہام رکہتے اسی قیاس پر ملک
کافریہ کی زبان کے واقفکارون
سے دریافت کرنا چاہیے کہ اوس
دیار کی زبان مین لفظ کافریہ
و کافر کے کیا معنی ہین شاید کہ
نیکی و صلاح سے متعلق ہو دین
کیونکہ اکثر الفاظ ایسے ہین کہ
اپنے ملک کی بولی مین اونکے
معنی بزرگی و شرافت سے
منسوب ہین اور دوسرے ملک کی
زبان مین اونکے معنی سفاہت و بلاہت سے
تعلق رکہتے ہین جیسے فارسی مین مہتر

का अर्थ महान् और बड़े का है और
हमारी बोली में मिहतर नीच अर्थात्
भंगी को कहते हैं अरबी में सूअर कु
रान की सूरतों अर्थात भागों को कहते
हैं और उर्दू में यह शब्द पशु विशेष
के अर्थ में प्रचरित है जिसका छूना
भी बुरा है अब कोई बुद्धिमान् नहीं
कह सक्ता कि उर्दू वालों ने ईरानियों
की शत्रुता से उनके महाशय और श्रेष्ठ
को मिहतर कर के पुकारा है जिसका
अर्थ भंगी का है और मुसलमानों
की शत्रुता से उनकी पवित्र किताब
के भागों को सुअर कहा है जिसका
अर्थ अत्यन्त अशुद्ध पशु का है-
वास्तव यही है कि यह दोनों पद महा
न और कुरान के भागों के अर्थ में
उर्दू के नहीं हैं एक फ़ारसी का है
दूसरा अरबी का और उनका अर्थ भी
उन हीं भाषाओं के प्रचार करने वाले
ने अपने अभिप्रायानुकूल कल्पना
किया है उर्दू से उस अर्थ को कुछ सम्ब

کہتے ہین شریف وسردار کو اور
ہماری بولی مین مہتر سے مراد کمینہ
و خاکروب لیا جاتا ہے عربی مین
سور قران کی سورتون کو کہتے
ہین اور اردو مین یہہ لفظ ایک
حیوان کے معنی مین مستعمل کیا
جاتا ہے جسکا مس بہی ممنوع ہی
اب کوئی عاقل نہین کہہ سکتا۔
کہ اردو والون نے ایرانیون
کی دشمنی سے اونکے سردار و شرفا
کو مہتر کہکر پکارا ہے جسکے معنی بہنگی
کے ہین اور مسلمانون کی خصومت
سے اونکی کتاب مقدس کے
حصون کو سور کہا ہے جسکے معنی
حیوان نجس کے ہین اصل
وہی ہے کہ دے دونون لفظ اس
معنی مین اردو کے نہین ہین
ایک فارسی کا ہے دوسرا عربی
کا اور اونکے معنی بہی اونہین
زبانون کے واضعون نے وضع کر
ہین اردو سے اونکو کچہہ تعلق

न्ध नहीं है इसी प्रकार काफ़िरिया और काफ़िर के अर्थ में मुसलमानों की कुछ कल्पना नहीं है यह दोनों पद उसी देश की बोली के हैं और काफ़िर पद अरबी का जो कि कुफ़्र से बना है वह दूसरा पद है उर्दू के पद मिहतर और सूअर की तुल्य · इसी तरह तरसा पद रूम की भाषा का है जैसा कि सिराज उल लुग़ात से विदित है और रूम की भाषा में तरसा ईसाई को कह ते हैं और यह पद काफ़िर के अर्थ में कि सी भाषा में नहीं आया मुसलमानों की उत्पत्ति से पहिले ही उक्त पद रूम की भा षा में प्रचरित था इस वास्ते मुसलमानों की कल्पना से समस्त रक्षित है · हां यदि फ़ारसी भाषा में उक्त पद का निकास तर सीदन धातु से ठहराया जावे तो भय भी त के अर्थ में समझा जायगा · परन्तु रूमी भाषा से उसको कुछ संबंध नहीं इस कारण तरसा शब्द को भय भीत के अर्थ में समझना उसी प्रकार है कि कोई मनुष्य कहे कि फ़ारसी में जो मिहतर

نہین ہے اسیطرح کافریہ اور کافر کے معنی مین مسلمانون کا کچہ تصرف نہین ہے یہ دونون لفظ اوسی ملک کی زبان کے ہین اور لفظ کافر عربی کا جو کہ کفر سے ماخوذ ہے وہ غیر ہے مانند لفظ مہتر اور سور اردو کے اسیطرح یہ لفظ ترسا رومی زبان کا ہے جیساکہ سراج اللغات سے ثابت ہے اور رومی زبان مین ترسا نصارا کو کہتے ہین اور یہ لفظ بمعنی کافر کسی زبان مین نہین آیا زمانہ اسلام سے پیشتر ہی لفظ مذکور روم کی زبان مین شایع تہا پس مسلمانون کے تصرف سے بالکل محفوظ ہے البتہ اگر فارسی مین اس لفظ کا اشتقاق ترسیدن مصدر سے متعلق کیا جاے تو بمعنی خوفناک سمجہا جاویگا مگر رومی زبان سے اوسکو کچہ مناسبت نہین ہے اسواسطے لفظ ترسا کو بمعنی خوفناک سمجہنا اوسی قسم سے ہے کہ کوئی کہے کہ فارسی مین جو لفظ مہتر

पद प्रचरित है वह भंगी के अर्थ में है और मुसलमान जो कुरान के भागों को सुअर कहते हैं उसका अर्थ प्रसिद्ध पशु है अब जानना चाहिये कि यदि किसी जगह मुसलमानों की बातों में तरसा से काफ़िर अभिप्रेत होवे तो यह दूसरी बात है कि मुसलमान यहूद और ईसाई और मजूस प्रभृति सब मत वालों को काफिर जानते हैं जैसे कि आर्य्य लोग चार वाक और बौद्ध आदि सारे वेद विरोधियों को दस्यु और म्लेच्छ कहते हैं परंतु इससे यह नहीं निकलता कि यहूद और ईसाई और मजूस प्रभृति पदों का अर्थ काफ़िर होवे अथवा चार वाक और बौद्ध आदि शब्द दस्यु और म्लेच्छ के अर्थ में प्रचरित किये जावें यहां तक दयानंदी के प्रश्न का उत्तर दिया गया परंतु इससे हमारा यह अभिप्राय नहीं है कि हिन्दू पद की जगह आर्य शब्द का प्रचार न होवे बरन हमारा सिद्धांत यह है कि हिन्दू

مستعمل ہے وہ بمعنی خاکروب ہے اور مسلمان جو قران کی سورتوں کو سور کہتے ہیں اوسکے معنی حیوان نجس کے ہیں اب جاننا چاہیے کہ اگر کسی جگہہ مسلمانوں کی گفتگو میں ترسا سے کافر مراد ہووے تو یہہ دوسرا امر ہے کہ مسلمان یہود و نصارا و مجوس وغیرہ کل فرقوں کو کافر جانتے ہیں جیسے کہ آریا لوگ چارباک اور بودہ وغیرہ تمام ویدبیرودہیوں کو دسیو اور ملیچہہ کہتے ہیں مگر اس سے یہہ لازم نہیں آتا کہ یہود و نصارا و مجوس وغیرہ الفاظ کے معنی کافر ہوویں یا لفظ چارباک اور بودہ وغیرہ بمعنی دسیو اور ملیچہ استعمال کیے جاتیں یہانتک دیانندی کے سوال کا جواب دیا گیا لاکن اس سے ہماری یہ غرض نہیں، کہ ہندو کے عوض آریہ کا عملدرآمد نہووے بلکہ ہمارا مقصود یہہ ہے کہ ہندو

शब्द गाली नहीं है और न मुसलमानों ने द्वेष से बनाया है परन्तु फिर भी हम लोगों को उचित है कि अपने लिये दूसरी भाषा के शब्द का प्रचार अच्छा न जाने किन्तु उसकी जगह पर आर्य पद का वर्ताव करें कि हमारा वास्तव और सनातन नाम यही है हिन्दू पद से हमारा कुछ संबंध नहीं कि फ़ारसी भाषा का है इसी प्रकार हमको उचित है कि अपनी बोली को आर्य भाषा और अपने देश को आर्यावर्त कहें हिन्दी और हिन्दोस्तान पद के प्रचार से दूर रहें - कि दूसरी बोली के शब्द हैं इस आख्यान से हमारा यह अभिप्राय नहीं है कि फ़ारसी भाषा निषिद्ध है और इसका सीखने वाला पापी है क्योंकि पहिले फ़ारस देश में वेद मतानुयायी ही बसते थे आर्यावर्त निवासी और फ़ारस के रहने वालों में परस्पर विवाहादिक संबंध भी होते थे - जैसे राजा दशरथ की एक स्त्री का नाम केकेयी है जो कि भरत की माता थी वाल्मी

گالی نہیں اور مسلمانوں کی بدگالی نہیں مگر پہر بہی ہم لوگوں کو لازم ہے کہ اپنے حق میں غیر زبان کا لفظ روا نہ رکہیں بلکہ اوسکی جگہ لفظ آریہ کا برتاؤ کریں کہ ہمارا اصلی و حقیقی لقب یہ ہی ہے لفظ ہندو سے ہمارا کچہ تعلق نہیں ہے کہ غیر زبان کا لفظ ہی اسیطرح ہمکو مناسب ہے کہ اپنی بولی کو آریہ بہاشا اور اپنے ملک کو آریاورت کہیں ہندی اور ہندوستان کے استعمال سے کنارہ گیر ہوویں کہ غیر زبان کے الفاظ ہیں اس بیان سے ہماری یہ غرض نہیں ہے کہ فارسی زبان ناجایز و ممنوع ہے کیونکہ پیشتر ملک فارس میں تابعان وید اقدس ہی آباد تہے اور آریوں اور پارسیوں کے درمیان سلسلہ رشتہ داری و برادری بہی جاری تہا چنانچہ راجا دشرتہ کی ایک زوجہ کا نام کیکئی ہے جو کہ بہرت کی ماں تہی بالمیکی

कैकेयी

की रामायण में है कि वह केकय देश के राजा की बेटी थी क्योंकि संस्कृत में केकय ईरान का नाम है और यहां के राजा को केकय कहते हैं इसी सबब से उसकी बेटी कैकयी कहलाती है संस्कृत के व्याकरण से यह बात सम्यक् विदित है फिर यहां से जाना जाता है कि केकय पद को फ़ारसी वालों ने बिगाड़ कर अपनी रीति पर कय बना लिया है इसी लिये ईरान देश के हर एक राजा का कय ही पदवी और उपनाम होता था जैसे कय ख़ुसरो कय क़ुबाद और कय काऊस प्रभृति-इसी तरह दुर्योधन की मा का नाम गांधारी है और संस्कृत में गांधारी गांधार की बेटी को कहते हैं और गांधार उसको कहते हैं जिसकी उत्पत्ति गन्धार नगर में हो फ़ारसी वाले गांधार के गाफ़ को क़ाफ़ से बदल कर क़ंदहार बोलते हैं निदान इस पद की मूल संस्कृत है कि फ़ारसी वालों ने अपनी रीति पर बना लिया।

رامائن مین ہے کہ وہ کیکئی دیش کی راجا کی بیٹی تہی کیونکہ سنسکرت مین کیکئی ایران کا نام ہے اور وہان کے راجا کو کیکئی کہتے ہین اور اوسکی مونث اولاد کیکیی کہلاتی ہے پہر یہان سے واضح ہوتا ہے کہ کلمہ کیکئی کو فارسیون نے بگاڑکر اپنے طور پر کے بنا لیا چنانچہ پہلے زمانہ مین ایران کے ہر ایک بادشاہ کا یہہ لقب ہوتا تہا مثلا کیخسرو و کیقباد و کیکاؤس اور مانند اسکے اسیطرح دریودہن کی مان کا نام گاندہاری ہی اور سنسکرت مین گاندہاری کہتے ہین گاندہار کی بیٹی کو اور گاندہار اوسکو کہتے ہین کہ جسکی پیدایش گندہار مین ہووے فارسی والے گندہار کے گاف کو قاف سے بدلکر قندہار بولتین قندہار بولتے ہین غرضکہ اس لفظ کی اصل سنسکرت ہی کہ اہل فرس نے اپنا تصرف کرکے اپنے طور پر وضع کر لیا

इसी तरह के सहस्रों पद संस्कृत के हैं कि फ़ारसी वालों ने कुछ न्यूनाधिक कर के उनकी सूरत बदल डाली बल्कि ईरान पद ही आर्य्य से बनाया गया है ईरान देश के इतिहास से जाना जाता है कि ईरान पद इयर से संबंध रखता है और इयर फ़रेदूं राजा के बेटे का नाम है जिसको एरज भी कहते हैं और वस्तुत: इयर और एरज आर्य्य से बनाया गया है इसी वास्ते मैक्समूलर साहिब ने किताब लेक्चरस आन्दी साइन्स आफ़ लैंग्वेज के पृष्ठ २८१ में लिखा है कि ईरान और आरमीनिया यह दोनों पद आर्य्य से निकले हैं और एरी कि आर्य्य से बना है आरमीनिया देश की बोली में बहादुर के अर्थ में प्रचरित है - इति मैं कहता हूं कि एरी पद का उक्त अर्थ भी आर्य से निकला है क्यों कि आर्य्य लोगों की वीरता और शूरता और शस्त्र और शास्त्र विद्या सब देशों में प्रसिद्ध और विदित

اسی قسم کے ہزارہا الفاظ سنسکرت کے ہین کہ فارسی والون نے افراط و تفریط کرکے اونکی صورت بدل ڈالی ہے بلکہ خود لفظ ایران کلمہ آریہ سے وضع کیا گیا ہے فارس کی تاریخ سے جانا جاتا ہے کہ ایران منسوب ہے ایر سے کہ نام پسر فریدون ہے کہ جسکو ایرج بہی کہتے ہین ظاہرا ایر اور ایرج آریہ کا بگڑا ہوا ہے اسیواسطے میکس مولر صاحب نے کتاب لیکچرس آن دی سائنس آف لینگویج کے صفحہ ۲۸۱ مین لکہا ہے کہ ایران و آرمینیہ یہہ دونون لفظ آریہ سے نکلے ہین اور ایری کہ آریہ سے بنا ہے آرمینیہ کی زبان مین بمعنی بہادر مستعمل ہے فقط مین کہتا ہون کہ ایری کے معنی مذکور بہی آریہ کے معنی سے ماخوذ ہین کیونکہ آریہ لوگون کی بہادری و دلاوری اور شمشیر زنی و تیر افگنی تمام ملکون مین مشہور و مذکور

थी यहां तक कि फ़ारसी भाषा में हि
न्दी पद तलवार के अर्थ में प्रसिद्ध हुआ
अर्थात् हिन्दुओं के साथ तलवार को ऐ
सी विशेषता थी कि दूसरे देश वाले हि
न्दी पद से कि हिन्दोस्तान के हर एक पदा
र्थ और हर मनुष्य को कह सक्ते हैं केवल
तलवार मुराद रखते थे यदि कोई पु
रुष हमारी बात में सन्देह करे तो उस
को चाहिये कि बुरहान क़ातअ में कि फ़ार
सी का कोष है देखले- कि हिन्दी पद
तलवार के अर्थ में प्रचरित है इसी सबब
से फ़िरदोसी कविने शाहनामा किता
ब में बहुधा तलवार और खंजर का
हिन्दुओं के साथ संबंध विशेषद्योतन
किया है- जैसे इम: जोशनो तर्को बर
गस्त वां ॥ चह गोपालो चह खंजरे हिन्दु
आं ॥ जिल्द प्रथम तफ़सीर अज़ीज़ी
में यह बैत लिखी है ॥ तेग़ हिन्दी व खंज
रे रूमी नकुनद उच बूं तज़ार कुनद ॥
जैसे आर्य्य लोग शूर वीर हुये हैं वैसेही
विद्वान् और ज्ञानी थे कि एक ब्रह्म की

تھی حتی کہ لفظ ہندی بمعنی خنجر
و شمشیر زبان زد اہل ایران
ہوا یعنی ہندوؤن کے ساتھ
شمشیر کو ایسی خصوصیت تھی کہ
غیر ملک والے لفظ ہندی سے
کہ بمعنی ہر چیز و ہر انسان ہندوستان
کے ہو سکتا ہے صرف تلوار مراد
رکھتے تھے اگر ہماری گفتگو مین
کوئی شک کرے تو اوسکو چاہیے
کہ برہان قاطع مین کہ لغت فارسی
ہے دیکھ لے کہ ہندی بمعنی شمشیر
ہے اسی سبب سے فردوسی نے
شاہنامہ مین اکثر جگہ خنجر و شمشیر کو
ہندوؤن کے ساتھ مخصوص کیا ہے
مثلاً ہمہ جوشن و ترک برگستوان
چہ گوپال و چہ خنجر ہندوان ۔ جلد
اول تفسیر عزیزی مین یہ شعر
مرقوم ہے ۔ تیغ ہندی و خنجر رومی
نکند آنچہ انتظار کند ۔ جیسی کہ آریہ
لوگ بہادر و جوانمرد ہوے ہین ویسے ہی
عارف و گیانی تھے کہ ایک برہم کی

उपासना करते थे वल्कि आर्य्य पद का यही वास्तविक अर्थ है क्योंकि संस्कृत में आर्य्य पद ऋ गतौ धातु से बनता है और गति कहते हैं ज्ञान और पहुंचने को इससे आर्य्य शब्द का अर्थ हुआ ज्ञानी और परमेश्वर के समीप पहुंचा हुआ क्योंकि आर्य्य पद की निरुक्ति यह है ऋच्छति अर्थात् गच्छति इति आर्य्यः॥ मेकसमूलर साहिब ने उक्त पुस्तक के पृष्ठ २७५ में लिखा है कि आर्य्य शब्द से देवतों के आदर करने वाले मुराद रक्खे जाते हैं क्योंकि यह पद दस्यु शब्द का विरोधी है जो कि वेद विरोधी और सच्चे मार्ग के भूलने वाले के अर्थ में है॥

अब मैं एक यंत्र इस ग्रंथ में लिखता हूं जिससे विदित होवे कि अरबी और फ़ारसी प्रभृति भाषा संस्कृत से निकली वल्कि सारी बोलियां संस्कृत से बनी हैं जो कि योरुपदेश निवासी आप अपनी भाषाओं का मूल संस्कृत को ठहराते हैं इस वास्ते हमें इस यंत्र में अंगरेज़ी प्रभृति भाषा के पद लिखने से हाथ उठाते हैं और मुसलमानों के चुप करने के लिये केवल अरबी और फ़ारसी ही के पद लिखते हैं॥

اوپاسنا کرتے تھے بلکہ لفظ آریہ کے یہی معنی تحقیقی و اصلی ہین کیونکہ سنسکرت مین کلمہ آریہ رِی گتو دھاتو سے بنتا ہے اور گتی کہتے ہین گیان اور پہونچنے کو پس آریہ کے معنی ہوے گیانی و [illegible] ایسلئے میکس مولر صاحب نے کتاب مذکور کے صفحہ ۲۷۵ مین لکہا ہے کہ لفظ آریہ سے دیوتاؤن کی تعظیم کرنے والے لوگ مراد رکہے جاتے ہین کیونکہ یہ کلمہ لفظ دسیو کی ضد ہے جو کہ بمعنی کافر و ضال ہے اب مین ایک نقشہ مندرج رسالہ ہذا کرتا ہون جس سے معلوم ہووے کہ عربی و فارسی وغیرہ کی ماخذ سنسکرت ہے بلکہ تمام زبانین سنسکرت ہی سے برآمد ہوئی ہین چونکہ اہل یورپ خود اپنی زبانون کی اصل سنسکرت کو قرار دیتے ہین لہذا اس نقشہ مین انگریزی وغیرہ کے الفاظ درج کرنے سے ہم دست بردار ہوتے ہین واسطے سکوت مسلمانون کے ابراد الفاظ عربی و فارسی ہی پر اکتفا کرتے ہین

संस्कृत शब्द	फ़ारसी अरबी शब्द	अर्थ	معنی	الفاظ عربی وفارسی	الفاظ سنسکرت
आम्र	अंबा	आम	آم	انبہ	آمر
आदिम	आदम	प्रथम मनुष्य	مشہور	آدم	آدِم
अप्	आब	पानी	پانی	آب	آپ
आसक्त	आशिक़	प्रसिद्ध	مشہور	عاشق	آسکت
अश्व	अस्प	घोड़ा	گھوڑا	اسپ	آشو
भ्रु	अबरू	भौं	معروف	ابرو	بھرو
अस्ति	अस्त	है	ہے	است	استی
अंत	इन्तहा	समाप्ति	تمام	انتہا	انت
अभ्र	अब्र	बादल	بادل	ابر	ابھر
उष्ट्र	उश्तर	ऊंट	اونٹ	اشتر	اشٹر
अंतर	अंदर	भीतर	بھیتر	اندر	انتر
अल्ला	अल्लाह	ईश्वर	خدا	اللہ	الا
आपत्ति	आफत	प्रसिद्ध	مشہور	آفت	آپتی
आगमन	आमदन	आना	آنا	آمدن	آگمن
अंगुष्ठ	अंगुश्त	उंगली	اونگلی	انگشت	انگشٹ
अष्ट	हश्त	आठ	آٹھہ	ہشت	اشٹ
विस्तार	बिस्यार	बहुत	بہت	بسیار	بستار
भार	बार	बोझ	بوجھہ	بار	بھار
भ्रातृ	बरादर	भाई	بھائی	برادر	بھراتری
विशेष	बेश	ज़्यादा	زیادہ	بیش	بیشیش

संस्कृत शब्द	फारसी व अरबी शब्द	अर्थ	معنی	الفاظ عربی فارسی	الفاظ سنسکرت
वंश	बनी	घराना	خاندان	بنی	بنس
वेद	वेद-बेद	ज्ञान विज्ञान	علم وآگاہی جیسا کہ ہے بیدار ضد خفتہ جو مرکب ازبید وار کہ کلمہ نسبت ہے	بید	وید وبید
विंशति	बिस्त	बीस २०	بیس ۲۰	بست	بنشتی
वात	बाद	वायु	ہوا	باد	ابت
वर्षा	बारिश	मेंह	مینہہ	بارش	برشا
वर्णन	बयान	व्याख्या करना	مشہور	بیان	برنن
बंध	बंद	बंधाहुआ	قید	بند	بندہ
वर्षाकाल	वर्षाकाल	बरसात	برسات	برشکال	برشاکال
वादित्र	बरबत	बाजा	باجا	بربت	بادتر
भूमि	बूम	धरती	زمین	بوم	بھومی
भीम	बीम	डर	خوف	بیم	بھیم
पुष्टि	पुश्ती	दृढ़ता	مضبوطی	پشتی	پشٹی
पितृ	पिदर	बाप	باپ	پدر	پتری
पंच	पंज	पांच	پانچ	پنج	پنچ
पंचदश	पांजदह	पंद्रह	پندرہ	پانزدہ	پنچدش
पदाति	प्यादः	प्रसिद्ध	معروف	پیادہ	پداتی
ताम्बूल	तम्बोल	पान	پان	تنبول	تامبول
तनु	तन	शरीर	جسم	تن	تنو
तर	तर	अधिक	زیادہ	تر	تر
युवा	जवान	प्रसिद्ध	مشہور	جوان	یووا
यव	जौ	प्रसिद्ध अन्न	غلہ معروف	جو	یو
चर्म्म	चर्म	चमड़ा	چمڑا	چرم	چرم
चंदन	चन्दन संदल	प्रसिद्ध लकड़ी	مشہور	صندل	چندن

संस्कृत शब्द	फ़ारसी अरबी शब्द	अर्थ	معنی	الفاظ عربی و فارسی	الفاظ سنسکرت
चतुर	चहार चार	संख्याविशेष	چار	چہار	چتر
खर	ख़र	गधा	گدہا	خر	کہر
शुष्क	ख़ुश्क	सूखा	سوکہا	خشک	شُشک
दाम	दाम	जालकी रस्सी	رسی جال کی	دام	دام
दन्त	दन्दां	दांत	دانت	دندان	دنت
द्वादश	दुवाज़दह	बारह संख्याविशेष	بارہ	دوازدہ	دوادش
दश	दह	दस १०	دس	دہ	دش
दीनार	दीनार	मुद्रा	معروف	دینار	دینار
दुहिता	दुख़्तर	लड़की	لڑکی	دختر	دہتا
द्वि	दो	दो २	دو	دو	دوی
दुश्मन	दुश्मन	शत्रु	معروف	دشمن	دشٹ من
ज्ञाति	ज़ात	जन्म	معروف	ذات	جاتی
रूष	रूस	देशविशेष	ملک معروف	روس	روشں
रवि	रब	ईश्वर	خدا	رب	ربی
जिव्हा	ज़बां	जीभ	عضو مشہور	زبان	جہوا
सम्वत्	सन	वर्ष	برس	سنہ	سنبت
श्वेत	सुफ़ेद	सुफेद रं०	معروف	سفید	شویت
स्वामी	सामी	श्रेष्ठ	بزرگ	سامی	سوامی
सरल	सहल	सुगम	آسان	سہل	سرل
छाया	सायाह	छांह	معروف	سایہ	چہایا
शर्कर	शकर	प्रसिद्ध	معروف	شکر	شرکر
शाक	शाक	शुबह	بشبہہ	شک	شک
शंका	शक़	भ्रम	شبہہ	شک	شنکا

संस्कृत श०	फारसी श०	अर्थ	معنی	الفاظ فارسی وغیرہ	الفاظ سنسکرت
शकुन	शुगून शुगूं	शुबन	شگن	شگن و شگون	شگن
षट्	शश	६ संख्या	چھ	شش	ششٹ
शत	सद	सौ संख्या	سو	صد	شت
शाखा	शाख	डाली	ڈالی	شاخ	شاکھا
शृगाल	शिगाल	गीदड़	گیدڑ	شغال	شرگال
शालि	शालि	धान	دھان	شالی	شالی
शिर	सिर	प्रसिद्ध	عضو معروف	سر	شر
जालम	ज़ालिम	अन्यायी	معروف	ظالم	جالم
गंधार	कंदहार	नगर प्रसि०	شہر مشہور	قندہار	گندہار
क्षीर	शीर	दूध	دودھ	شیر	کشیر
कर्पूर	काफ़ूर	प्रसिद्ध	مشہور	کافور	کرپور
कृपालु	करीम	दाता	سخی	کریم	کرپالو
कोटपाल	कोतवाल	प्रसिद्ध	[illegible]	کوتوال	کوٹپال
कृमि	किर्म	कीड़ा	کیڑا	کرم	کرمی
काम	काम	प्रयोजन	مقصد	کام	کام
कुलाल	कुलाल	कुम्हार	کمہار	کلال	کلال
कृ	करदन	करना	کرنا	کردن	کری
कर्षण	कशिश	खैंचना	کشیدگی	کشش	کرشن
खानि	कान	खान	کھان	کان	کھانی
गो	गाव	प्रसिद्ध	چارپایہ معروف	گاو	گو
गोधूम	गन्दुम	गेहूं	گیہوں	گندم	گودھوم
गोजिह्वा	गावज़बां	प्रसिद्ध	دوائے مشہور	گاوزبان	گوجھوا
लाक्षा	लक	प्रसिद्ध	لاکھ مشہور	لک	لاکشا
लव	लम्हः	सरस्या पल	پل ... کی مقدار	لمحہ	لو

संस्कृत भा॰	फारसी भा॰	अर्थ	معنی	الفاظ عربی و فارسی	الفاظ سنسکرت
मुष्टि	मुश्त	मुट्ठी	مٹھی	مشت	مشتی
महिष	मेश	भैंस	چارپایہ معروف	میش	مہش
माष	माश:	प्रसिद्ध अन्न	غلۂ معروف	ماش	ماش
मास	माह	महीना	مہینہ	ماہ	ماس
मूषक	मूश	चूहा	چوہا	موش	موشک
महत्तर	मिहतर	सर्दार	سردار	مہتر	مہت تر
मातृ	मादर	मां	ماں	مادر	ماتری
नाद	नार:	आवाज़	آواز	نعرہ	ناد
नाभि	नाफ़	प्रसिद्ध अवयव	ٹونڈی	ناف	نابھی
नील	नील	रंगविशेष	رنگ مشہور	نیل	نیل
नास्ति	नेस्त	नहीं है	نہیں ہے	نیست	ناستی
नाम	नाम	प्रसिद्ध	معروف	نام	نام
नर	नर	पुरुष	مذکر	نر	نر
नख	नाख़ुन	नुंह	نہہ	ناخن	نکھہ
नारिकेल	नारजील	नारयल	ناریل	نارجیل	ناریکیل
नव	नोह	नौ	عدد معروف	نہ	نو
नव	नौ	नया	نیا	نو	نو
सप्त	हफ्त	सात	سات	ہفت	سپت
हस्त	दस्त	हाथ	ہاتھہ	دست	ہست
सुमनस	यासमन	फूल	پھول	یاسمن	سمنس
एक	यक	एक	عدد معروف	یک	ایک
एकादश	याज़दह	ग्यार:	گیارہ	یازدہ	ایکادش

आर्यत्व प्रकाश का प्रथम भाग समाप्त हुआ दूसरा भाग नागरी और उर्दू में पृथक २ छपैगा॥

تمت

آریتو پرکاش کا حصہ اول تمام ہوا حصہ دوم ناگری میں علیحدہ اور اردو میں علیحدہ مطبوع ہوگا۔

مشتی نمونہ خروار

دیانند سرسوتی نے جو رگ وید وغیرہ کی بھاشیہ بھومیکا مین لکھا ہے کہ
۱۹۶۰۸۵۲۹۷۶ سال اس سرشٹی اور ویدون کی پیدائش کو گذرے ہین اور
۲۳۳۳۲۲۷۰۲۴ سال اس سرشٹی کے باقی رہے ہین اونکا یہ لکھنا محض غلط ہے
دیکھو اونھون نے لکھا ہے کہ چارون یوگون کے ۴۳۲۰۰۰۰ سال ہوتے ہین
اور ایک ہزار چتریوگیون کا براہم دن ہوتا ہے ایک سرشٹی کو ہزار چتریوگی تک پرمیشور قایم
رکھتا ہے تو خیال کرو کہ ہزار چترپوگی کے ۴۳۲۰۰۰۰۰۰۰ سال ہوے یعنی ایک
سرشٹی کا ۴۳۲۰۰۰۰۰۰۰ سال تک قایم رہنا ثابت ہوا۔ اب دیکھو کہ سوامی جی نے
۱۹۶۰۸۵۲۹۷۶ سال سرشٹی کی پیدایش کو گذرے لکھے اور ۲۳۳۳۲۲۷۰۲۴
سال سرشٹی کے باقی رہے بیان کئے دونون کی میزان کی تو ۴۲۹۴۰۸۰۰۰۰ ہوے
بدین حساب ۴۳۲۰۰۰۰۰۰۰ زمانہ مذکورہ سرشٹی مین ۲۵۹۲۰۰۰۰ سال کی کمی
رہی اس غلطی کی تحقیقات اسطرح بھی ہوسکتی ہے کہ جب ایک سرشٹی ہزار چترپوگی تک
قایم رہتی ہے اور بقول سوامی جی کے ایک منونتر اے چترپوگی
کا ہوتا ہے تو ۱۴ منونتر کی ۹۹۴ چترپوگی ہوئین چھ چترپوگی
کا حساب کہ جسکے ۲۵۹۲۰۰۰۰ سال ہوتے ہین
سوامی جی سراسر بھول گئے سوامی جی کی
اتحریر پر اور بھی چند اعتراض عاید
ہوتے ہین اہل انصاف بغور
ملاحظہ فرماوین

—

دل لگے اور برے کامون سے بچین تیسرا اعتراض لڑکیون کو گہر کا کام سیکہنا ہی مناسب ہے اگر وے پڑہنے لکہنے مین مشغول رہینگی تو گہر کے کاروبار مین ہرج واقع ہوگا لہذا تعلیم نسوان ضروری نہین ہے **جواب** پڑہنا گہر کے کام سیکہنے کا ہارج نہین ہے لڑکیون کو چاہیے کہ پڑہین بہی اور گہر کا کام بہی سیکہین پڑہنے سے گہر کے کام مین بہی ترقی ہوسکتی ہے کیونکہ علم سے ہر ایک کام کو مدد پہونچتی ہے مثلا خوانده اور ناخوانده دو آدمی ایک ہی کام کو کرین تو بہر کیف خوانده آدمی کا کام ناخوانده کے کام سے عمده ہوگا۔

چوتہا اعتراض اگر لڑکیان علم پڑہینگی تو اونکو غرور ہوجاویگا گہر کے کام سے ہزار کوس بہاگینگی پس نبہاه مشکل ہوگا۔ **جواب** ودیا پڑہنے سے تو غرور دور ہوجاتا ہے اور کما حقہ تہذیب کا ظہور ہوتا ہے علاوه اسکے تحصیل علم کرنے والے لوگ بڑے محنتی اور جفاکش ہوتے ہین اگر لڑکیان علم پڑہینگی تو غرور کو ترک کرکے اپنے گہر کا کام محنت کے ساتہہ کرینگی اگر علم پڑہنے کا نتیجہ تکبر و غرور ہی ہے تو مردون کو بہی علم سے دور رہنا چاہیے اور لڑکون کی تعلیم بہی مناسب نہین ہے کہ علم پڑہکر مغرور و متکبر ہوجاینگے فقط غرض تعلیم نسوان کے باره مین لوگ اسی قسم کے اعتراض کیا کرتے ہین چونکہ وے رسائل متذکره اوله مین بالکل مندرج ہین لہذا یہان اونکی تشریح کی چندان ضرورت نہین ہے۔ ✣

حصہ دوم آریتو پرکاش تمام ہوا اور اہل انصاف کی رای مین

منتہی الکلام ہوا

فقط

سودر کی یونی یا چنڈال کی یونی فقط دیکھو اس شرتی مین ہیشیہ کو پوتر یونی شمار کیا ہے اور پاپ یونی صرف چنڈال کو قرار دیا ہے اس سے جانا گیا کہ شودر اور براہمن وغیرہ کی عورتین بھی پوتر یونی ہی ہین پاپ یونی فقط چنڈال ہین یا اونکی مانند جس کسی کے اعمال ہین پس گیتا کے شلوک کا ارتھ اوپنشد کی موافق کرنا چاہیے یہان سے واضح ہے کہ جو لوگ تعلیم نسوان پر اعتراض کرتے ہین وے حق سے اعراض کرتے ہین لہذا اب ہم اونکے بعض اعتراض نقل کرکے جواب دیتے ہین پہلا **اعتراض** عورتون کو پڑھنا نچاہیے کہ وید اور اتہاس و پران وغیرہ مین کوئی عورت پڑھی ہوئی نہین سنی جاتی **جواب** بہت عورتین پڑھی لکھی گذری ہین جنکا وید کے براہمنون اور اتہاس وغیرہ مین ذکر ہے جیسے گارگی اور میتری اور ساوتری اور دیوہوتی اور سرسوتی اور پاروتی اور سیتا اور سلبھا اور اہلیا اور انوسویا اور دیوکی اور مدالسا اور دروپدی اور کنتی اور ارندھتی اور سوبھدرا وغیرہ دوسرا **اعتراض** پڑھنا لکھنا واسطے روزگار کرنے کے ہے لڑکیون کو پڑھا کر کیا اون سے روزگار کرانا اور اونکی کمائی کھانی ہے **جواب** پڑھنا لکھنا صرف روزگار ہی کے لئے نہین ہے بلکہ دہرم اور برہم کے گیان کے واسطے ہے کیونکہ حق شناسی فقط علم پر منحصر ہے اگر تحصیل علم روزگار ہی کے لئے ہوتی تو امیر و زمیندار حتی کہ راجا اور بادشاہ کس واسطے نوشت و خواند کی مشقت مین پڑتے علاوہ اسکے دنیا کے کامون کی درستی بھی علم ہی سے ہے خواندہ لوگ دستکاریون مین علم کے زور سے طرح طرح کی ترقی کرتے ہین سوا اسکے کتنے ہی بوڑھے اور لڑے اور اندھے وغیرہ بھی پڑھتے ہین جنکو روزگار کرنے کی خواب مین بھی امید نہین ہے اسیطرح اکثر سپاہی اور اہل حرفہ و پیشہ جیسے آہنگر و درزی وغیرہ نوشت و خواند مین طبیعت آزماتے ہین کہ فوائد دنیا و آخرت سے بہرہ ور ہوویں قطع نظر اس سے کتابین بھی طرح طرح کی ہین لڑکیون کو وہی کتابین پڑھاؤ جنسے دہرم کا گیان ہووے اور پرماتما کی طرف

ترجمہ عورتیں دو طرح کی ہیں ایک (برہم بادنی) دوسری (ستدیو ودہو) اون دونوں قسم کی عورتوں میں سے برہم بادنیوں کو اوپنین یعنی زنار بندی اور اگنی ہوتر اور وید پڑھنا وغیرہ چاہیے اور دوسری قسم کی عورتوں کا اوپنین کرکے بیاہ کرنا مناسب ہے فقط یم رشی نے ہی خبر دی ہے کہ ایام سابق میں اس حکم پر عملدرآمد ہوتا رہا یم رشی کا وہ قول یہ ہے

पुराकल्पेषु नारीणां मौंजीबंधनमिष्यते अध्यापनंच
वेदानां सावित्री वचनं तथा ॥ ९॥

ترجمہ پہلے زمانہ میں عورتوں کا یگیوپویت کرتے تھے اور اونکو وید پڑھاتے تھے اور گایتری منتر سکھاتے تھے فقط آجکل کے مصنف جیسے دھرم سندھو وغیرہ کی کرتا جو کہتے ہیں کہ اس قسم کے قولوں کا منشا یہ ہے کہ اور یگیوں میں عورتوں کے لیے یگیوپویت وغیرہ جائز تھا کلی یگ میں روا نہیں ہے وہ محض غلط ہے کیونکہ ان اقوال میں کسی یگ کی خصوصیت کے معنی کا کوئی لفظ نہیں پایا جاتا بلکہ ابد الآباد کے واسطے یگیوپویت کی اجازت دی گئی ہے پس کلی یگ کی عورتوں نے کیا خطا کی کہ اس نعمت سے محروم رہیں لاکلام اسیطرح کے جملہ مسائل بے اصل متعصبین نے ایجاد کئے ہیں اسیطرح جو کوئی بیشیہ وغیرہ کو پاپ یونی کہتا ہے وہ جھوٹوں کا جھوٹا ہے کہ اوسکی گفتگو چھاندوگیہ اپنشد کے خلاف ہے چھاندوگیہ اپنشد کی وہ شرتی یہ ہے

तद्य इह रमणीयचरणा अभ्याशो ह यत्ते रमणीयां योनिमाप
द्येरन्ब्राह्मणयोनिं वा क्षत्रिययोनिं वा वैश्ययोनिं वा अथ य
इह कपूयचरणा अभ्याशो ह यत्ते कपूयां योनिमापद्येरन्
श्वयोनिं वा सूकरयोनिं वा चंडालयोनिं वा ॥७॥

ترجمہ نیک کام کرنے والوں کو اچھی یونی ملتی ہے جیسے براہمن کی یونی یا کشتری کی یونی یا بیشیہ کی یونی اور بد کام کرنے والوں کو بری یونی ملجاتی ہے جیسے کتے کی یونی یا

دہرموں مین راجا سے کسطرح بحث کی کہ یہہ بحث وید اور اونپشدہی کے
گیان پر موقوف و منحصر ہے اسیطرح راج دہرم کے چودہوین ادہیاے مین ہے
کہ دروپدی نے راجا یدہشٹہر کو دہرم کا اوپدیش کیا اوسی جگہہ دروپدی کی صفت
وثنا مین یہہ الفاظ واقع ہین۔

धर्मज्ञा धर्मदर्शिनी

یعنی دروپدی دہرم کی جاننے والی بلکہ دہرم کی دیکہنے والی ہے یعنی گویا دروپدی
نے دہرم کو بچشم سر دیکہہ لیا غرض یہ ہے کہ حقیقت دہرم سے کما حقہ واقف ہے
اور یہہ وید کے جاننے پر موقوف ہے کہ سارے دہرموں کی مول وید ہے اور بس
اسیطرح اودیوگ پرب کے ایک سو تینتیسوین ادہیاے مین ہے کہ ایک عورت بدولا
نام نے اپنے بیٹے کو راج دہرموں کا اوپدیش کیا اور یہہ کام پڑہی لکہی شاستر جاننے والی
کا ہے کپل رشی نے جو کہ سانکہہ شاستر کے کرتا ہین اپنی ماں دیوہوتی کو برہم ودیا اپدیش
کی اور برہم ودیا عین وید اور اونپشد ہی اگر عورت کیلئے وید وغیرہ کی ممانعت ہوتی تو کپل رشی کسواسطے
دیدہ و دانستہ مخالف حق مین پڑتے پس معلوم ہوا کہ اس قسم کی اکثر باتین متعصب
لوگون کی تراشی ہوئی ہین سوال جبکہ عورت کے لئے وید کا پڑہنا روا ہے تو چاہئے
کہ یگیوپویت یعنی زنار بندی بہی عورت کے واسطے جایز ہووے حالانکہ گیتا کو ادہیاے
نہم مین عورت اور ویش اور شودر کو پاپ یونی کہا ہے جواب بلا شبہ عورت کے لئے
یگیوپویت جایز ہے اور بہارت ورش تک اوسپر عمل رہا ہے من بعد غفلت و ناواقفی سے متروک
کر بیٹہے ہین آجتک اوسی مدہوشی مین پڑے ہین چنانچہ ہاریت رشی کی سمرتی مین ہے۔

द्विविधा स्त्रियो ब्रह्मवादिन्यो सद्योवध्वश्च तत्र ब्रह्मवादिनी
नामुपनयनमग्नीन्धनं वेदाध्ययनं स्वगृहे भैक्ष्यचर्य्येति स
द्योवधूनामुपनयनं कृत्वा विवाहः कार्य्य इति ॥

ستھان پرمان سے ثابت ہے کہ واو بمعنی واسطے کے ہے اور عربی مین واسطے
کے لئے لام مستعمل ہے لہذا ہم کہہ سکتے ہین کہ قران کے اول مین (الم) ترجمہ
اوم ہے - مہابھارت کے موکش دہرم کے ادہیاے ۵۴۱ مین ہے کہ ایک
عورت سلبھا نام سنیاسنی جو کہ پردہان نام راج رشی کے خاندان مین تھی موکش
کے دہرمون مین راجا جنک کا امتحان کرنے کے لئے اوسکے پاس گئی برہم ودیا
کے مباحثہ مین راجا پر غالب آئی اور آخر کار اوسکو تتو کا اوپدیش کیا مہابھارت مین
اس مضمون کا شروع شلوک ہذا سے ہے -

अत्राप्युदाहरंतीममितिहासं पुरातनं जनकस्य च संवादं सुल
भायाश्चभारत ॥१॥

غرض یہ ہے کہ راجا یدہشٹہر نے بہشم پتامہ سے سوال کیا تہا کہ گرہستہا شرم کے
بغیر ترک کیے ہوئے بہی کسی نے موکش حاصل کی ہے اس مطلب کی تشریح کیجے
اسواسطے بہیشم نے راجا جنک اور سلبھا عورت کے مباحثہ کی تفسیر کی یہان سے
ثابت ہے کہ وہ وید اور اونپشد سے بخوبی واقف تہی وگرنہ اوسنے برہم ودیا مین
راجا سے کسطرح بحث کی اور کیونکر اوسکو تتو کا اوپدیش کیا یہہ کام وید خوان اور اونپشد
دان کا ہے دوسرے کا ہرگز نہین اور سلبھا کی کتہا سے یہ بہی ثابت ہے کہ عورت کو سنیاس
کا بہی ادہکار ہے کہ وہ سنیاسنی تہی اگر عورت کے لئے سنیاس کا حکم نہین ہے تو
اوسوقت کے سنیاسیون نے اوسکو کسواسطے سنیاس دیا تہا پہر شانتی پرب کے
راج دہرم کے ادہیاے اٹھارہوین مین ہے کہ جسوقت راجا جنک سنیاسی ہونے
پر آمادہ ہوا تو اوسکی عورت نے راجا سے موکش دہرمون مین مباحثہ کر کے اوس ارادہ
سے راجا کو باز رکہا اگر وہ عورت وید اور اونپشد نہ پڑہی تہی تو اوس نے موکش

ان دونون مین سے میتری برہم بادنی تہی فقط اب غور کرو کہ لغت سنسکرت مین لفظ
برہم کے دو معنی ہین ایک وید دوسرے پرماتما پس برہم بادنی کے معنی ہوے وید کی
کہنے والی یا پرماتما کی کہنے والی بر تقدیر اول ہمارا مطلب بخوبی حاصل ہے کہ یاگیو
لکیہ کی ایک زوجہ جسکا نام میتری ہے وید کا بیاکہیان دینے والی اور اوپدیش کرنے
والی تہی غرض یہہ ہے کہ وید کا پڑہنا تو ایک جانب رہا وہ وید کی پڑہانے والی اور
سنانے والی تہی اگر پڑہنے ہی پر منحصر ہے تو پڑہانا بدون پڑہنے کے ناممکن ہے
کیونکہ جو کوئی پڑہیگا وہی پڑہائیگا پس پڑہنا خود ثابت ہوگیا حاصل تقریر یہہ ہے
کہ برہدارنہ اوپنشد سے جو کہ یجر وید کے براہمن شت پتہہ کا ایک پارہ ہے واضح و آشکارا
ہے کہ یاگیولکیہ رشی کی عورت خود وید پڑہی تہی اور دوسرون کو پڑہاتی تہی بر تقدیر
دوم بہی ہمارا مقصود کہین نہین گیا ہے کہ پرماتما کی ذات و صفات کا بیان کرنا اور
بیاکہیان دینا بغیر علم وید کے ممتنع و محال ہے کیونکہ وید اور اوپنشدین مین کما حقہ پرماتما
کی تفسیر و تشریح ہے دوسری کتاب مین ہرگز نہین اگر کسی کتاب مین کوئی بات آگئی
ہے تو وہ وید سے ماخوذ ہے جیسے قران کے اول مین الم ہے اگرچہ اسوقت کے مسلمانون
کو مطلق خبر نہین ہے کہ ان حروف سے کیا غرض ہے اسواسطے اونکو متشابہات
مین داخل کر کے کہتے ہین کہ انکے معنی خدا ہی جانتا ہے ولیکن ہماری دانست مین
ان حروف سے اوم مراد ہے کیونکہ اوم (الف و میم و واو) ان تین حروف سے
مرکب ہے الف سے مراد پرماتما ہے اور میم سے مقصود جیو ہے اور واو بمعنی واسطے
کے ہے کہ پرماتما اور جیو کے درمیان جو تعلق ہے اوسکو ظاہر کرتا ہے یعنی جیو واسطے
پرماتما کے ہے یعنی اوسکی اوپاسنا اور عبادت کے لئے ہے یہہ ہی اوم کے معنی ہین
اور بس کسی رسالہ مین اس مضمون کی تشریح کیجاوے گی پس صاحب قران نے الف
و میم کو بجنسہ قایم رکہا مگر واو کا ترجمہ لام کر دیا کیونکہ سنسکرت مین تو رب ہیمان اسکے

کرنے یعنی بیاپک ہونے سے پرش کہتے ہین اور جیو آتما کا نام پرش اس سبب سے ہے کہ پوری یعنی جسم مین نشین کرتا ہے یعنی بود و باش رکہتا ہے دیکہو ویدا اور اوپنشد کی لیاقت و نمیت اور تذکیر و تانیث پر موقوف نہین ہے بلکہ چیت کی شانتی اور شم وغیرہ صفات پر محصور ہے پس جو کوئی کہتا ہے کہ عورت کے لئے وید منع ہے اوسکا کلام تعصب سے خالی نہین ہے اب ہم برہدارنہ اوپنشد کی وے شرتیان نقل کرتے ہین جن کو یاگولکیہ رشی نے گارگی عورت کے واسطے تعلیم کیا تہا۔

एतस्यवाक्षरस्य प्रशासने गार्गि सूर्या चन्द्रमसौ विधृतौ तिष्ठत: ॥

یعنی اے گارگی اس لازوال پرمیشور کے حکم مین آفتاب و ماہ رکے ہوئے موجود ہین فقط

एतस्य वाक्षरस्य प्रशासने गार्गि द्यावा पृथिव्यौ विधृते तिष्ठत: ॥

یعنی اے گارگی اس لازوال پرماتما کے حکم مین زمین و آسمان رکے ہوئے موجود ہین فقط

एतस्य वाक्षरस्य प्रशासने गार्गि निमेषा मुहूर्त्ता अहोरात्राण्यर्द्धमासा मासा ऋतवः संवत्सरा इति विधृतास्तिष्ठन्ति ॥

یعنی اے گارگی اس لازوال پرمیشور کے حکم مین پل مہورت یعنی دو گہری رات دن آدہا مہینا مہینا رتو سال یہ کل رکے ہوئے موجود ہین فقط اس قسم کی بہت شرتیان یاگیولکیہ رشی نے (بچکنو) کی بیٹی گارگی کو اوپدیش کین ہمنے بطور نمونہ کے تین ہی شرتیون پر اکتفا کیا اگر عورت کے لئے وید منع ہوتا تو کیونکر یاگیولکیہ رشی گارگی کو عین وید اور اوپنشد کے مضامین تعلیم کرتے اس سے معلوم ہوا کہ وید کی تعلیم کے سب مستحق ہین بشرطیکہ شانتی وغیرہ رکہتے ہووین یہہ برہدارنہ اوپنشد مین ہے۔

अथ ह याज्ञवल्क्यस्य द्वे भार्य्ये बभूवतुर्मैत्रेयी च कात्यायनी च तयोर्ह मैत्रेयी ब्रह्मवादिनी बभूव ॥

یعنی یاگیولکیہ رشی کے دو زوجہ تہین ایک کا نام میتری ہے اور دوسرے کا نام کاتیاینی

تعلیم کرنا ضروریات و واجبات سے ہے اور جو عورت بلکہ مرد بھی ایسا نہیں ہے اوسکے
لیئے اوپدیش وید اور اوپنشد کا ممنوع ہے اس قسم کے مرد اور عورتون کے لیئے رشی او
منیون کی بنائی سمرتی اور اتہاس وغیرہ پڑہانے مناسب ہین جب تک کہ اونکو اعتقاد
ولیاقت سے بہرہ وری ہووے اسیواسطے منڈک اوپنشد مین لکہا ہے کہ برہم گیان
کے اوپدیش کی لایق وہ شخص ہے کہ جسنے چت کو قابو مین کیا ہووے اور شم رکہتا
ہووے وہ شرتی یہ ہے۔

तद्विज्ञानार्थंसगुरुमेवाभिगच्छेत्समित्पाणिः श्रोत्रियं ब्र
ह्मनिष्ठं ॥१२॥

तस्मैसविद्वानुपसन्नायसम्यक्प्रशान्तचित्तायशमान्वि
ताययेनाक्षरंपुरुषंवेदसत्यंप्रोवाचतांतत्त्वतो ब्रह्मविद्यां
॥१३॥

یعنی برہم گیان کا طالب اپنی حیثیت کی موافق ہاتہہ مین پیشکش و نذر لیکر گورو کے پاس
جاوے کہ وید اور ویدانت پڑہا ہووے اور پرماتما پر پورا اعتقاد رکہتا ہووے وہ برہم کا
جاننے والا گورو نزدیک آئے ہوئے اور پرشانت چت اور شم والے شاگرد
کے لیئے کماحقہ برہم ودیا اور برہم کا گیان اوپدیش کرے جس ودیا اور گیان سے
وہ لازوال برحق پرش جانا جاوے فقط (پرشانت چت) اوسکو کہتے ہین کہ جسنے
انتہ کرن یعنی حواس باطنی کو قابو مین کیا ہووے (شم والا) وہ شخص ہے کہ
جسکے حواس ظاہری بس مین ہودین غرضکہ واسطے تعلیم برہم ودیا اور برہم گیان
کے کہ عین وید اور اوپنشد ہین وہ انسان لایق و سزاوار ہے کہ جس نے حواس باطنی
اور ظاہری کو قابو مین کیا ہووے شنکراچاریہ نے اس شرتی کے بہاشیہ مین
لکہا ہے کہ پرشانت چت وہ شخص ہے کہ جو غرور و تکبر و غصہ وغیرہ صفات ذمیمہ سے
منزہ ہووے پرماتما کو پورن ہونے اور پوری یعنی کل موجودات مین شیین

پہر دیکہو یجروید کے سوتر مین جنکو شروتر سوتر کہتے ہین لکہاہے کہ یگیہ کرنیوالا اپنی عورت کو وید کی پہتک دیکر پڑہوائے جب تک کہ ایسا نہ کریگا اوسکا یگیہ تکمیل کو نہ پہونچیگا وہ سوتر یہ ہے

वेदं पत्न्यै प्रदाय वाचयेत्

یعنی وید اپنی عورت کو دیکر پڑہوادے فقط اب مقام غور ہے کہ اگر عورت کو وید کا اوہکار نہین ہے تو اس حکم کی تعمیل کیونکر ہوگی اس سے جانا گیا کہ وید مرد و زن و براہمن و شودر وغیرہ سب کے لیئے ہے اگر مرد کی تخصیص ہوگی تو تکمیل یگیہ تا ابدالاباد دشوار ہوگی کیونکہ جب تک یگیہ کرنے والا اپنی زوجہ سے وید نہ پڑہوا ویگا اوسکا یگیہ کامل نہ ہوگا پس جنہون نے کہ عورت کے لیئے وید پڑہنے کی ممانعت کی وہ یگیہ مین کہ عبادت خاص ہے خلل انداز ہوئے برہدارنیہ اوپنشد مین ہے کہ ایک عورت گارگی نام بچکنو کی بیٹی نے یاگیولکیہ رشی سے سوال کئے اور یاگیولکیہ نے اوسکے سوالون کے برابر جواب دئے اور وے سوال و جواب خود برہدارنیہ اوپنشد مین منقول ہین اور برہدارنیہ اوپنشد یجر وید کے شتپتہہ براہمن مین داخل ہے اور جو لوگ کہ عورت کے لیئے وید پڑہنے کی ممانعت کرتے ہین اونکی راے مین شتپتہہ براہمن عین وید ہے چنانچہ اون لوگون کا قول ہے کہ

मंत्रब्राह्मणात्मकत्वं वेदत्वं

یعنی سنہتا اور براہمن دونون کا نام وید ہے فقط افسوس ہے ان لوگون کے تعصب اور بے انصافی پر کہ جس صورت مین انکے عقیدہ کی موافق عورت کے سوالات اور اونکے جواب خود وید مین نقل ہین تو کیونکر کہتے ہین کہ عورت کے واسطے وید پڑہنا جایز نہین ہے جبکہ گارگی نے یاگیولکیہ رشی سے سوال کئے تو اونہون نے عین وید اور براہمن اور اوپنشد کے مضمون و مفہوم اوسکو تعلیم دئے اگر عورت کے لیے وید کی ممانعت ہوتی یاگیولکیہ ایسا ہرگز نہ کرتے پس معلوم ہوا کہ عورت کے واسطے بہی وید منع نہین ہے مگر لیاقت و اعتقاد شرط ہے یعنی جو عورت کہ معتقد وید اور اوسکے اوپدیش کی لایق سمجہی جاوے لاکلام اوسکو وید کی

کی صورت مین لفظ (نشادستہ تہہتی) کے وہی معنی ہین کہ جو نشاو اپنی قوم کا سردار ورمئیس ہووے اور اوسکو اوتنے وید کی کہ جسقدر رنگمیہ مین پڑہایا جاوے اجازت دیگئی ہے پس یہہ قول کہ شودر اور عورت کو وید پڑہنے کا اوہکار نہین ہے لایق اعتماد واعتبار نہین ہے سبہا پرب کے اوہیایے پنجانش مین ہے کہ جو کچہ اندر دیوتانے اپنے گوروسے پڑہاتہا بدر اوس سب کو جانتا ہے چنانچہ۔

देवर्षिर्वासवगुरुर्देवराजाय धीमते यत्प्राह शास्त्रं भगवान्
बृहस्पतिरुदारधीः तद्वेद विदुरः सर्वं सरहस्यं महाकविः ५

یعنی بڑے عقلمند اندر کے گورو دیوتون کے رشی برہسپتی نے جو کچہ شاستر دیوتون کے راجا اندر کو پڑہایا اوس سب کو معہ پوشیدہ باتون کے بڑے پنڈت بدرجی جانتے ہین فقط غرضکہ جو کچہ اندر دیوتانے اپنے گورو برہسپتی سے پڑہا تہا اوس تمام سے بدرجی بھی خبردار تہے حالانکہ بدرجی شودر تہے اگر اندر دیوتا وید اور شاستر پڑہا ہے تو بیشک بدر بھی پڑہا تہا حالانکہ شودر تہا پس جو کوئی کہتا ہے کہ شودر کے لیئے وید کا اوہکار نہین ہے وہ حقیقت حال سے خبردار نہین ہے اسیطرح بن پرب کے اوہیایے دوسو پانچ سے لیکر دوسو پندرہ تک مذکور ہے کہ کوشک رشی دہرم بیادہ کے پاس گیان لینے گیا جو کہ شودر سے بھی نیچ تہا اور دہرم بیادہ نے اوسکو گیان اوپدیش کیا اور درمیان اوپدیش کے دہرم بیادہ نے جابجا وید کی شرتون کے حوالے دیے کہ وید مین ایسا لکہا ہے آخرکار کوشک رشی نے کہا کہ شودر سناتن دہرم سے واقف ہووے یہہ بات دشوار ہے اسواسطے مین تجہکو براہمن جانتا ہون فقط ہم کہتے ہین کہ اگر دہرم بیادہ وید نہ پڑہا تہا تو کیونکر وید کے دہرم کا آچار یہ بن بیٹہا اور کس طرح اوس نے کوشک رشی کو سارے وید کا خلاصہ تعلیم کیا اور کسواسطے کوشک نے اوس کو اپنا گورو تسلیم کیا اس سے یہی لازم آیا کہ وید و دنیا کے سب مستحق ہین

گیان ہی کا ذکر چلا آتا ہے چنانچہ اس سے پہلا یہہ شلوک ہے۔

ज्ञानान्मोक्षोजायते राजसिंह नास्त्यज्ञानादेवमाहुर्नरेन्द्रसम्य
ग्ज्ञानं तत्वतोन्वेषितव्यं येनात्मानं मोक्षयेज्जन्ममृत्योः ८७

یعنی اے راجون مین جوانمرد اور انسانون مین سردار گیان سے موکش ہوتی ہے اگیان سے نہین اسیطرح رشی اور منی کہتے ہین لہذا اصلیت کے ساتھہ گیان کو تلاش کرنا مناسب ہے جسکے وسیلہ سے آتما یعنی جیو جنم لینے اور مرنے سے رہائی پاسے فقط مخفی نرہے کہ شلوک مذکورۂ بالا مین لفظ نیچ سے مراد چانڈال ہے پس جبکہ چانڈال سے بھی گیان لینے کا حکم ہے تو خود ثابت ہوگیا کہ سب کو وید پڑھنے بلکہ پڑھانے کا بھی ادھکار ہے اگرچہ چانڈال وغیرہ وید اور اوپنشد نہ پڑہینگے تو وے دوسرون کو کیونکر آتم گیان کا اوپدیش کرین گے اور آتم گیان وید اور اوپنشد کے سواے دوسری جگہہ سے اصلا حاصل نہین ہوسکتا پس اکثر لوگ جو کہتے ہین کہ عورت اور شودر وغیرہ کو وید منع ہے وہ محض غلط ہے کیونکہ نشاد کے لئے کہ چانڈال کی قسم سے ہے رگ وید کے براہمن کی شرتی مین وید کا ادہکار لکہا ہے وہ شرتی یہہ ہے۔۔

॥ निषादस्थपतिं याजयेत् ॥

یعنی اوس نشاد کو کہ جو اپنی قوم کا رئیس و سردار ہووے یگیہ کرانا چاہئے فقط او یگیہ وہی کرسکتا ہے کہ جو وید پڑہا ہووے کیونکہ یگیہ کرنے کے وقت وید کی بعض شرتیون کی تلاوت واجبات سے ہے لہذا بدون وید پاٹھہ کے یگیہ کرنا ناممکن ہے اگرچہ شرتی مذکورہ کے یہہ معنی بھی ہوسکتے ہین کہ نشادون کے سردار و رئیس کو کہ دو جاتیون مین سے ہووے یگیہ کرانا چاہئے اور یہہ معنی اوس صورت مین ہین کہ لفظ (نشاد ستھپتی) تتپورش سماس تسلیم کیا جاوے مگر نیاے شاستر کے بڑے بڑے آچاریون نے تتپورش سماس کو رد کرکے (کرم دہاریہ) سماس ہی اختیار کیا ہے اور (کرم دہاریہ) سماس

ٹہیرایا ہے کہ جو جو پدارتھہ پرمیشور سے پرکاشت ہوئے ہین سو سو سب کے اوپکار کے لئے ہین) وہ محض غلط ہے کہ بہت سی مخلوق ایسی ہین کہ اون سے کسی کا فایدہ متصور نہین ہے بلکہ اکثر جاندار کے حق مین باعث نقصان وزیان ہین جیسے شیر و گرگ وغیرہ اب سوامی جی اور اونکے پیرو لوگ جواب دیوین کہ شیر کس کے لئے فائدہ مند ہے اور گرگ سے کون خرسند ہے چونکہ ہمارا اعتقاد یہہ ہے کہ وید کا سب کے لئے ادہکار ہے لہذا دیانند سرسوتی کے رد مین زیادہ گفتگو نہین کرتے مطلب اصلی کی طرف متوجہ ہوتے ہین منوسمرتی کے دوسرے ادہیاے مین ہے ۔

अन्त्यादपि परं धर्मं

یعنی پرم دہرم کو چانڈال سے بھی سیکھہ لے فقط پرم دہرم سے مراد مکتی کا اوپای آتم گیان ہے اور آتم گیان وید اور اوپنشد سے ہی ہوسکتا ہے دوسری کتاب سے ہرگز نہین پس جبتک کہ چانڈال وید اور اوپنشد کو نہ پڑہیگا تو آتم گیان سے کسطرح بہرہ ور ہوگا اور براہمن وغیرہ دوسرا شخص اوس سے کیونکر آتم گیان کا اوپدیش لے سکیگا۔ اس سے جانا گیا کہ چانڈال تک کو بھی وید اور اوپنشد کا ادہکار ہے شودر وغیرہ کا تو کیا ذکر ہے یہہ ہی مطلب شانتی پرب کے ادہیاے ایک سو چوالیس مین ہے ۔

प्राप्यं ज्ञानं ब्राह्मणात् क्षत्रियाद्वा वैश्याच्छूद्रादपि नीचादभीक्ष्णं श्रद्धातव्यं श्रद्दधानेन नित्यं न श्रद्धिनं जन्ममृत्यू विशेतां ॥ ८८ ॥

یعنی براہمن و کشتریہ و ویشیہ و شودر اور نیچ سے بھی گیان پاکر شردہا والے کو چاہئے کہ گیان مین شردہا کرنی چاہئے کہ شردہا کرنے والے پر جنم لینا اور مرنا تصرف نہین کرتے یعنی جو کوئی گیان مین شردہا کرتا ہے وہ نہ جنم لیتا ہے نہ مرتا ہے یعنی وہ اجر اور امر ہے ایسا گیان سواے آتم گیان کے نہین ہوسکتا لہذا یہان گیان سے آتم گیان مراد ہے کیونکہ شانتی پرب مین جہان یہہ شلوک واقع ہے وہان اوپر سے موکش کے ذریعہ آتم

لفظ (یا رن) کہ سنسکرت مین غیر مرکب مستعمل ہے اوسکے معنی اتی شودر کے نہین ہین بلکہ لوگون کی صفت وثنا بیان کرکے اوقات بسر کرنے والے کو کہتے ہین جیسے بہاٹ وغیرہ دیانند سرسوتی سے اس شرتی کی معنی مین اور بہی چند غلطیان سرزد ہوئی ہین تفصیل اونکی کسی مقام پر کیجاویگی اب چاہئے جاننا کہ لفظ (رانا می) کے بعد کلمہ (تتہا) محذوف ہے کہ زبان سنسکرت مین قاعدہ ہے کہ اگر کہین لفظ (یتہا) واقع ہووے تو اوسکے مقابلہ مین (تتہا) بہی بالضرور آتا ہے خواہ لفظاً ہووے خواہ معنیً یہان لفظاً نہین ہے تا معنی مین ملحوظ ہے لفظ (دکشنا) مین جیتر ہی شتتی کے ارتہہ مین ہے اور لفظ (دانو) اگرچہ مفرد ہے مگر اوس سے دینیوالون کی جماعت مراد ہے یہہ ساری باتین ہمنے متقدمین کی تحقیقات سے نقل کی ہین دیانند سرسوتی کو کچہہ بہی معلوم نہین کہ معاملہ کیا ہے اور کونسا لفظ کس معنی مین مستعمل کیا گیا ہے اب ہم شرتی مذکورہ کی تفسیر کا خلاصہ از سر نو پیش کرتے ہین پرماتما کہتا ہے کہ اے لوگو جسطرح مین نے وید کا اوپدیش کیا ہے اوسیطرح تم بہی وید کو پڑہکر براہمن کشتری ویشیہ شودر دوست دشمن وغیرہ کل انسان کو پڑہاؤ اور سناؤ کہ وید ایسی بانی ہے کہ سب ہمیشہ واسطے بہلائیان کرنے والی ہے کسی کے لیے ترجیح وتخصیص نہین ہے پس جو لوگ کہ کہتے ہین کہ تعلیم وید صرف دو تین جاتیون یعنی براہمن کشتری ویشیہ کے لیے ہے دوسرے کیواسطے نہین ہے وے اہل تعصب ہین باقی شرتی کی تفسیر اسطرح پر ہے کہ پرمیشور کہتا ہے کہ جیسے مین وید کا اوپدیش کرکے وید پڑہانے والون اور وید پڑہنے والون کا پیارا ہو رہا ہون ایسے ہی تم لوگ بہی طرفداری چہوڑکر درس وتدریس وید کے ذریعہ سے سب لوگون کے عزیز ہو تاکہ دنیا مین وید رواج پاوے اور سب لوگون کو وید کی ودیا آجاوے اس مسئلہ مین ہمارا اور دیانند سرسوتی کا اتفاق ہے مگر اونہون نے بہو میکا کے صفحہ ۳۱۰ تین سو دس اور گیارہ مین اسی مسئلہ کے بارہ مین جو یہہ کلمہ

کی تخصیص و ترجیح نہین ہے کیونکہ وید پرمیشور کی ستایش وگیان ہے اور پرمیشور کے گیان
و تمام مین سب کو اوپکار ہے کہ کل لوگ دنیا و عقبی مین بہلائی حاصل کرنے کے لیے کوشش کرین
اور پرمیشور کو جانکر اپنے دہرم و کرم مین مشغول رہین چنانچہ یجروید[26] کے چہبیسوین ادہیاے
کی دوسری شرتی ہے ۔

यथेमांवाचंकल्याणीमावदानिजनेभ्यः ब्रह्मराज न्याभ्यां
शूद्राय चार्याय च स्वाय चारणाय प्रियोदेवानां दक्षिणा
यैदातुरिह भूयासमयं मे कामः समृध्यतामुपमादोनमतु
॥२॥

یعنی پرماتما کہتا ہے کہ جیسے یہہ کلیان کرنے والی بانی یعنی وید اقدس سب لوگون کے
لیے مین کہتا ہون براہمن اور کشتریون کے لئے اور شودر کے لیے اور ویشیہ کے لیے
اور اپنے لیے یعنی جو لوگ کہ پرمیشور کو دوست رکہتے ہین اونکے لیے اور دشمن کے
لیے یعنی جو لوگ کہ پرمیشور کے احکام کی مخالفت پر آمادہ ہین اونکے لیے ویسے ہی یہان
یعنی دنیا کے درمیان دیوتون یعنی وید کے پڑہانے والون کا مین عزیز ہوتا ہون اور
دکشنا دینیوالون کا یعنی جو لوگ کہ وید پڑہتے ہین اور دہن اور دولت سے گورو کی خدمت
کرتے ہین اونکا بہی مین پیارا ہوتا ہون یعنی وید پڑہانے والے اور پڑہنے والے دونون
مجہہ سے محبت کرتے ہین اسبارہ مین کوشش کرو کہ میرا یہہ مطلب ترقی پکڑے اور سارا
جگت مجہسے محبت کرے فقط اب مخفی نہ رہے کہ اس شرتی مین لفظ (چارنائچ) مین چکار
عطف کے لیے یعنی اور کے معنی مین ہے اور لفظ (آرن) بمعنی دشمن ہے کہ اسمین
الف واسطے نفی کے ہے اور (رن) بمعنی آواز ہے اور مراد اوس سے گفتگو ہے یعنی
ایسا شخص کہ جسکے ساتہہ گفتگو ترک کی گئی ہووے مراد اوس سے دشمن ہے پس ویانند
سرسوتی نے جو (چارن) بمعنی اتی شودر ایک لفظ قرار دیا ہے وہ اونکی غلطی ہے کہ
یہان چارن ایک لفظ نہین ہے بلکہ مرکب ہے جیم فارسی اور (آرن) سے اور جو

محض ہے اگر کوئی کہے کہ پرماتما بیکنٹھ مین بیٹھا ہے یا آسمانون کے درمیان عرش پر جلوہ گر ہے مگر اوسکی شکتی اور قدرت کل جگہہ موجود و مہیا ہے اپنے ید قدرت سے سارے کام کرتا ہے اسکی کیا ضرورت ہے کہ خود پرماتما بذات خود کامون مین پرورت اور مشغول ہووے ایسا کونسا کام ہے کہ جسکو پرماتما اپنی جگہہ بیٹھا ہوا اپنے دست قدرت سے نہین کرسکتا تو جواب یہہ ہے کہ قدرت گن اور عرض ہے اور پرماتما درویہ اور جوہر ہے یعنی پرماتما بذات خود قایم ہے اور قدرت قایم بالغیر ہے پس فقط قدرت ہر مقام پر حاوی نہین ہوسکتی کہ بغیر ذات کے اوسکا انتقال ممتنع و محال ہے کسواسطے کہ عرض اور گن اپنے جوہر اور درویہ سے علیحدگی ہرگز نہین اختیار کرسکتا پس ممکن نہین ہے کہ قدرت بدون صاحب قدرت کے آمد و شد کرسکے جبکہ تنہا قدرت کا انتقال عقل کے خلاف ہے تو پرماتما بیکنٹھ وغیرہ مین بیٹھا ہوا اپنے دست قدرت سے سب جگہہ سارے کام نہین کرسکتا بلکہ بیکنٹھ وغیرہ ہی کا انتظام اوس سے ممکن ہے اگر کوئی پیرو پران یا تابع موسی و سلیمان یا کرسٹان یا مسلمان کہے کہ بعضے گن اور عرض ایسے بھی ہین کہ بغیر جوہر کے انتقال کرسکتے ہین جیسے ہر چند چراغ و آفتاب و ماہ وغیرہ ایک جگہہ قایم رہتے ہین و لیکن انکی روشنی دور تک پہیلتی ہے تو جواب یہہ ہے کہ روشنی اور پربھا عرض و گن نہین ہے بلکہ جوہر اور درویہ ہے اسی لئے چراغ و آفتاب کی روشنی مین گرمی محسوس ہوتی ہے اور ماہ وغیرہ کی چاندنی مین خنکی پائی جاتی ہے کیونکہ گن مین گن نہین رہتا اور عرض مین عرض نہین ورنہ تسلسل اور الوست تہا تسلیم کرنی پڑے گی اور یہہ جملہ عقلا کے خلاف ہے یہانتک قدامت وید مین گفتگو ہوئی اور دیانند سرسوتی کی جہوٹی تفسیر کی تکذیب تو بکو ہوئی اب اسبات کا بیان ہے کہ وید کی تعلیم کس کے لئے جایز ہے ہم کو ثابت ہوا ہے کہ کل مرد و زن و دیوتا اور دیتہ وغیرہ کے واسطے وید پڑہنا چاہئے البتہ شرط اور اعتقاد شرط ہے غرض آنکہ جو کوئی معتقد وید ہووے اوسکو وید کا پڑہنا روا ہے کسی قوم کے لئے وید خوانی

اور جبکہ کسی چیز کے اجزا الگ الگ ہوتے ہین تو وہ نظر سے غائب ہوتی ہے کہ اوسکی
کثافت و سطبری یا یہ لطافت و باریکی کو پہونچ جاتی ہے اس سے معلوم ہوا کہ حالت
سطبری و غلاظت کا نام اوتپتی اور آفرینش ہے اور حالت لطافت و باریکی کو فنا اور ناش کہتے ہین جو
چیز کہ پیدا ہو کر غائب ہو جاتی ہے اوسی کو غیر قدیم کہتے ہین جو کوئی اس پیدائش
اور فنا سے بری ہے وہ قدیم اور نتیہ ہے از روے دلائل عقلی و نقلی کے اکثر پدارتھہ
نتیہ اور قدیم ہین جیسے پرماتما اور جیوا ور پرکرتی وغیرہ کسی جگہہ یہ مطلب تفصیلوار
مرقوم ہوگا اب چاہیے جاننا کہ جو پدارتھہ اجزاے کے ملنے سے وجود پکڑتا ہے اوسکو
سنسکرت مین کاریہ کہتے ہین اور جتنے کاریہ ہین اونکا کرتا یعنی فاعل ضرور ہوتا ہے
اجزاے لایتجزی کے ملانے اور اونکے الگ کرنے پر ایک پرماتماہی قادر ہے دوسرا
کوئی نہین ہے کیونکہ جو شے انکے ملنے سے پیدا ہوتی ہے وہ اونکے ملانے کی اور
جدا کرنے کی اصلا طاقت نہین رکھتی لہذا انسان و جن وغیرہ کو پرکرتی اور پرمانو
کے سنیوگ اور بہوگ کرنے کی ہرگز تاب و توان نہین ہے کیونکہ جن و انسان خود
پرمانون کے سنیوگ سے موجود ہوئے ہین اور اجزاے لایتجزی و جوہر فرد کے درمیان
ترکیب دینے والا اور پراگندگی لانے والا اونکی بہ نسبت لطیف تر ہونا چاہیے
مثلاً چونکہ پانی مٹی کی بہ نسبت لطیف تر ہے اسواسطے اوسکے اجزا مین داخل ہو کر
اونکا سنیوگ اور بہوگ کر سکتا ہے اسیطرح آگ چونکہ بہ نسبت آہن وغیرہ کے
سوکشم ہے اونکے اندر دخول کرکے آمیختگی اور پراگندگی اجزا پر قادر ہے چونکہ
پرماتما پرکرتی اور پرمانو کی بہ نسبت سوکشم تر اور لطیف تر ہے لہذا اونکے سنیوگ
اور بہوگ پر وہی قدرت رکھتا ہے دوسرے کی مجال نہین ہے کہ ایسا کر سکے
اسیواسطے پرماتما کو کل مخلوق کا خالق اور کرتا کہتے ہین معدوم محض کو وجود مین
لانا اور موجود کو معدوم مطلق کرنا محالات سے ہے اور جو کچھ محال ہے وہ باطل

پیدائش ہے یہ ہرگز نہین ہے کہ عناصر اول مین معدوم محض تھے عدم سے وجود
مین آئے ہین اگر اوس حالت لطافت کا نام جو کہ اول مین ہر ایک چیز کی ہوتی ہے عدم
رکھا جاوے تو ہم کو اوس سے کچھ انکار نہین ہے غرضکہ تبدیل صورت و ہیئت ہی کو
اوتپتی اور آفرینش کہتے ہین جو چیز کہ بالکل معدوم ہے اوسکا ظہور پکڑنا تو خلاف دانشمندی
ہے جیسے انسان کے سینگ اور عقیمہ کا بیٹا اور مانند انکی کیونکہ انسان کے سینگ محض
باطل ہین کسی وقت نہین ہوئے نہ ہونگے عقیمہ کے بیٹے کا بھی یہہ ہی حال ہے کہ معدوم
محض ہے کسواسطے کہ اگر اوسکے بیٹا ہوتا تو عقیمہ کیونکر ہوتی اسی قسم کی اور بھی اکثر اشیا
ہین کہ باطل مطلق ہین جیسے ریتی کا سانپ اور مرگ ترشنا کا پانی حاصل اس تمہید کا
یہ ہے کہ آفرینش و فطرت کسی چیز کی اسکے سواے نہین ہے کہ اجزاے لایتجزی حالت
کثیف حاصل کرتے ہین اب چاہیے جاننا کہ فنا اور ناش ہونا اشیا کا کیا ہے بالضرور اور
بالیقین حالت کثافت و سطبری کو چھوڑ کر حالت لطیف و باریک کو پہنچنا ہے جیسے کپڑے
کا تھان اگر جلایا جاوے تو لاجرم اوسکے اجزا باقی رہینگے گو نظر نہ آوین نظر نہ آنے ہی کو
سنسکرت مین ناش کہتے ہین اور یہ لفظ (نش اورشنی و ہاتو) یعنی مصادر سے مشتق
ہوتا ہے غرض اس سے یہ ہے کہ معدوم محض کوئی چیز نہین ہوتی صرف حالت لطیف کو
پہونچنے کا نام ناش و فنا ہے جسوقت مٹی کے پیالہ کو توڑ کر اوسکے ٹکڑون کو باریک
پیسکر اوڑا دوگے تو وے کہین نہ کہین رہینگے یہ ہرگز نہین ہے کہ معدوم محض ہوجاوین
جو لوگ کہ اوتپتی اور ناش کی کیفیت سے واقف ہین وے بخوبی جانتے ہین کہ پیدا ہونے
والی اور ناش ہونے والی چیزون مین سے نہ کوئی اول مین معدوم محض تھی اور نہ
کوئی آخر مین معدوم محض ہوگی بلکہ حالت کثیف اور لطیف کو پہنچنا ہی اوتپتی اور ناش
کے ساتھ تعبیر کیا جاتا ہے اب پوشیدہ نرہے کہ جس وقت اجزاے لایتجزی کی ترکیب
سے کوئی چیز حادث ہوتی ہے تو نظر آتی ہے کہ سطبری و غلاظت سے اوسکو چارہ نہین ہے

کی ستایش وثنا مین کہا ہے۔

न्यग्रोधः सुमहानल्पे यथा बीजेऽव्यवस्थितः संयमे विश्व मखिलं बीज भूते तथात्वयि १

یعنی جیسے پیپل کا درخت بلند اپنے خرد بیج مین موجود رہتا ہے ایسے ہی پرلے کال مین سارا جگت بیج کے قایم مقام پرماتما مین مہیا ہوتا ہے فقط مقصود یہ ہے کہ جتنی چیزین پیدا ہوئی ہین اون مین سے معدوم محض کوئی نہی بلکہ کل کی اول مین حالت لطیف تہی وہی حالت لطافت ساتہ عدم کے تعبیر کیجاتی تہی معدوم محض کا وجود پکڑنا اور ظہور کرنا تو ناممکن ومحال ہے چنانچہ کسی بزرگ سے کہا ہے۔

यथोदपान खनन नाद्वीयते न जलांतरं सदेव नीयते व्यक्ति मसतः संभवः कुतः १

یعنی جیسے کنوان کہودنے سے وہی پانی برآمد ہوتا ہے کہ جو موجود تہا دوسرا نہین نکلتا کیونکہ جو معدوم محض ہے اوسکا توکسیطرح پر موجود ہونا ممکن ہی نہین ہے فقط گیتا کی دوسرے ادہیاے مین ہے۔

नासतो विद्यते भावो ना भावो विद्यते सतः

یعنی معدوم محض کا موجود ہونا ہہین ہو سکتا اور موجود کا معدوم مطلق ہونا ہی محال ہے فقط پس کسی چیز کا پیدا ہونا یہہ ہی ہے کہ بہت سے اجزا ملکر ایک صورت کثیف پکڑ لیتے ہین مثلاً کپڑا کیا چیز ہے سواے اسکے کچہ نہین ہے کہ بہت سے تارون نے ملکر ایک صورت کثیف اختیار کی ہے یہہ ہی کپڑے کی پیدایش ہے اور بس یہ ہرگز نہین ہے کہ اول مین کپڑا معدوم مطلق تہا اور پہر موجود ہوگیا بلکہ اوسکے مادہ یعنی تارون مین یہ ہیئت مجموعی صورت لطیف اور باریک کے ساتہہ اول ہی موجود تہی تارون کے ملتے ہی ظاہر ہوگئی اسیطرح سے عناصر کی فطرت اور آفرینش ہے مثلاً زمین کیا چیز ہے بہت سے اجزاے لایتجزی نے ملکر ایک صورت پکڑلی ہے اسی قیاس پر پانی وغیرہ کی

کلیہ سے لازم آتا ہے کہ حادث اور جھوٹ کا وجود ہی نہین ہے بلکہ کل کے لیے قدامت
اور راستی لازم ہے پس وید کے واسطے کسیطرح کی تخصیص ثابت نہوئی اگر اس
صورت مین سوامی جی کہین کہ وید کے سواے کوئی چیز پرمیشور کے گیان مین سدا نہین
رہتی تو محض غلط ہے کہ پرماتما کی عالم الغیبی و ہمہ دانی مین نقصان آتا ہے کہ وہ خس
و خاشاک اور جھوٹ دروغ وغیرہ اشیا کو ہر وقت نہین جانتا بلکہ کسی وقت جانتا ہے اور کسی وقت نہین
جانتا کیونکہ اشیاے مذکورہ ہر وقت اوسکے گیان مین نہین رہتی ہین پس وہ نہ
عالم الغیب ہے اور نہ ہمہ دان غرضکہ سوامی جی نے جسقدر دلائل وید کی قدامت اور بحالی
مین لکھے ہین اون تمام سے وید کی حقارت ثابت ہے اب مخفی نرہے کہ جس صورت
مین ہم وید کو بدلائل عقلی پرمیشور کا کلام ثابت کر چکے اور مخالفین کو از آغاز تا انجام ساکت
تو وید کے قدیم اور برحق ہونے مین کیا شک ہے کیونکہ کلام صفات مین داخل ہے
اور یہہ بات عقلاے زمان کی مسلمہ ہے کہ قدیم کی صفتین قدیم ہوتی ہین اور حادث
کی صفات حادث جبکہ پرماتما کی کل صفات برحق و قدیم ہین تو بالضرور اوسکا کلام بھی
برحق و قدیم ہی ہوگا وید کے قدیم و برحق ہونے مین یہ ہی دلیل کافی ہے کہ جسکی ذات
قدیم ہے اوسکی صفات بھی قدیم ہین اور جسکی ذات حادث ہے اوسکی صفات بھی حادث
ہین اگر کوئی قدیم کی صفات کو حادث قرار دے تو غلط ہے کہ قدیم محل حوادثات
نہین ہوسکتا اسیطرح حادث کے محل کا قدیم ہونا ناممکن و محال ہے اب آریہ بھائیون
کی راے بیضا ضیاء پر واضح ہووے کہ قدیم اوسکو کہتے ہین کہ حدوث و فنا سے مبرا
ہووے یعنی نہ پیدا ہووے اور نہ فنا قبول کرے بلکہ دائم قایم رہے پیدا ہونے سے ہماری
غرض حالت کثافت و سطبری کو پہنچنا ہے مثلاً پیپل کا درخت اپنے تخم مین مع شاخ و برگ
و پھول و پھل کے اول ہی موجود و مہیا ہوتا ہے پس اوسکی پیدایش و فطرت یہ ہی ہے
کہ حالت لطافت کو چھوڑ کر حالت کثافت اختیار کرے چنانچہ پراشر رشی نے پرماتما

مین خس و خاشاک و زمین و افلاک و انسان و جان سب ہی قدیم ہین کہ کل کی اصل پرمیشور
سے ہے پرماتما کے بغیر کوئی چیز نہین ہے ہر ایک شے و مبدم پرماتما کی محتاج ہے کہ وہ
مبداے کل اشیا ہے پس وید کی کیا خصوصیت ثابت ہوئی کہ جسطرح تمام چیز کی اصل
پرمیشور سے ہے اسیطرح بقول دیانند سرسوتی کے وید کی اصل پرمیشور ہی سے قرار پائی
لہذا وید بھی دیانند سرسوتی کے نزدیک خس و خاشاک وغیرہ کی مانند ناچیز ٹہیرا قدامت
اور ازلیت ویدکا تو کیا ذکر ہو سوامی جی نے خوب وید کی حمایت کی کہ جس سے علانیہ اہانت
نکلی اسی قسم کی سوامی جی نے دو تین یکتی اور وید کی قدامت مین لکھی ہین جن سے
مذمت وید برآمد ہوتی ہے اسواسطے طبیعت حق طویت اونکی نقل او تکذیب سے کشیدہ
ہے کہ خاطر سامعین اونکے استماع سے رنجیدہ ہے اب ہم وہ فقرہ نقل کرکے رد کرتے ہین
جسکو دیانند سرسوتی نے سب دلائل کے آخر مین لکھا ہے اور کل لب لباب سمجھا ہے۔
سوامی جی پرمیشور کے گیان مین ویدون کو سدا موجود رہنے سے سچے ارتھہ والا
اور نتیجہ سب لوگون کو ماننا مناسب ہے صفحہ ۳۹ اور ۴۱ بہومیکا کے آخر مین دیکھو
جواب اگر پرمیشور کے علم مین ہمیشہ موجود رہنا ہی قدامت اور سچائی کا سبب ہے تو تمام
اشیا اچھی اور بری قدیم و سچی ہووین کہ دائما پرماتما کے گیان مین موجود رہیا ہین
یعنی جو کچھہ ازل سے ابد تک وجود پکڑے گا وہ ابداً پرمیشور کے علم مین موجود ہے یعنی
اوسکا علم ہمیشہ کل ذرات پر حاوی ہے ایسا ایک ذرہ بھی نہین ہے جسپر ہر وقت
پرماتما کا گیان محیط نہووے ع ذرہ نیست در زمین و زمان ٭ کہ نہ علمش بود محیط
بآن ٭ اس صورت مین اگر پرمیشور کے علم مین سدا موجود رہنا ہی قدامت کا باعث
ہے تو کوئی غیر حادث نہین ہے سب قدیم ہین پس وید کی کیا خصوصیت ہے اسیطرح
اگر پرمیشور کے گیان مین ہمیشہ مہیا رہنا ہی سچائی کا کارن ہے تو جھوٹون کا جھوٹ
بھی سچ ہی ہووے کہ اوسپر پرماتما کا گیان سدا احاطہ کر رہا ہے بلکہ سوامی جی کو اس

بہی تقدیم وتاخیر ہوگی جملون اور فقرون کی تقدیم وتاخیر کا تو کیا ذکر ہے جس قسم کی قدامت
کہ آریہ لوگ وید مین تسلیم کرتے ہین وہ خود وید سے ثابت ہے یجروید کا چالیسوان
ادہیاے دیکہو۔

स्वयंभूर्याथातथ्यतो र्थान्व्यदधाच्छाश्वतीभ्यः समाभ्यः

یعنی پرماتما ہر ایک سرشٹی کی شروع مین اپنی برابر چلی آنیوالی دیوتا وغیرہ مخلوقات کے لئے
وید کے ذریعہ سے ایک ہی انداز پر ارتہون کا اوپدیش کرتا ہے فقط اب مخفی نرہے کہ
یہانتک ہمنے اون شرتی اور سوترون کے معنی اصلی لکہے جنکو دیانند سرسوتی نے
اپنی خواہش کی موافق درہم برہم کیا تہا اسکے بعد سوامی جی نے دو تین دلیل عقلی بہی
وید کی قدامت مین تحریر کی ہین حالانکہ اونکو وید کے قدیم ہونے سے اصلا علاقہ نہین ہے بلکہ
دیانند سرسوتی کے مدعا کے برعکس وے حدوث وید پر قایم ہین یہہ ساری سوامی جی کی
دانائی اور پانڈتہ کی خوبی ہے اب ہم اون مین سے ایک دلیل نقل کرکے حوالہ قلم حق
رقم کرتے ہین سوامی جی جیسے شاستر کے پرمانون سے وید نتیہ ہین ویسے ہی یکتی یعنی
دلیل عقلی سے بہی اونکا نتیہ ہونا ثابت ہوتا ہے کیونکہ عدم سے وجود کا ہونا ہرگز نہین
ہوسکتا ایسے ہی وجود کا عدم بہی اصلا نہین ہوسکتا جو ستیہ ہے اوسی سے آگے
پرورتی بہی ہوسکتی ہے اور جو چیز ہی نہین اوس سے دوسری چیز کسیطرح نہین ہوسکتی اس قاعدہ
سے بہی ویدون کو قدیم ہی ماننا ٹہیک ہے کیونکہ جسکی اصل ہی نہین ہوتی اوس کی
شاخ وبرگ وشگوفہ وغیرہ کبہی نہین ہوسکتی اسیطرح جب پرمیشور مین بے انتہا ودیا رہتی
ہے تب ہی لوگون کو ودیا کا اوپدیش بہی کیا ہے اور جو پرمیشور مین بے انتہا ودیا نہو
تو وہ اوپدیش کسطرح کر سکتا اور جگت کو بہی کسطرح بنا سکتا کیونکہ دنیا مین بے اصل کا
ہونا اور بڑہنا غیر ممکن ہے اس سے یہ جانا گیا کہ پرمیشور سے وید ودیا کی اصل ہے
جواب اگر یہہ ہی قدامت وید کی سوامی جی کے پاس دلیل عقلی ہے تو اونکی راے

پہلے سوتر کے معنی ٹھیک نہین ہوتے کیونکہ اس صورت مین حاصل یہہ ہی ہوگا کہ برہم کے جاننے کے بعد برہم کے جاننے کا ارادہ کرنا چاہئے اور یہہ مہمل ہے کہ جب ایک چیز کو جان لیا اور اوسکا حقہ اوسکا علم ہو گیا پس اوسکے جاننے کا ارادہ کرنا بیمعنی و تحصیل حاصل ہے اسواسطے پہلے سوتر مین جو لفظ اتہہ ہے اوسکے معنی یہ نہین کہ (چار سادہن کے حاصل ہونے کے بعد) بلکہ یہہ معنی ہین کہ (وید وکت کرم کرنیکے بعد) اور یہہ ہی معنی مقتضی مقام ہین کہ یگ وغیرہ کرم کرنیکے بعد ہی پرماتما کے گیان کی شائستگی پیدا ہوتی ہے فقط اب چاہئے جاننا کہ پہلے سوتر کے معنی سمجھنے کے بعد انسان اس کشمکش مین پڑتا ہے کہ برہم کیسا ہی اور اوسکی تعریف کیا ہے لہذا بیاس جی نے ویدانت کا دوسرا سوتر بنایا کہ برہم اوسکو کہتے ہین کہ جو جگت کا خالق اور حافظ اور مالک ہے یعنی اول جگت کو پیدا کرتا ہے پھر قایم رکھتا ہے آخر کار فنا کرتا ہے دوسرے سوتر کے معنی سمجھنے کے بعد انسان کو یہ تلاش ہوتی ہے کہ برہم کی ہستی مین ثبوت کیا ہے آیا شکل منطقی ہے یا اوسکے سوائے کوئی اور دوسرا ثبوت ہے اسواسطے بیاس جی نے تیسرا سوتر بنایا کہ برہم کے ہونے مین وید اور اوپنشد ہی سند ہے انومان اوسکو جیسا کہ چاہئے ثابت نہین کر سکتا ساری تقریر کا حاصل وہی ہے کہ زبان سرسوتی کی مستندہ بیاس جی کے سوتر کو قدامت و حدوث وید سے ہرگز تعلق نہین ہے اس سے ہماری یہ غرض نہین ہے کہ بیاس جی کو قدامت وید سے انکار ہے لاریب وے وید کو قدیم مانتے ہین چنانچہ اونہون نے ویدانت سوتر کے پہلے ادھیائے کے تیسرے پاد مین علانیہ وید کے قدیم ہونے کے ثبوت مین سوتر بنایا ہے جسکی ہم اوپر تفصیل کر چلے مگر قدامت وید کی کیفیت وہی ہے کہ پرماتما انادی کال سے ہر ایک سرشٹی کی ابتدا مین ایک ہی آن پوربی یعنی ترتیب کے ساتھہ وید کو برہما جی کے لئے اوپدیش کرتا چلا آتا ہے اور اسیطرح اننت کال تک اوسی ترتیب کے ساتھہ اوپدیش کرتا رہیگا غرضکہ وید کی شرتیون کی جو ترتیب کہ اب موجود ہے یہہ ہی ازل سے ابد تک رہیگی ایک لفظ کی

کے وہ کسی وقت بنایا گیا ہے تو اوسکے حادث ہونے مین کیا شک ہے اور حادث کے
لیے فنا لازمی و ضروری ہے لہذا شنکراچاریہ اور دیانند سرسوتی کے عقیدہ کی مطابق
کسی روز وید فنا بھی قبول کریگا چونکہ حدوث وید شنکراچاریہ کے مذہب کے مخالف تہا کہ
اونکے عقیدہ مین وید انادی اور ازلی ہے اسواسطے شنکراچاریہ نے سوتر مذکور کے بہاشیہ
مین دیانند سرسوتی کے مستندہ معنی و مطلب سے قطع نظر کرکے سوتر مذکور کے دوسرے معنی
لکھے ہین اور وہ یہہ ہین کہ اس سے پہلے سوتر مین کہا گیا کہ برہم اوسکو کہتے ہین کہ جو
کوئی جگت کی سرشٹی اور پالن و سنہار کرتا ہے اب اگر کہا جاوے کہ اوس برہم کے
ہونے مین کیا پرمان ہے اسواسطے بیاس جی نے تیسرا سوتر اس مضمون کا بنایا کہ برہم
کی ہستی و وجود مین صرف شاستر ہی پرمان ہے اور شاستر سے مراد وید اور اوپنشد ہین
اور یہہ طنز ہے نیاے شاستر کے کرتا گوتم رشی وغیرہ پر کہ وہ پرمیشور کا ہونا انومان
یعنی شکل منطق سے ثابت کرتے ہین اب خیال کرنا چاہیے کہ بیاس جی کے سوتر مذکور کا سچا
ارتہہ یہی ہے وید کی قدامت و حدوث سے اوسکو کچہ تعلق نہین ہے پس ہماری راے
مین تینون سوتر کا آپسمین ربط و ضبط اسطرح پر ہونا چاہیے کہ دنیا جگت کرم کرنے کے
بعد اس سبب سے کہ کرمون کا پہل محدود اور فانی ہے برہم کے جاننے کی فکر کرنی چاہیے
کہ برہم کے گیان کا پہل غیر محدود اور جاودانی ہے جو لوگ کہ اس سوتر کے معنی مین کہتے
ہین کہ چار سادہن کے حاصل ہونے کے بعد ایسا اور ویسا کرنا چاہیے اونکے مطلب کو وہی
جانتے ہونگے ہمارے نزدیک تو اوسکی صحت مین تامل ہے کہ اون چار سادہن مین پہلا
سادہن ستیا ستیہ بیبیک ہے یعنی ستیہ اور استیہ کے درمیان تمیز حاصل کرنا ستیہ
سے مراد برہم ہے اور استیہ سے مراد ماسواے برہم اسیکا نام برہم گیان ہے جبکہ یہہ
گیان حاصل ہوگیا کہ برہم حق ہے اور ماسواے باطل پس اسکے بعد انسان کس برہم
کے جاننے کا ارادہ کرے شاید کہ اون لوگون کی راے مین کوئی دوسرا برہم ہے لہذا

وہ برہم ہے اوسکو پرماتما اور پرمیشور ونارائن و ایشور اور مانند اسکے کہتے ہین
اب چاہئے جاننا کہ جس صورت مین برہم عالم کا خالق ورازق و مالک ہے تو لابد عالم الغیب
وہمہ دان بہی ہوگا کیونکہ بغیر ہمہ دانی وعالم الغیبی کے خلق جہان ممکن نہین ہے اسی عالم الغیبی
وہمہ دانی کے دوبارہ ثابت کرنے کے لئے بیاس جی نے تیسرا سوتر بنایا اور وہ یہ ہے

शास्त्रयोनित्वात् ३

معنی انکے شاستر یعنی وید کا کارن ہونے سے بہی برہم عالم الغیب و دانائے کل ہے
اگر ایسا نہوتا تو وید کو کیونکر بناتا وید کے بنانے پر عالم الغیب و دانائے کل کے سوائے
کوئی قادر نہین ہو سکتا کہ وید ساری ودیاؤن کی اصل ہے برین تقدیر اس سوتر
مین لفظ شاستر سے وید مراد لیا جاویگا اور یہ ممکن ہے کیونکہ شاستر کہتے ہین ہت
یعنی فایدہ دنیا وآخرت کے جتلانے والی کتاب کو سو وید ایسا ہی ہے لہذا اوسکو
شاستر کہنا مناسب ہے بیاکرن والے لفظ شاستر سے معنی مذکور اسطرح پر نکالتے ہین

शिष्यतेऽनेन हितं तच्छास्त्रं

یعنی جس کتاب کے ذریعے سے فایدہ دنیا وآخرت کی ہدایت کیجاوے وہ شاستر ہے
اسیواسطے کسی نے کہا ہے۔

प्रवृत्तिश्च निवृत्तिश्च पुंसां येनोपदिश्यते तद्धर्माश्चोपदिश्यन्ते शास्त्रं शास्त्रविदो विदुः

یعنی جس سے لوگون کو امرونہی کی ہدایت کیجاتی ہے اور اونکے دہرم کی تعلیم دیجاتی ہے
اوسکو شاستر کے جاننے والے شاستر کہتے ہین فقط اب مخفی نرہے کہ دیانند سرسوتی کا مستند
بیاس جی کا سوتر اسبارہ مین ٹہیرا کہ پرماتما عالم الغیب و دانائے آغاز و انجام ہے
اور وید اوسکا کلام ہے پس سوتر مذکور مین قدامت وید کا کچہ ذکر نہین ہے بلکہ اوسکے
خلاف حدوث وید مذکور ہے کیونکہ جس صورت مین بقول شنکراچاریہ اور دیانند سرسوتی

ہین) لازم آتا ہے کہ زمین و آسمان وغیرہ عناصر بھی قدیم اور ہمہ دان ہونے کے لایق ہووین کہ یہ بھی پرمیشوری کے بنائے ہوئے ہین اسی قیاس پر مور و مگس وغیرہ کیڑے مکوڑے بھی قدیم ہونے اور ہمہ دان ہونے کے لایق ہووین مگر یہہ محض غلط ہی کہ جو چیز بنائی جاتی ہے وہ قدیم ہرگز نہین ہوتی اسیطرح ہمہ دان ہونا خاصہ ذی روح ہے اور وید وغیرہ ذیروح نہین ہین علاوہ اسکے وید تو پرماتما کی بدیا اور گیان ہے اور گیان کے لیے گیان والا قرار دینا سوامی جی کی دانای کا ثمرہ ہے کیونکہ ہمہ دان کہتے ہین سب کے جاننے والے کو جبکہ وید ہمہ دان ہوگا تو اوسکے لئے سب کا گیان ہوگا پس دیانند سرسوتی کا مت سب سے نرالا ہے کہ اونکے نزدیک گیان بھی گیان والا ہے ساری تقریر کا خلاصہ یہ ہے کہ بیاس رشی نے سوتر مذکور مین قدامت وید کی بحث لکھی ہے اور نہ شنکر اچاریہ نے اوسکے بھاشیہ مین وید کے قدیم ہونے کا بیان کیا دیا ہے یہ تمام سوامی جی کی غلط بیانی ہے اسلئے اب ہم سوتر مذکور کے شنکر بھاشیہ کا خلاصہ درج پرچہ کرتے ہین پوشیدہ نرہے کہ ویدانت شاستر کا پہلا سوتر یہ ہے۔

अथातो ब्रह्म जिज्ञासा

اس سوتر کا حاصل شنکر بھاشیہ کے موافق اسطرح پر ہے کہ چار سادہن کے حاصل ہونے کے بعد برہم کے جاننے کا ارادہ کرنا چاہیے تسواسطے کہ اگنی ہوتر وغیرہ کرمون کا پھل فانی ہے اور برہم گیان کا نتیجہ جاودانی ہے خلاصہ معنی یہ ہین کہ سب لوگون کو لازم ہے کہ برہم کے جاننے کا ارادہ کرین کیہ اوسکا ثمرہ نجات ابدی ہے جسکو اصلا تنزل نہین ہے اب بیاس جی کو برہم کے لکشن لکھنے کی ضرورت پڑی کہ برہم کیا شئی ہے اور اوسکا لکشن یعنی تعریف کیا ہے لہذا بیاس جی انے دوسرا سوتر بنایا اور وہ یہ ہے

जन्माद्यस्य यतः २

یعنی جو کوئی اس جگت کو پیدا کرتا ہے اور اوسکی حفاظت کرتا ہے اور آخر کار اسکو فنا کرتا ہے

کی شکتی نہوئی ورنہ اسقدر خلاف واقع تحریر نہ کرتے بلکہ ہم کہہ سکتے ہین کہ اگرچہ
سوامی جی شنکر اچاریہ کے مذہب کے کسی سنیاسی کے چیلے بہی ہوے اور اونکے مت
کی دو چار کتابین بہی پڑہین مگر اونکے مذہب سے محض ناواقف ہین کیونکہ شنکر اچاریہ
کے مذہب مین ایک برہم کے سواے کوئی چیز نتیہ اور قدیم نہین ہے البتہ وید وغیرہ
چند چیز اونکے مذہب مین انادی اور ازلی ہین مگر آخر کار وے بہی فنا ہونے والی
ہین کسواسطے کہ اگر شنکر اچاریہ برہم کے سواے کسی چیز کو نتیہ اور قدیم مانین تو اونکا
یہ مقولہ کہ انجام کار ایک برہم حق ہے اور باقی کل باطل ہین ہرگز پایہ ثبوت کو
نہ پہونچے کیونکہ نتیہ اور قدیم کی صفت یہ ہے۔

त्रिकालाबाध्यंनित्यं

یعنی جو کہ تینون زمانہ مین معدوم نہووے اوسکو نتیہ اور قدیم کہتے ہین اسصورت
مین اگر شنکر اچاریہ وید کو نتیہ مانینگے تو اونکا مت ہی زمین کا پیوند ہوجاویگا لہذا
جو کچہ دیانند سرسوتی نے شنکر اچاریہ کے حوالے سے لکہا ہے وہ بالکل افترا ہے اور اونکی
افترا بندی پر اون ہی کی تحریر گواہ ہے کہ آپ ہی سوامی جی ایک جگہ پر شنکر اچاریہ
کی زبانی نقل کرتے ہین کہ چارون وید سچے ارتہون کے پرکاش کرنے والے
ہین اونکا بنانے والا ہمہ دانی وغیرہ صفتون کے ساتہ موصوف پربرہم ہے)
دوسری جگہہ لکہتے ہین کہ (پرمیشور کے بناے ویدون کو پڑہکر انسان حتی الوسع
علم حاصل کرتے ہین) دیکہو جس صورت مین بقول سوامی جی کے شنکر اچاریہ کا عقیدہ
ہے کہ وید پرمیشور کے بنائے ہوئے ہین تو قدیم کہان رہے کیونکہ جو چیز بنائی جاتی
ہے تو اوسکا قدیم ہونا تو ایک طرف رہا وہ تو انادی وازلی بہی نہین ہوسکتے سوامی
جی کی یہی پاندتہ ہے اسی علم وفضل کے بہروسے اونہون نے دگ بجی کیا ہے پہر سوامی
جی کے اس فقرہ سے (چونکہ پرمیشور قدیم اور ہمہ دان ہے اوسکے بناے وید بہی قدیم اور ہمہ دان ہونے کے

کپل منی وغیرہ پر اتہام کیا اور اونکے سوترون کی تشریح مین خیال خام کیا ویسے ہی اب بیاس رشی پر بہتان کرتے ہین اور اونکے سوتر کا غلط بیاکھیان سوامی جی اسطرح ویدون کے قدیم ہونے کے بارہ مین بیاس جی نے بہی لکہا ہے۔

शास्त्रयोनित्वात्

اس سوتر کے معنی مین شنکر اچاریہ نے بہی ویدون کو قدیم مانکر بیاکھیان کیا ہے کہ رگ وغیرہ چارون وید سبہی ارتہون کے پرکاش کرنے والے ہین اونکا بنانے والا ہمہ دانی وغیرہ صفتون کے ساتہہ موصوف پربرہم ہے کیونکہ ہمہ دان برہم کے سوا اس ان ویدون کو کوئی جیو نہین بنا سکتا البتہ وید کے ارتہہ پہیلانے کے لئے کسی جیو نے اور شاستر کا بنانا ممکن ہے جیسے پانی نی وغیرہ منیون نے بیاکرن وغیرہ شاستر بنائے ہین علاوہ اسکے پرمیشور کے بنائے ویدون کو پڑہکر انسان جمیع علوم حاصل کرتے ہین ایسا شنکر اچاریہ نے بہی کہا ہے اس سے لازم آیا کہ ویدون کے قدیم ہونے مین سب آچاریون کی شہادت ہے پہر چونکہ پرمیشور قدیم اور ہمہ دان ہے اوسکے بنائے وید بہی قدیم اور ہمہ دان ہونیکے لایق ہین اور کا بنایا ایسا گرنتہہ کبہی نہین ہو سکتا دیکہو بہومیکا صفحہ ۳۵ جواب ہرچند بیاس رشی وید کو نتیہ اور قدیم مانتے ہین جیسے کہ ہم نے اوپر تشریح کی ہے مگر اس سوتر کو قدامت وید سے کچہہ تعلق نہین ہے یہ سوامی جی کی دہوکہہ بازی ہے اسیواسطے سوتر کو مین قدامت کے معنی کا کوئی کلمہ نہین ہے یہ بہی محض بے اصل ہے کہ شنکر اچاریہ نے اس سوتر کے معنی مین قدامت وید کا بیاکھیان دیا ہے وگرنہ شنکر بہاشیہ قلمی و مطبوعہ کے ہزارون نسخے موجود ہین شاید کہ سوامی جی نے یہ ہی خیال کیا ہووے کہ شنکر اچاریہ کی تصنیف بیاس کے سوترون کا بہاشیہ کسی نے نہین دیکہا ہے البتہ ہم اس بنا پر کہہ سکتے ہین کہ سوامی جی کو آجتک شنکر بہاشیہ کے مطالعہ

که اگر دیانند سرسوتی کے غلط معنی سوتر کے قبول کئے جاوین تو لازم آتا ہے کہ زمین و درخت و انسان و حیوان وغیرہ کل چیزین قدیم ہو وین کہ جملہ اشیا پرمیشور کی قدرت علمی سے ظاہر ہوئی مین کیونکہ خالق اوسی صورت مین خلق اشیا کریگا کہ اول اوسکو اون اشیاے مخلوقہ کا کماینبغی علم ہوگا مثلاً کلال خم و کوزہ وغیرہ مین سے جسکو بناتا ہے اول اوسکا کلال کو علم ہوتا ہے پس اگر پرمیشور کی قدرت علمی سے ظاہر ہونا ہی قدامت کا باعث ہے تو ساری مخلوق قدیم ہونی چاہیے مگر یہ خیال باطل ہے اب پوشیدہ نرہے کہ جو ارتھ کپل رشی کے سوتر کا ہم نے لکھا ہے وہی بگیان بھکشو بھاشیہ کار نے حوالہ قلم کیا ہے اصل عبارت ان کی یہ ہے۔

निजशक्त्यभिव्यक्तेः स्वतः प्रामाण्यं ५१

वेदानां निजा स्वाभाविकी या यथार्थज्ञानजननशक्तिस्तस्यां मन्त्रायुर्वेदादावभिव्यक्तेरुपलंभादखिलवेदानामेव स्वत एव प्रामाण्यं सिद्ध्यति न तु वक्तृयथार्थज्ञानमूलकत्वादिनेत्यर्थः ॥

یعنی ویدون کی اپنی ذاتی جو ٹھیک ٹھیک گیان پیدا کرنے والی شکتی یعنی قدرت ہے اوسکے منتر اور آیوروید مین حاصل ہونے سے سارے ویدون کا سوتہ پرمانیہ ثابت ہوتا ہے نہ ویدون کے مصنف پرمیشور کے ٹھیک ٹھیک ارتھ گیاتا ہونے کی جہت سے فقط حاصل آنکہ وید کا سوتہ پرمانیہ خود ویدہی کی ذاتی شکتی کی جہت سے ہے اوسکے مصنف پرمیشور کی راستگوئی کی جہت سے نہین ہے پس یہ بیشک شاستر کے موجد کنادرشی پر ظاہر ہے کہ وے وید کا سوتہ پرمانیہ پرمیشور کا کہا ہوا ہونے کی جہت سے مانتے ہین اور کہتے ہین کہ وید پرمیشور کا کہا ہوا ہونے کی جہت سے سوتہ پرمان ہے دونون رشیون کے مذہب مین فرق باریک ہے یہان سے ظاہر کہ سوامی دیانند سرسوتی کی مصنوعی تقریر قابل التفات نہین ہے کہ دلیل عقلی اور تجربہ بگیان بھکشو کے مخالف ہے پوشیدہ نرہے کہ جیسے دیانند سرسوتی نے کنادرشی اور

کے گلے مین کنٹھی باندہ کر اور کان پھونک کر گورو ہونے کا دعویٰ کرتے ہین اور اپنی تعریف
مین اس مضمون کے شلوک پڑہتے ہین کہ گورو ہی پرمیشور ہے اور گورو ہی برہم ہے اور
مانند اسکی وہ اونکی بے ایمانی ہے کیونکہ گورو وہی ہوتا ہے کہ جو اگیان کا ناش
کرتا ہے اور پرمیشور کی راہ دکہلاتا ہے اور وہ شلوک ان ہی لوگون کے ساخته
اور مصنفہ ہین وید اور شاستر کے مخالف ہین مخفی نہ رہے کہ جیسے سوامی جی نے یوگ سوتر
کے معنی مین اپنا تصرف کیا ہے اسیطرح اب سانکہہ سوتر کے ارتہہ مین اپنی جانب سے
الفاظ زیادہ کر کے ناواقف لوگون کو دہوکہا دیتے ہین **سوامی جی** اسی پرکار سے
سانکہہ شاستر مین کپلاچاریہ ہی کہتے ہین —

निजशक्त्यभिव्यक्तेः स्वतः प्रामाण्यम ॥५१॥

ارتہات پرمیشور کی سوابہاوک جو مدیا شکتی ہے اوس سے ظاہر ہونے سے ویدون
کی قدامت اور سوتہ پرمان سب لوگون کو تسلیم کرنا چاہیے **جواب** سوامی جی کی
عبارت کا حاصل یہ ہے کہ سانکہہ شاستر مین کپل رشی نے کہا ہے کہ وید قدیم اور سوتہ پرمان
ہے کہ پرمیشور کی قدرت علمی سے ظاہر ہوا ہے فقط مگر یہ غلط محض ہے اور غلطی کی دو وجہ
ہین اول آنکہ کپل رشی کے سوتر کا یہ مطلب نہین ہے اور نہ سوتر مذکور مین قدامت وید کی
بحث ہے بلکہ سوتہ پرمان اور پرتہ پرمان کا مباحثہ ہے دیانند سرسوتی نے جاہلون کو
فریب دینے کے لئے قدامت وید کا تذکرہ اپنی جانب سے زیادہ کیا ہے کپل منی کے سوتر
مرقوم کے معنی حقیقی یہ ہین کہ وید سوتہ پرمان ہے کہ اوسمین ٹہیک ٹہیک گیان پیدا کرنے
کی شکتی پائی جاتی ہے یعنی جو کوئی وید کو صدق دل سے پڑہتا ہے اور اوسکے مضمون
اور مطلب کو کماحقہ پہنچتا ہے اوسکو خالق و مخلوق وغیرہ کا ٹہیک ٹہیک گیان حاصل
ہوتا ہے چونکہ وید مین اسطرح کی شکتی موجود ہے اسواسطے وہ سوتہ پرمان ہے یعنی
خود بخود سند ہے اوسکو دوسری سند کی احتیاج نہین ہے دوسری وجہ غلطی کی یہ ہے

زمانہ کا دخل نہین ہے وہ تینون زمانہ مین حاضر و ناظر ہے پس پرمیشور ہر وقت اپنے کلام اقدس یعنی وید مقدس کے ذریعے سے زمانہ ثلاثہ کے لوگون کو ہدایت کرتا ہے اور ہادی ہی کو گورو کہتے ہین کسواسطے کہ سنسکرت مین لفظ گورو گری نگرنے دہاتو سے بنتا ہے جیسے

गिरत्य ज्ञानं यः सः गुरुः

یعنی اگیان اور جہل کے دور کرنے والے کو گورو کہتے ہین اور گری شبدی دہاتو سے بھی بنتا ہے جیسے

गृणाति उपदिशति धर्मं यः सः गुरुः

یعنی دہرم کے اوپدیش کرنے والے کا نام گورو ہے چونکہ پرماتما نے وید مقدس کی بدولت دہرم اور ادہرم کی تمیز بخشی ہے لہذا فی الواقع گورو وہی ہے یہہ بھی ممکن ہے کہ لفظ گورو دو لفظون سے مرکب ہووے یعنی (گو) اور (رو) سے کیونکہ سنسکرت مین گو بہ معنی چرک مستعمل ہے اور یہان اوس سے مراد تاریکی و اگیان ہے اور رو کہتے ہین دور کرنے والے کو چنانچہ مشہور ہے۔

गुशब्दस्त्वन्धकारः स्यात् रुशब्दस्तन्निरोधकः। अन्धकार निरोधित्वाद् गुरुरित्यभिधीयते ॥

یعنی لفظ گو بمعنی تاریکی ہے اور لفظ رو بمعنی (دور کنندہ) تاریکی جہل کے دفع کرنے کے بسبب اوپدیش کرنے والے کو گرو کہتے مین فقط اب جاننا چاہیے کہ یہہ تاریکی جہل وہ اگیان ہے کہ جو جیو اور پرماتما کے درمیان ہے یعنی جس اگیان و جہل کے بسبب انسان اپنے خالق و مالک سے واقف نہین ہے اوس اگیان اور نادانی کو جو کوئی اپنے سچے اوپدیش سے دور کردے وہ گورو ہے فی الحقیقت ایسا پرماتما ہی ہے کہ اوسنے وید کے ذریعے سے انسان کو اپنی ذات و صفات سے آگاہ کیا ہے اگر اوسی وید کا اوپدیش سنا کر کوئی انسان بھی لوگون کا اگیان دور کرے اور اونکو پرمیشور کی طرف راہ دکہلاوے تو وہ بھی گرو ہی ہے یہان سے ظاہر ہے کہ اکثر لوگ جو عوام

اونکو کچھ تعلق نہین ہے غرضکہ نہ وہ اگنی اور بایو وغیرہ جو کہ عناصر مین شامل ہین سرشٹی کی ابتدا مین پیدا ہوے ہین اور نہ انکے موکل دیوتا سب سے پہلے خلق کیے گئے بلکہ اگنی وغیرہ عناصر مہتتو اور اہنکار وغیرہ کی پیدایش کے بعد ایجاد کیے گئے ہین اور اونکے موکل دیوتا برہمادی کی اوتپتی کے بعد پیدا ہوے ہین اور انگرا رشی تو برہما جی سے بلکہ منو سے بھی کئی درجہ کے بعد موجود ہوے ہین دیکھو منڈک اونپشد مین اور نیز منوسمرتی کے پہلے اودہیاے کے ۳۴ اور ۳۵ شلوک کو ملاحظہ کرو وہ اسطرح ہے

अहं प्रजाः सिसृक्षुस्तु तपस्तप्त्वा सुदुश्चरम् पतीन् प्रजानामसृ
जं महर्षीनादितो दश ३४ मरीचिमत्र्यङ्गिरसौ पुलस्त्यं पुल
हं क्रतुम् प्रचेतसं वसिष्ठं च भृगुं नारदमेव च ॥ ३५ ॥

یعنی اولاد کے خواہشمند منو نے تپ کر کے اول دس مہرشی پرجاپتی پیدا کیے جنکے نام یہ ہین (۱) مریچی (۲) اتری (۳) انگرا (۴) پلستیہ (۵) پلہہ (۶) کرتو (۷) پرچیتا (۸) بششٹھہ (۹) بھرگو (۱۰) نارد فقط غرضکہ دس رشی رشی وغیرہ سے ہین سب کے اول برہما جی پیدا ہوے ہین اور غیر ذی روحون مین مہتتو پیدا ہوا ہے لہذا سوامی جی کا قول کسی طرح پر لایق التفات نہین ہے پھر سوامی جی جو بحوالہ یوگ سوتر کے لکھتے ہین کہ اوسی پرمیشور کے رچے ہوے ویدون کی قدامت متحقق ہے وہ محض اتہام ہے پتنجلی رشی پر کہ سوتر مذکور مین وید کا اصلا ذکر نہین ہے نہ قدامت اور رچنے کے معنی کا کوئی لفظ ہے سوامی جی کا قاعدہ ہے کہ اپنی جانب سے الفاظ بڑہاکر رشیون اور منیون سے منسوب کرتے ہین پھر سوامی جی کو اتنا سلیقہ بھی نہین ہے کہ رچنا کیا چیز ہے اور قدیم کسکو کہتے ہین ورنہ زمین و آسمان وغیرہ بھی قدیم ہو دین کہ وے بھی پرمیشور نے رچے ہوے ہین ویدون کی کیا تخصیص ہے اب چاہیے جاننا کہ پرمیشور زمانہ ماضی و حال و استقبال کے لوگون کا گرو اسطرح پر ہے کہ اوسکی ذات و صفات مین

اور بایو اور سورج وغیرہ الفاظ کے معنی کئے گئے ہین ایک آتش و ہوا و آفتاب کو کہتے ہین دوسرے انکے موکل دیوتا کا نام بہی یہہ ہی ہے تیسرے یہ تینون لفظ پرماتما کے معنی مین بہی استعمال کئے جاتے ہین کسی رسالہ مین اسکی تشریح مفصلاً کیجاویگی مگر دیانند سرسوتی جو کہتے ہین کہ اگنی اور بایو اور سورج رشی اور منی ہین وہ محض غلط ہے کسی کوش یعنی لغت سے اوسکا ثبوت نہین ہے پہر سوامی جی جو کہتے ہین کہ (اگنی اور بایو اور سورج اور انگرا سرشٹی کی ابتدا مین پیدا ہوئے تہے) وہ غلط محض ہے کہ اگنی وغیرہ سرشٹی کے شروع مین ہرگز پیدا نہین ہوے بلکہ منتو وغیرہ اچیتن اور برہما وی چیتن کی پیدایش کے بعد پیدا ہوے تہے چیتنون یعنی ذی روحون مین سب سے پہلے برہما جی پیدا ہوے ہین چنانچہ منڈک اوپنشد کے شروع مین ہے

ब्रह्मा देवानां प्रथमः संब भूव विश्व स्यकर्त्ता

یعنی برہما جی جسکے طفیل سارا جگت پیدا ہوا ہے سب دیوتون سے پہلے پیدا ہوئے ہین فقط یہہ شوتیا شوتر اوپنشد مین ہے۔

यो ब्रह्माणं विद धाति पूर्वं

یعنی پرماتما نے برہما جی کو کل ذی روح سے پہلے پیدا کیا فقط یہہ اوسی اوپنشد کے دوسرے مقام پر بہی آیا ہے۔

हिर ण्य गर्भं जनया मास पूर्वं

یعنی پرماتما نے سب کے اول برہما جی کو پیدا کیا فقط دیکھو جیسے کہ ہم نے برہما جی کے کل مخلوق سے پہلے پیدا ہونے مین اوپنشدون سے پرمان دیا آیا دیانند سرسوتی نے اگنی وغیرہ کے سرشٹی کی ادی مین پیدا ہونے کا کوئی بچن بہی سند دیا یعنی پران کا شلوک تک بہی سند دیا وید اور اوپنشد کا تو کیا ذکر ہے سوامی جی کے تمام عقائد اسیطرح از خود ایجاد کئے ہوئے ہین وید اور اوپنشد وغیرہ سے

پتنجلی منی بھی وید کو قدیم مانتے ہیں چنانچہ اونھوں نے یوگ شاستر کے پہلے ادھیائے کے پرتھم پاد میں کہا ہے۔

सएष : पूर्वेषामपि गुरुः कालेनानवच्छेदात् ॥

یعنی جو کہ پراچین اگنی اور بایو اور سورج اور انگرا اور برہما دی یہ سرشٹی کی ابتدا میں پیدا ہوئے تھے اون سے لیکر ہم لوگوں تک اور ہم لوگوں سے آگے جو ہونیوالے ہیں ان سب کا گرو پرمیشور ہی ہے کیونکہ وید کے ذریعے سے سچی باتوں کی ہدایت کرنے سے پرمیشور کا نام گرو ہے وہ پرمیشور واجب بالذات ہے کہ اوس میں زمانہ کا تصرف اصلا نہیں ہے اوسی پرمیشور کے رچے ویدوں کی سچائی اور قدامت بھی متحقق ہے اسیطرح سب لوگوں کو جاننا چاہیے جواب جو کوئی کہ زبان سنسکرت سے کچھ بھی واقف ہے وہ بخوبی معلوم کر سکتا ہے کہ جو کچھ سوامی جی نے پتنجلی رشی کے سوتر کی شرح کے بہانے سے لکھا ہے اوسکا پتنجلی رشی کے سوتر سے کچھ تعلق نہیں ہے سوتر میں نہ وید کی قدامت کا ذکر ہے اور نہ وید کی سچائی کی بحث ہے سوتر کے الفاظ کا ترجمہ یہ ہے کہ پرمیشور پہلوں کا بھی گرو ہے کہ زمانہ کا اوسمین تصرف نہیں ہے اور لفظ بھی سے یہ برآمد ہوا کہ جیسے پرماتما پہلے لوگوں کا گرو ہے اسیطرح زمانہ حال کے اور زمانہ استقبال کے لوگوں کا بھی پرمیشور گرو ہے ہم اس بات کی کہ پرمیشور سب لوگوں کا گرو کس طرح ہے اور گرو کے معنی کیا ہیں آگے تشریح کرینگے اب اول دیانند سرسوتی کی کی ہوئی سوتر کی شرح کے نکات بیان کرتے ہیں۔

سوامی جی فرماتے ہیں کہ پراچین اگنی و بایو و سورج وغیرہ کونسے ہیں پراچین کہنا تو اوس صورت میں بن سکتا تھا کہ ایک اگنی اور بایو اور سورج وغیرہ نوین یعنی نئے ہوتے اور دوسرے پراچین یعنی پرانے حالانکہ ایک ہی اگنی ہے اور ایک ہی بایو ہے اور علی ہذا القیاس سورج وغیرہ بھی ایک ہی ہیں ان میں نئے اور پرانے اور جدید و قدیم کی تقسیم ہرگز نہیں پس لفظ پراچین کے ایراد کرنے سے سوامی جی کی ناواقفی ظاہر ہے پھر اگنی

آنکہ یہ مضمون الفاظ خاص پرماتما کے نام ہیں دوسرا (آمنایسیہ) یعنی وید تیسرا (پراماہیم)
یعنی لائق سند ماننے کے ہے پس لفظ بلفظ سوتر کا ترجمہ یہ ہوا کہ پرمیشور کا بچن ہونے سے وید
سند ماننے کے لائق ہے فقط بیان سے ظاہر ہے کہ دیانند سرسوتی نے سوتر کا ارتھ بیجا کیا اور
لوگوں کو دھوکا دیا جیسے دیانند سرسوتی نے کناد منی کے سوتر کا ارتھ غلط کیا اسیطرح اب
گوتم رشی کے سوتر کا جھوٹا ارتھ کرتے ہیں سوامی جی ویسی ہی نیائے شاستر میں
گوتم منی بھی شبد کو قدیم کہتے ہیں۔

मंत्रायुर्वेदप्रामाण्यवच्च तत्प्रामाण्यमाप्तप्रामाण्यात्

ارتھات ویدوں کو قدیم ہی ماننا چاہیے کیونکہ سرشٹی کے شروع سے لیکر آجتک برہمادی
جتنے آپت ہوئے ہیں وہ سب ویدوں کو قدیم مانتے آئے ہیں اور ان آپتوں کا ضرور پرمان
کرنا چاہیے کیونکہ آپت لوگ وے ہوتے ہیں کہ جو مکر و فریب نہیں کرتے اور جھوٹ نہیں
بولتے **جواب** اس سوتر کے ارتھ میں بھی سوامی جی نے لوگوں کو دھوکھا دینے کے
لیے اپنی طرف سے الفاظ زیادہ کیے ہیں گوتم رشی نے شبد کو ہرگز قدیم نہیں مانا اور
نہ وے وید کی قدامت کے قائل ہیں سوامی جی کے مستندہ گوتم سوتر میں بھی نہ شبد کی
قدامت کا ذکر ہے نہ وید کی ازلیت مذکور ہے اگر سوتر مذکور کا کوئی لفظ سوامی جی کے دعوی
کی تصدیق کرتا ہووے تو بیان کریں سوتر کا لفظی ترجمہ یہ ہے وید کا پرمان ہونا سب کو
ماننا چاہیے کہ برہمادی ساری آپت لوگوں نے پرمان مانا ہے منتر او طب کی طرح
یعنی جسطرح منتروں اور طب کے احکامات کا نتیجہ وثمرہ دیکھکر اہل دنیا انکو سند مانتے ہیں
اسی طرح برہمادی آپتوں نے وید میں کہے ہوئے عملوں کا پھل دیکھکر اوسکو سند
مانا ہے لہذا سبکو لازم ہے کہ وید کو سند مانیں یہاں سے دیانند سرسوتی کی بناوٹ
اور جعل سازی ظاہر ہے کہ گوتم کے سوتر میں جن باتوں کا نشان بھی نہیں ہے سوامی جی
انکو گوتم سوتر سے منسوب کرتے ہیں سوامی جی یوگ شاستر کے ایجاد کرنے والے

تمام رشی و منی کے خلاف ہے کسی رسالہ مین اوسکی کیفیت تماماً و کاملاً لکھی جاوے گی
قطع نظر اس تمام سے سوامی جی کی تصنیف وید بہومیکا وغیرہ کتابون مین ستہ ودیا اور دہرم
کا بیان اور بدیا کہیان ہے یا نہین ہے برتقدیر اول وے کتابین بہی قدیم ہونی چاہئین
کیونکہ علت قدامت کہ ستہ ودیا اور دہرم کا بیان ہے اون مین موجود اور مہیا ہے پس
سوامی جی کو لازم ہے کہ اونکو اپنی طرف منسوب نہ کرین بلکہ پرمیشور کا کلام کہین برتقدیر
دوم سوامی جی کی کتابین تقویم پارینہ ہین اور جعفر زٹلی کا سفینہ کہ ستہ ودیا اور دہرم کے
بیان سے خالی ہین اور اونکے وید بہو میکا وغیرہ اسمار جہوٹے و جعلی ہین یہہ سوامی
جی کا یہ کلیہ کہ (پرمیشور قدیم ہے اس سے اوسکی ودیا بہی قدیم ہے) غلط محض ہے
کیونکہ اگرچہ پرماتما کی ودیا اور گیان وغیرہ صفات قدیم ہین مگر یہہ قید نہین ہے کہ
قدیم کی صفت قدیم ہی ہووے کسواسطے کہ ہرچند آکاش قدیم ہے مگر اوسکی صفت شبد
قدیم نہین اسیطرح اگرچہ پرماتما صانع عالم ہے اور عالم اوسکی صنعت ہے ولیکن عالم
قدیم نہین ہے بلکہ حادث و فانی ہے اس تمام تقریر کا خلاصہ یہہ ہے کہ سوامی جی اور
مت تارہ کنا و نہی کے سوترمین قدامت وید پر دلالت کرنے والا کوئی لفظ نہین ہے
کہ تمام سوترین تین ید ہین پہلا (تدبچنات) ہے یعنی اوسکا بچن ہونے سے سندہا ہے
ہین قاعدہ ہے کہ شئی معروف و مشہور کی طرف بغیر تذکرہ مرجع کے ضمیر غائب راجع
کرتے ہین لہذا ہرچند سوتر مذکور سے پہلے پرماتما کا ذکر نہین تہا مگر چونکہ وہ معروف
و مشہور ہے بغیر تذکرہ اوسکے بہی ضمیر ایراد کی گئی کناد سوترون کے بہاشیہ کے
تیلے مین لکہا ہے کہ (تت) پرماتما کے خاص نامون مین سے ایک نام ہے جیسا
سمرتی مین آیا ہے۔

ओ३म् तत्सदितिनिर्देशो ब्रह्मणस्त्रिविधः स्मृतः ॥

یعنی یہہ تین پرماتما کے نردیش ہین اول - اوم - دوم - تت - سوم - ست - یعنی مقصود

کہا ہوا ہونے سے وید پرمان ہے فقط غرضکہ بیشیشک شاستر کے سوتر مین
نہ وید کی قدامت کا ذکر ہے نہ وید کے بارہ مین جمع کا صیغہ ہے بلکہ (آمنایسیہ) صاف
صیغہ واحد ہے جو کہ وید کی وحدت کا شاہد ہے پس دیانند سرسوتی جو کہتے ہین کہ
(ویدون مین ستہ ودیا اور دہرم کا بیان ہے اس سبب سے چارون وید قدیم مین)
وہ محض غلط ہے کیونکہ کسی کتاب مین ستہ ودیا اور دہرم کا ہونا اوسکی قدامت کا سبب
ہرگز نہین ہو سکتا کہ وید اقدس کے سوائے اور بہی اکثر کتابون مین ستہ ودیا اور دہرم
کا بیان بخوبی ہے حالانکہ اونکو سوامی جی بہی قدیم نہین مانتے جیسے کنادمنی کے سوتر جنکو
بیشیشک شاستر کہتے ہین ہرچند ستہ ودیا اور دہرم کے بیاکہیان اور بیان پر مبنی
ہین چنانچہ کنادمنی نے پہلے ہی سوتر مین دہرم کے پرتی پادن کا عہد کیا ہے
لیکن بیشیشک شاستر کو دیانند سرسوتی ہرگز قدیم نہین مانتے بلکہ کنادرشی کا
ساختہ و پرداختہ قرار دیتے ہین اور حق بہی یہ ہی ہے بیشیشک شاستر کا پہلا سوتر
یہہ ہے

अथातो धर्म्मं व्याख्यास्यामः १

یہان (اتہہ) شبد کا ارتہہ منگل ہے جسکو عربی دان و فارسی خوان لوگ ثنا و ستایش
کہتے ہین یعنی کنادمنی عہد کرتے ہین کہ ہم پرماتما کی ثنا و ستایش کرکے اس کتاب مین
دہرم کا اوپدیش کرینگے فقط اب چاہیے جاننا کہ ستہ ودیا ارتہات تتوگیان یعنی
حقیقت اشیا کا علم دہرم کا نتیجہ و ثمرہ ہے چنانچہ دوسرے سوتر مین خود کنادمنی
نے دہرم کی تعریف کے طریق پر اس مطلب کی بخوبی تفسیر کی ہے۔

यतोऽभ्युदयनिःश्रेयससिद्धिः सधर्म्मः २

یعنی جس سے تتوگیان حاصل ہووے اور بالتمام رنج والم زایل وہ دہرم ہے فقط
حاصل آنکہ یعنی دہرم سے تتوگیان ہوتا ہے اور تتوگیان سے نجات ابدی ملتی ہے
جو کچہہ تعریف دہرم کی دیانند سرسوتی نے ستیارتہہ پرکاش مین کی ہے وہ کناد وغیرہ

سو جنم تک بھی ودیا مارینگے جیمنی کی بات سمجھنے کا سلیقہ و شعور خواب مین بھی دستیاب نہو گا پس ازین سوامی جی نے کناد منی کے سوتر کا ارتھ غلط کیا ہے تفصیل اسکی اسطرح پر ہے سوامی جی اسیطرح ویشیشک شاستر مین کناد منی نے بھی کہا ہے۔

तद्वचनादाम्नायस्य प्रामाण्यं

ارتھ یہہ ہے کہ وید پرمیشور کے کہے ہوے ہین ان مین ستہ ودیا اور دہرم کا پرتی پادن یعنی بیان ہے اس سے چارون وید قدیم ہین ایسا ہی سب لوگون کو ماننا مناسب ہے کیونکہ پرمیشور قدیم ہے اس سے اوسکی ودیا بھی قدیم ہے جواب البتہ ویشیشک شاستر کے پہلے ادہیاے کا یہہ تیسرا سوتر ہے لیکن اسمین قدیم ہونے وید کی بحث نہین اسیواسطے معنی قدامت سے خالی ہے یعنی اس سوتر مین ایسا کوئی لفظ مندرج نہین ہے کہ جو معنی قدامت پر دال ہووے دیانند سرسوتی نے یہ تو نون کو دہوکہا دینے کے لیے سوتر مذکور کی تفسیر مین (چارون اور قدیم) یہہ دونون لفظ اپنی طرف سے بڑہاے ہین اور بجاے مفرد کے صیغہ جمع بھی اون ہی کا تصرف ہے سوتر مذکور کا اصلی ترجمہ اسطرح پر ہے کہ پرمیشور کا بچن ہونے سے وید پرمان یعنی سند ہے کناد سوتر کی بہاشیہ کار نے بھی اسیطرح پر سوتر مذکور کی تفسیر کی ہے اصل عبارت وانکی یہ ہے

तदित्यनुपक्रान्तमपि प्रसिद्धिसिद्धतयेश्वरं परामृशति यथा तदप्रामाण्यमनृतव्याघातपुनरुक्तदोषेभ्य इति गौतमीयसूत्रे तच्छब्देनानुपक्रान्तोऽपि वेदः परामृश्यते तथा च तद्वचनात्तेनेश्वरेण प्रणयनादाम्नायस्य वेदस्य प्रामाण्यमिति

یعنی اگرچہ اوپر پرمیشور کا ذکر نہین ہے مگر چونکہ پرمیشور مشہور و معروف ہے اسواسطے بغیر مرجع کے بھی ضمیر اوسکی طرف راجع ہے جیسے کہ گوتم رشی کے سوتر مین بغیر مرجع کے ضمیر وید کی طرف بسبب اوسکی شہرت کے راجع ہے معنی آنکہ اوسکا یعنی پرماتما کا

راہ فنا بتلاتے ہیں مثلاً لفظ گو میں جو کہ ملفظ گاف کا ہے وہی اوسکی پیدائش ہے کہ
ملفظ کے ساتھہ ہی گاف پیدا ہوتا ہے اور جو کہ ملفظ گاف کا نیست و نابود ہوتا ہے وہی
اوسکا مفقود ہونا ہے کہ جسوقت ملفظ گاف کنارہ گیر ہوتا ہے فوراً گاف بہی فنا پذیر ہوتا ہے
پس گویا ملفظ گاف کی اوتپتی اور ناش ہی گاف کا وجود اور عدم ہے دوسری بات
ہرگز نہیں ہے پہر سوامی جی جو کہتے ہیں کہ (آکاش میں شبد کے حاصل ہونے سے شبد
سب جگہہ بہرے ہیں) وہ بہی غلط ہے کہ آکاش میں شبد کا حاصل ہونا اوسکی سب جگہہ
بہرے ہوئے ہونے کی دلیل ہرگز نہیں ہوسکتی بلکہ اسبات کی دلیل ہے کہ شبد
اور آکاش کے درمیان کچہہ تعلق ہے اور وہ سوائے اسکے نہیں ہے کہ شبد آکاش
کا گن ہے اور دونوں کے تعلق کو سنسکرت میں گن گنی بہاو کہتے ہیں پہر سوامی جی کا
یہہ قول کہ (اس سے یہہ ثابت ہوا کہ شبد آکاش کی مانند قدیم ہیں) محض غلط ہے کہ
اس سے قدامت شبد ہرگز ثابت نہیں ہوتی بلکہ یہہ ثابت ہوتا ہے کہ شبد حادث ہیں کہ جبتک
کام وزبان متحرک نہیں ہوتے شبدوں کا تلفظ وسمع وقوع میں نہیں آتا اس سے
معلوم ہوا کہ حرکت کام وزبان ہی سے شبد حادث ہوئے ہیں و اگر نہ حرکت مذکور کے
بغیر شبد کے ظہور کا کون مانع ہے قطع نظر ان تمام دلایل سے اگر شبد آکاش کی مانند قدیم
بہی ہوئیں تو ویداقدس میں کسطرح کی خصوصیت ثابت نہیں ہوتی بلکہ توریت انجیل قرآن
وغیرہ بہی قدامت میں وید کی برابر ہیں کہ ویسے ہی شبد روپ ہیں حتی کہ سوامی جی کے عقیدہ
کے موافق سنگ وخر کی آواز بہی قدامت کے بارہ میں وید سے کم نہیں ہے ان ہی
عقائد فاسدہ کی اشاعت کے لئے سوامی جی حامی وید بنتے ہیں جس طور پر کہ آریوں کے
یہاں وید قدیم ہے وہ طریق انیق اوپر مفصل مرقوم ہوا دوبارہ کی ضرورت نہیں ہے اسکے
بعد سوامی جی نے بحوالہ جیمنی منی کے شبد کی قدامت میں جو کچہہ گفتگو کی ہے اوسکا جواب
یہہ ہے کہ جیمنی منی کے مطالب ومعنی کے سمجہنے کے لئے عقل وادراک چاہئے اگر سوامی جی

ہوتا ہے الفاظ سے اور الفاظ مرکب ہین حروف سے مرکب کے حدوث مین کسی دانا
وعاقل کو کلام نہین ہے سنی مسلمانون نے جو کلام الہی کو دو طور پر بیان کیا ہے ایک
لفظی دوسرا نفسی وہ بھی عقلمندی کی بات نہین ہے اور صورت مبند مین اوسکی بخوبی تکذیب
کی گئی ہی زیادہ تر کسی رسالہ مین پھر بھی کیجاوے گی **سوامی جی** شبد آکاش کی مانند
سب جگہ پر پور ہے ہین مگر جب تک تلفظ عمل مین نہین آتا ظاہر اسنائی نہین دیتے جیسے
(گو) اسکے تلفظ مین جب تک تلفظ گاف مین رہتا ہے واو مین نہین ہے اور جب واو
مین ہے تب گاف مین نہین اسی قیاس پر تلفظ کی اوتپتی اور ناش ہوتا ہے شبدونکا نہین
آکاش مین شبد کے حاصل ہونے سے شبد اکھنڈ ایک رس سب جگہہ بھرے ہین مگر جب تک
زبان اور ہوا کی حرکت نہین ہوتی تب تک شبدون کا تلفظ و تسمع نہین ہوتا اس سے
یہہ ثابت ہوا کہ شبد آکاش کی مانند قدیم ہین **جواب** (شبد آکاش کی مانند سب جگہہ
پر پور ہے ہین) یہہ فقرہ غلط محض ہے کہ اس سے لازم آتا ہے کہ آکاش مظروف ہے
اور سب جگہہ ظرف ہے کیونکہ جو چیز کہین پر ہوتی ہے وہ پر ہونے والی چیز مظروف ہے
اور جسمین پر ہوتی ہے اوسکا نام ظرف ہے جبکہ شبد آکاش کی طرح سب جگہہ بھرے
ہین تو اس سے واضح ہوا کہ آکاش بھی جا بجا بھرا ہوا ہے حالانکہ یہہ امر غلط ہے
کیونکہ آکاش نہ کسی جگہہ بھرا ہے اور نہ کسی کا مظروف ہے بلکہ کل اشیا آکاش ہی مین بھری
ہین اور آکاش کل اشیا کا ظرف ہے حقیقت اشیا کو اوسکے بعکس سمجھنا سوامی جی کی
علمیت کا نتیجہ ہے یہہ سوامی جی کا مطلب اصلی کہ (شبد سب جگہہ پرپور ہے ہین) بالکل
خبط ہے کیونکہ اگر شبد سب جگہہ پر ہوتے تو ہر وقت کل اشخاص کو مسموع ہوتے کہ قوت سامعہ
کا استماع ہی کام ہے عجیب بات ہے کہ شبد جا بجا پر ہین اور قوت سامعہ اپنے کام مین مصروف
ہے پھر بھی شبد سنائی نہین دیتے مگر اوسیوقت کہ فعل تلفظ عمل مین آتا ہے پس معلوم
ہوا کہ شبد وقت تلفظ خلق کئے جاتے ہین اور جبکہ فعل تلفظ کا خاتمہ ہوتا ہے فی الفور شبد بھی

برآمد نہین ہوتے مثلاً ہاتھہ پر ہاتھہ مارنے سے جو آواز نکلتی ہے وہ بہی شبد ہے مگر زبان سے اوسکا کچھہ تعلق نہین ہے لہذا سوامی جی نے جو شبد کی تعریف لکھی ہے وہ جامع بھی نہین ہے یعنے کل شبدون پر صادق نہین آتی اسکا نام سنسکرت مین ابیاپتی ہے تعریف ایسی چاہیے کہ جامع اور مانع ہووے یعنی ابیاپتی اور اتی بیاپتی سے بری ہووے پس شبد کی تعریف یہہ ہی مناسب ہے کہ جسکا کان سے گرہن ہووے یعنی قوت سامعہ سے جسکا علم ہووے اسیواسطے نیاے شاستر کی کتابون مین کہا ہے

॥ श्रोत्रग्राह्यो गुणः शब्दः ॥

یعنی شبد وآواز اوسکو کہتے ہین کہ جو قوت سامعہ سے مدرک ہووے اگر فرض کیا جاے کہ سوامی جی کا مصطلحہ شبد قدیم ہووے تو وید اقدس مین کوئی خصوصیت ثابت نہین ہوتی کیونکہ جس صورت مین سارے شبد قدیم و ازلی ہین تو وید و انجیل و قران و الہا و طوطی نامہ وغیرہ سب برابر ہین بلکہ خرس و خنزیر و خر وغیرہ کی آواز بہی کم نہین کہ وہ بہی زبان سے نکلتی ہے عقل سے جانی جاتی ہے آکاش مین رہتی ہے اسی عقل و ادراک پر سوامی جی وید کے حامی بنے ہین زیادہ تر افسوس ہے دیانند پنتھیون کی عقل پر کہ ایسے ایسے مسایل واہیہ پر دل و دین نثار کرتے ہین جنکا انجام یہہ ہے کہ کوے اور گدہے کی آواز بہی وید کی برابر ہے کہ قدامت مین یہہ کل مساوی ہین جیسے وید قدیم ہے اسیطرح وہ بہی قدامت سے خالی نہین ہین حقیقی آریون کے مذہب مین تو وید اوسی طور پر قدیم و ازلی ہے کہ پرماتما انادی کال سے ہر ایک سرشٹی کے شروع مین اسی ترتیب کے ساتھہ برہما جی پر وید نازل کرتا ہے جو کہ فی زمانہ موجود ہے پس قدامت وید کا حاصل یہہ ہوا کہ کل سرشٹیون کی آدی اور شروع مین ایک ہی آنوپوربی اور ترتیب کے ساتھہ وید کا نازل ہونا اوسکی ہمیشگی اور ازلیت ہے فی الحقیقت تو کوئی کلام قدیم و ازلی نہین ہے کہ مرکب

اجزا ہین وے سب جاویدانی وغیر فانی ہین اور شبد اونکو کہتے ہین کہ جنکا کان سے
گرہن ہوتا ہے اور جو عقل سے جانے جاتے ہین اور جو زبان سے نکلنے کے سبب ظاہر ہوتے
ہین اور جنکی رہنے کی جگہہ آکاش ہے جواب پتنجلی وغیرہ نے جو کچھہ کہا ہے اوسکے
سمجھنے کے سے معذر چاہیے آپ کہیے کہ شبد ازلی و قدیم کیونکر ہین جبکہ تم خود کہتے ہو
کہ شبد ذی اجزا ہین اور اجزا اونکے حروف وغیرہ ہین تو اونکا ازلی و قدیم ہونا غیر ممکن
و محال ہے کیونکہ جو جو اشیا سادیونی ذی اجزا ہین وہ وہ حادث و فانی ہین جیسے قلم
و دوات وغیرہ ذی اجزا بھی ہین اور حدوث و فنا بھی رکھتے ہین سوامی جی کی عقل پر
افسوس ہے کہ اجزا کے قدیم ہونے کو ذی اجزا کے قدیم ہونے کی دلیل ٹھیراتے ہین اور کہتے ہین کہ تمام
شبد قدیم ہین کہ اونکے حروف وغیرہ اجزا جاویدانی ہین اے مہاراج اگر آپ کی دلیل کافی ہووے
اور تمہارے مطلب کو مدلل کرے تو تمام اشیا خشت و سنگ وغیرہ غیر حادث و قدیم ثابت
ہوونگی کہ آپکے عقیدہ مین انکے اجزا بھی جنکو سنسکرت مین پرمانو اور عربی مین جزو لایتجزی
اور جوہر فرد کہتے ہین قدیم و غیر حادث ہین پھر سوامی جی نے اسکے بعد جو شبد کی تعریف
لکہی ہے وہ بھی محض غلط ہے کہ (جو عقل سے جانے جاتے ہین اور جو زبان سے نکلتے ہین
اور جنکے رہنے کی جگہہ آکاش ہے) یہہ تینون قیدین فضول ہین کسواسطے کہ عقل سے
ساری چیزین جانی جاتی ہین شبد کی کچھہ خصوصیت نہین ہے اگر یہہ قید بھی شبد کی
تعریف مین شامل کیجاوے تو ساری چیزین شبد مین داخل ہوونگی کہ عقل سے جانی
جاتی ہین حالانکہ اونکو کوئی دانا شبد نہین جانتا اسیطرح آکاش مین کل اشیا
رہتی ہین پس اگر آکاش مین رہنا شبد ہونے کا سبب ہووے تو تمام اشیا کو شبد
کہنا چاہیے کہ سب کے رہنے کی جگہہ آکاش ہے پس یہہ تعریف مانع نہین ہے یعنی
شبد سے غیر مین بھی صادق آتی ہے اسکا نام سنسکرت مین اتی بیاپتی ہے پھر شبد کے
بارے مین زبان سے نکلنے کی قید بھی غلط ہے کیونکہ اکثر شبد ایسے ہین کہ زبان سے

مگر یہہ سوامی جی کا خیال خام ہے کہ کاغذ کا کم خرچ ہونا اور تھوڑی جگہہ مین
بہت عبارت کا آجانا اچھی گی در عمدگی نہین ہے بلکہ ندرت و غرابت اوسمین ہے کہ
جیسا کاتبا پڑہا جاوے لہذا انزول وید منتر کرت ہی مین مناسب ہوا گو کاغذ زیادہ خرچ
ہوتا ہے پھر سوامی جی جو کہتے ہین کہ اگر جتنے دیش بہاشا ہین اونمین رچتے تو کتابون کی
انتہا ہی نہوتی وہ محض غلط ہے کہ تمام دیش بہاشا محدود و محدود ہین نا بے انتہا
ہرگز نہین ہین جس صورت مین کہ دیش بلکہ کل انسان معلوم و محدود ہین تو اونکی بہاشا
اور بولی کے محدود و محدود ہونے مین کیا کلام ہے سوامی جی کی عقل و دانش پر
افسوس ہے کہ اتنا بھی نہین جانتے کہ دنیا مین انسانون کی بولی اور زبان محدود
ہین نا بے انتہا ہین بڑے افسوس کی بات یہہ ہے کہ دیانند سرسوتی کی رائے مین
انسانون کی بولیان تو بے انتہا ہین مگر انس و جان و دد و دام و حشرات طیور وغیرہ کی
ارواح ہونے کے بے انتہا ہونے مین قباحت ہے پھر سوامی جی کی یہہ گفتگو کہ (اسوا
پرمیشور نے ہمہ دان بہاشا مین وید رچے) سراسر لغو ہے کہ کوئی زبان اور بہاشا ہمہ
دان اور ہمہ جان نہین ہو سکتی کیونکہ ہمہ دانی اور ہمہ جانی خاصہ جاندار ہے کہ گیان
اور علم چیتن ہی کا دہرم ہے بولی اور بہاشا جاندار و چیتن نہین ہو سکتی بلکہ غیر
ذیروح اور جڑ ہے پس یہہ سوامی جی کی دانائی اور لیاقت کا ثمرہ ہے کہ جڑ اور چیتن
مین امتیاز نہین دے سکتے اب مخفی نرہے کہ جیسے دیانند سرسوتی نے ستیارتھ پرکاش مین
وید کے حدوث و قدامت کے بارہ مین گفتگو پریشان کی ہے ویسے ہی بھومیکا مین
بہی اکثر جگہہ لکہتے ہین کہ وید پرمیشور نے رچے ہین اور اوسمین سے کہین با وصف اسکے
پہر کہتے ہین کہ وید انادی اور قدیم ہین ہم سوامی جی کے اقوال اول کو بسبب
کثرت کے قلم انداز کرکے اقوال دوم پر نظر غور فرماتے ہین سوامی جی پتنجلی
وغیرہ رشی کہتے ہین کہ سارے شبد ازلی و قدیم ہین کہ اونکے جتنے حروف وغیرہ

مین رہے جاتے تو بڑی بڑی کتابین ہوجاتین اور ایک ہی ملک کا اوپکار ہوتا اگر جتنی دیش بہاشا مین اون مین رہتے تو کتابون کی انتہا ہی نہوتی اسواسطے پرمیشور نے ہہر دان بہاشا مین وید رچے ہین **جواب** (رچے گئے ہین - رچے جاتے رچتے - رچے ہین) سوامی جی کے ان چارون لفظ سے اونکا عقیدہ ظاہر ہے کہ وہ وید کی اوتپتی کے قایل ہین اور ظاہر ہے کہ جو کوئی کسی چیز کی اوتپتی کا قایل ہوگا تو وہ اوسکے ناش پر بہی اقرار کریگا پس سوامی جی کے عقیدہ کا خلاصہ یہہ ہوا کہ اونکے نزدیک وید حادث و فانی ہے پس وہ کس منہہ سے جابجا کہتے ہین کہ وید پرمیشور کی ودیا ہے اور اوتپتی اور ناش سے منزہ ہے پہر سوامی جی جو کہتے ہین کہ اگر بہاشا مین وید رچے جاتے تو بڑی بڑی کتابین ہوجاتین وہ محض غلط ہے کیونکہ جسقدر عبارت سنسکرت کی جتنی جگہہ پر سماتی ہے وتنی ہی جگہہ پر اوسیقدر عبارت بہاشا کی لکہی جاتی ہے مثلاً

देवदत्तस्यपुत्रः

یہہ عبارت سنسکرت کی ہے اور اسمین مفرد اور مرکب آٹہہ حرف ہین اگر اسکی بہاشا کیجاوے تو اوسمین بہی آٹہہ ہی حرف ہوونگے چنانچہ

देवदत्तकाबेटा

اگر بالفرض سنسکرت کی بہ نسبت بہاشا مین ایک دو حرف کی کمی و بیشی بہی ہووے تو وہ قابل لحاظ نہین ہے کہ اسقدر تفاوت سے ضخامت کتاب اندک و بسیار نہین ہوسکتی البتہ سنسکرت اور بہاشا کی بہ نسبت اردو مین کم جگہہ گہرتی ہے یعنی اگر یہہ ہی عبارت سنسکرت اور بہاشا کی اردو مین تحریر کیجاوے تو کم جگہہ گہیر لیگی اور کاغذ تہوڑا خرچ ہوگا یہہ ہی حال فارسی کا ہے ان زبانون مین جگہہ تہوڑی گہرنے اور کاغذ کم لگنے کا سبب یہ ہے کہ اعراب نفس حروف مین داخل نہین ہوتے اسیواسطے انکے پڑہنے مین دقت پڑتی ہے تفصیل اسکی اوپر ہوچکی پس سوامی جی کی جواب کی بنیاد پر وید اردو یا فارسی مین نازل ہونا چاہتا تہا کہ وہان عبارت طویل اندک کاغذ مین سماتی ہے

جی کی ہر ایک بات کو سچ مانینگے تو اونکی فہم و فراست پر افسوس ہے **سوال** پرماتمانے وید مقدس سنسکرت زبان مین کسواسطے نازل فرمایا شاید کہ پرمیشور کی زبان سنسکرت ہی ہے اگر دیش بہاشا مین ہوتا تو بآسانی لوگون کی سمجھہ مین آتا **جواب** بلاشبہ سنسکرت دیوتاؤن اور پرمیشور کی زبان ہے لہذا اوسکو دیوبانی اور سربانی کہتے ہین کہ لفظ دیوا ورسر سنسکرت مین بمعنی پرمیشور اور دیوتا کے مستعمل ہے اسوجہہ سے وید کا نزول سنسکرت ہی مین مناسب ہے اگر دیش بہاشا یعنی زبان ملک مین وید نازل ہوتا تو پرمیشور پر ترجیح بلامرجح لازم آتی کہ دیش بہاشا سیکڑون ہین جس دیش کی زبان مین کتاب نازل ہونے اوسمین دوسری زبان کی بہ نسبت کوئی خصوصیت ہونی چاہیے اگر کسی زبان مین بہ نسبت کل زبانون کے تخصیص نہین ہے تو ہر ایک ملک کی زبان مین جداگانہ کتاب کا نزول ضروریات سے ہے پس پرمیشور کی صدہا کتابین ہونی چاہئین حالانکہ تین چار ملک والون ہی کو دعوی ہے کہ ہمارے دیش کی زبان مین پرمیشور نے کتاب بھیجی ہے مثلاً باشندگان عرب کہتے ہین کہ عربی زبان مین خدانے محمد صاحب پر قران نازل کیا اب جو لوگ کہ قرآن کو کلام الہی جانتے ہین اونپر واجب ہے کہ زبان عربی مین بہ نسبت دوسری زبانون کے کسی طرح کی خصوصیت ثابت کرین ورنہ جناب الہی لوث ترجیح بلامرجح سے بری نہین ہے گویا خدا کو عربون کی رعایت منظور تھی کہ اونپر تعلیم و تعلم قران آسان کیا مگر یہہ بات غلط محض ہے کہ پرمیشور کا دامن عاطفت و رحمت غبار تعصب سے منزہ ہے اسواسطے اوسنے وید اقدس اپنی ہی زبان مین برہماجی پر نازل فرمایا غرض یہ ہے کہ سنسکرت کو کل زبانونپر ترجیح حاصل ہے کہ پرمیشور کی زبان ہے لہذا اوسی مین نزول وید مناسب ہے جو کچھہ کہ سوامی دیانند سرسوتی نے اس سوال کا جواب دیا ہے اوسکو بجنسہ نقل کرکے نظر انصاف سے دیکھتے ہین **سوامی جی** سنسکرت مین اس سبب سے وید رچے گئے ہین کہ چھوٹی کتاب مین سارے علم آجاوین اگر بہاشا

رچا ہے اگر سوامی جی اپنے اسی قول پر قایم ہین تو لا کلام اونکی راے مین پرمیشور کی ودیا اور علم کسی روز پیدا ہوتا ہے اور جبکہ اوسکے لیے پیدایش ہے تو ایک دن فنا بھی ضرور ہوگا کہ حادث کی فنا واجبات سے ہے ع کہ حادث کو فنا لازم ہے ہر دم ٭ بقا واجب کو لابد ہے مسلم ٭ اگر کوئی دیانندی کہے کہ سوامی جی نے لفظ (رچا ہے) اور ہی معنی مین استعمال کیا تو محض غلط ہے کہ اسی بحث مین ستیارتھ پرکاش کے صفحہ ۲۲۴ دو سو چوبیس وغیرہ مین اکثر جگہ خود سوامی جی لفظ رچا بمعنی بنایا لاے ہین پس لاجرم سوامی جی کی عقل مین فتور ہے کہ رچا بجا کہتے ہین کہ وید پرمیشور نے رچا ہے اور اکثر جا دعوی کرتے ہین کہ وید پرمیشور کی ودیا ہے اور اوتپتی اور ناش سے مبرا ہے **سوامی جی** بھاگوت مین جو لکھا ہے کہ بیاس جی نے وید رچے ہین وہ ویدون کی نندا یعنی مذمت ہے اور غرض اوس سے یہہ ہے کہ جس نے وید رچے مین اوسی نے بھاگوت رچا ہے اور ویدون کے رچنے سے بیاس جی کی شانتی نہوئی مگر بھاگوت کے رچنے سے اونکو شانتی ہوئی اسواسطے بھاگوت ویدون سے بہتر ہے **جواب** یہان سے سوامی جی کی پانڈتہ اور علمیت بخوبی ظاہر ہے کہ اونہون نے نگاہ سے بھاگوت بھی نہین دیکھا اگر دیکھا یا سنا ہوتا تو عبث کاغذ سیاہ نہ کرتے اور غلطی صریح مین نہ پڑتے اسی بیہودہ گوئی پر دعوی یکتائی ہے ع شیشہ حجر بغل مین پنہان ہے ٭ پھر بھی دعوی ہے پارسائی کا جبکہ بھاگوت مین مضمون مذکور کہین نہین ہے البتہ پہلے سکندہ کے تیسرے ادھیای مین یہہ لکہا ہے کہ بیاس جی نے کلجگ کے لوگون کی کم استطاعتی پر نظر کرکے ایک وید کے چار حصے کر دیے۔

चातुर्होत्रंकर्मशुद्धंप्रजानांवीक्ष्यवैदकं
व्यदधाद्यज्ञसंतत्यैवेदमेकंचतुर्विधं ॥१९॥

اسکے بعد بھاگوت مین یہہ مضمون ہے کہ بیاس جی نے بھارت بنایا اور اونکی تسکین نہوئی اسواسطے اونہون نے بھاگوت تصنیف کیا فقط اتنے پر ہی اگر دیانندی لوگ سوامی

رچا ہے مگر اپورشیہ ہی اور پورشیہ بہی ہی کیونکہ پورش مجسم جیو کو کہتے ہین اور پورن ہونے سے پرمیشور
کا بہی نام پرش ہے وید اپورشیہ اس سے ہے کہ کسی دیہہ دہاری جیو کا رچا نہین ہے
اور پورشیہ اس سبب سے ہے کہ پورن پرش پرمیشور نے رچا ہے اور اس ہی کارن سے
بہی وید اپورشیہ ہے کہ پرمیشور کی سناتن ودیا ہے کہ پرمیشور کی ودیا کی نہ کبہی اوتپتی ہوئی
ہے اور نہ ناش جواب جبکہ وید پرمیشور نے رچا ہے تو اپورشیہ کہان رہا بلکہ پورشیہ
ٹہیرا کیونکہ پورشیہ اوسکو کہتے ہین کہ جسکو کسی پرش نے بنایا ہووے اور پرش کہتے ہین جیو
آتما اور پرماتما کو تحقیق اسکی اوپر گذری پس وید اپورشیہ کسیطرح پر نہین ہو سکتا کہ بقول سوامی
جی کے پرش کا بنایا ہوا ہے لہذا سوامی جی کا یہہ کہنا کہ وید اپورشیہ بہی ہے محض غلط ہے
شاید کہ وے پورشیہ اور اپورشیہ کے معنی نہین جانتے علاوہ اسکے جبکہ وید پرماتما کا رچا ہوا ہے
تو وہ پرمیشور کی سناتن ودیا کہان سے ہوا بلکہ پرمیشور کا ساخته اور اسناتن ٹہیرا کیونکہ
جو چیز کسی وقت بنائی جاتی ہے وہ سناتن اور جاودانی ہرگز نہین ہو سکتی شاید کہ سوامی
جی (رچا ہے) اپنے اس لفظ کے معنی نہین جانتے بغیر جانے بوجہے وید کے بارہ مین
اوسکا استعمال کر بیٹہے ہین سوامی جی کی عجب عقل ہے کہ وید کو پرمیشور کا رچا ہوا بہی کہتے
ہین اور پہر اوسی وید کو پرمیشور کی ودیا اور گیان بہی قرار دیتے ہین شاید کہ اونکے عقیدہ
مین اول پرمیشور ودیا اور گیان نہ رکہتا تہا بلکہ اودیا شونیہ اور مورکہہ یعنی بے علم و جاہل تہا
پس اوسنے اپنے گیان اور ودیا کو خود رچا اور گیان وان اور عالم ہوا اگر یہہ ہی بات
ہے تو ایک دن پہر حالت اصلی پر آجاویگا اور بے علم و بے عقل رہجاویگا کیونکہ جو شئے
حادث ہے وہ بالیقین فانی ہے چنانچہ شاستر کارون کا مشہور مقولہ ہے ۔ यत्कृतकं तदनित्यं
یعنی جو جو حادث ہے وہ وہ فانی ہے پس وید کیونکر اپورشیہ اور پرمیشور کی ودیا ہے
اگر بفرض محال پرمیشور کی ودیا ہی ہے تو بقول سوامی جی کے اوسکی اوتپتی اور ناش مین
کیا شک ہے کہ عنقریب سوامی جی زبان مبارک سے فرما چکے ہین کہ وید پرمیشور نے

جنکی نبوت و رسالت کے ہم لوگ قائل ہین اونکی طرف اس قسم کا احتمال ابدًا نہین ہو سکتا کہ
برہما جی کے ظہور کے وقت اونکی برابر مرتبہ و منصب و علم و ادراک مین کوئی نہ تہا کل کی نسبت
فوقیت و برتری ظاہری و باطنی اون مین نمایان و عیان تھی کہ وے تمام دیوتا اور انسان کے
جد بزرگوار تہے سب اون ہی سے پیدا ہوئے تھے اور سب نے اون ہی سے تعلیم پائی
تھی بلکہ جس کسیکو جو کچہہ مرتبہ و منصب حاصل ہوا وہ اون ہی کے ذریعے اور وسیلہ سے
تہا اپنے پسر و نبیرہ و شاگرد و مرید و مطیع و پرستار و خدمتگار پر بزرگی و عزت پانے کی
لئے کوئی متنفس تدبیر نہین کرتا کیونکہ ایسے اشخاص پر خود ہی عزت و عظمت ثابت ہوتی ہے
تحصیل حاصل کی مشقت مین کون پڑتا ہے پس برہما جی کس عزت و شوکت کے حاصل
کرنے کے واسطے جہوٹہا دعوی کرتے کہ ساری بزرگیان اون مین روز پیدایش سے
خدا داد مہیا تہین کسی عزت و شان کی اونکو پرواہ نہ تھی لہذا ترجیح بلا مرجح کا
بہی امکان نہین ہے کیونکہ اوتعالی نے اونکے اعمال حسنہ کی موافق جو کہ پچہلی سرشٹی
سے باقی رہگئے تہے برہما جی کو ساری بزرگیون اور عزتون کے ساتہہ پیدا کیا تہا اور منصب
نبوت و رسالت دیا تہا پس لاجرم اونکے تئین تمام مخلوق پر ترجیح حاصل تھی علاوہ
اس تمام کے وید مقدس مین اونکے مطلب کا کوئی مضمون نہین ہے بخلاف قرآن کے
کہ نصف کے قریب محمد صاحب کی حظ نفس پیغمبرانہ کی لئے قرمزدہ ہے اس تمہید سے محقق ہے کہ صرف برہما جی پرماتما
کے وقت یعنی پیغمبر ہین اور موسی وغیرہ کی رسالت مخدوش ہے اسیطرح ایک وید
اقدس ہی کتاب آسمانی ہے اور توریت وغیرہ کی سماویت مشکوک ہے اب جاہیے
جاننا کہ سوامی دیانند سرسوتی نے ستیارتہہ پرکاش کے صفحہ ۲۴۴ سو چوانسی وغیرہ مین دربارۂ
وید گفتگو سے پریشان کی ہے اب ہم بطور خلاصہ اونکی عبارت نقل کرکے جواب دیتے ہین
ستیارتہہ پرکاش کی عبارت کی شروع مین قلم جلی سے لفظ سوامی جی ہے اور ابتدائی
پاسخ مین کلمہ جواب ہے سوامی جی ... [illegible]

ہین اونکو یہہ ہی خواہش وہوس دامنگیر ہوتی ہے کہ جیسے فلانے اور فلانے کی
بات سب لوگ مانتے ہین اور تعظیم وتکریم کرتے ہین ایسے ہی کسیطرح ہم کو بھی عزت
و شہرت حاصل ہووے کہ ہماری بھی دنیا مین شہرت پھیلے اور نام وری باقی رہے
چنانچہ جسوقت موسیٰ وغیرہ نے نبوت کا دعوی کیا تہا ہزارہا اشخاص اونکی بہ نسبت
علم وفضل و دولت وعزت مین برتر اور بڑہکر تھے اور اطراف وجوانب مین اپنے دعوی
رسالت کے سبب سے نبی وپیغمبر مشہور ہو رہے تہے اور لوگ اونکے نام پر اپنا مال وجان
نثار کرتے تہے پس جاے احتمال ہے کہ موسیٰ وغیرہ نے اپنے زمانہ کے اشخاص کی ترقی
جاہ وحشمت پر نظر کرکے خیال کیا ہووے کہ کوئی حیلہ پیش کرنا چاہیے کہ جس سے ہم کو
فلان اور فلان کی برابر مراتب ومناصب حاصل ہووین اور عوام وخواص ہماری طرف
رجوع کرین چنانچہ اب بہی دیکہا جاتا ہے کہ بہت لوگ عزت وامتیاز پانے کے لیے اپنے تئین
اہل کرامت وولایت ظاہر کرتے ہین علی الخصوص محمد صاحب کے زمانہ مین زرتشت وموسیٰ
وعیسیٰ وغیرہ کی نعت وستایش گردنواح کے باشندون کی زبان پرجاری تہی اور ملک ایران و
شام کے لوگ اونکو مقرب جناب کبریا جانکر پرستش کرتے تہے تواریخ سے ثابت ہے کہ محمد صاحب
اکثر ملکون مین چالیس برس کی عمر تک سوداگری کے لئے جاتے رہے اور یہہ سارا احوال بنظر
خود ملاحظہ فرماتے رہے پس ظن غالب ہوتا ہے کہ اونکے دل مین یہہ ہی سمایا ہووے کہ جیسی تعظیم وتکریم
زرتشت وموسیٰ وعیسیٰ کی ہو رہی ہے ایسی ہی عزت وعظمت مجکو ملے لہذا اونہون نے اپنی
خواہشات کو رواج دینے کے لئے بدروغ دعوی نبوت کیا ہووے اور اپنی مصنفہ کتاب کو خدا کی
طرف منسوب فرمایا ہووے چالیس برس کی عمر مین اپنے لئے رسول ظاہر کرنے سے ہمارا ظن مبدل
بہ یقین ہوتا ہے ورنہ محمد صاحب مین کیا خصوصیت تہی کہ اوتعالی نے اونکو اپنا رسول قایم کیا کہ اوسوقت
حسب ونسب وفہم وفراست مین اون سے افضل واکمل لوگ ملک حجاز مین موجود تہے چنانچہ اس بات کا تذکرہ
اوسوقت کے لوگون نے بہی کیا تہا تفاسیر قرآن مین دیکہو تو شاید کہ خدا محمد نے ترجیح بلا مرجح پسند کی ہووے

یعنی پرماتما ہاتہہ اور پاؤن نہین رکہتا مگر ہاتہہ اور پاؤن کا کام کرتا ہے آنکہہ سے منزہ ہے اور دیکہتا ہے وہ کان نہین رکہتا اور سنتا ہے فقط چونکہ پرمیشور قادر مطلق ہے اسواسطے اوسکو کلام کرنے مین زبان کی ضرورت نہین ہے کہ وہ زبان کی زبان ہے چنانچہ تولکار اپنشد مین ہے۔

श्रोत्रस्य श्रोत्रं मनसो मनो यद् वाचो ह वाचं स उ प्राणस्य प्राणः चक्षुषश्चक्षुः ॥

یعنی پرماتما کان کا کان ہے من کا من ہے زبان کی زبان ہے پران کا پران ہے آنکہہ کی آنکہہ ہے یعنی کل حواس اوسی کی عطا کی ہوئی قوت سے اپنے کام مین مصروف ہین فقط جبکہ یہہ حال ہے تو وہ کسی چیز کا محتاج نہین ہے بلکہ تمام حواس اپنے اپنے کام مین اوسکی احتیاج رکہتے ہین اور اوسکے بغیر کچہہ نہین کرسکتے فقط علاوہ اسکے انسان بھی بغیر مدد دہان وزبان کے کلام کرسکتا ہے کہ اکثر اوقات ہر شخص بیحرکت کام ودہان کے دل ہی مین وظیفہ پڑہتا ہے دل ہی مین حمد وشکر کرتا ہے دل ہی مین کسی کو گالی دیتا ہے جبکہ انسان کی یہہ شان ہے تو پرماتما کا کیا بیان ہے کہ بغیر سعی ہاتہہ پاؤن وغیرہ کے زمین وآسمان کا خالق ہے جو کوئی کہتا ہے کہ پرمیشور دہان وزبان کے بغیر کلام نہین کرسکتا ہم اوس سے دریافت کرتے ہین کہ پرمیشور نے ہاتہہ اور پاؤن وغیرہ اعضا کے بنا جگت کس طرح بنایا غرضکہ جیسے دست وپا وغیرہ عضو کے بغیر پرماتما ساری سنسار کا خالق ہے ویسے ہی منہہ اور زبان کے بنا گفتگو بھی کرتا ہے اور وید اوسکا کلام ہے **سوال** یہہ کسطرح جانا گیا کہ وید پرمیشور کا کلام ہے شاید کہ برہما جی نے اپنی فضیلت ثابت کرنے کے لئے اپنی مصنوعی کتاب پرمیشور کی طرف منسوب کی ہووے۔ **جواب** اپنی فضیلت جتلانے اور شریعت پہیلانے کے لئے اون ہی لوگون کو مکر وفریب کرنے کی ضرورت پڑتی ہے کہ جن کے عہد مین دوسرے لوگ علم وفضل وعزت وآبرو مین اونکی بہ نسبت زیادتی رکہتے ہووین کیونکہ اس صورت

سوال جبکہ سوتہ پرمان اپنا ثابت کرنے والا آپ ہے تو آتماشری دوش آیا
کہ وہ اپنا محتاج آپ ٹھیرا حالانکہ کوئی اپنا پرمان آپ نہیں ہوسکتا **جواب** اگرچہ
آنکھہ کو دوسری روشنی کی ضرورت ہے کہ وہ اپنی روشن اور ظاہر کرنے والی آپ
نہین ہے ولیکن آفتاب وغیرہ اپنے اور دوسری اشیاکے روشن اور ظاہر
کرنے والے ہین اسواسطے اونکو سوپرکاشک اور پر کاشک کہتے ہین آنکھہ مین
یہہ بات نہین ہے کہ جب تک چراغ وغیرہ کی روشنی نہووے آنکھہ کسی چیز کو نہین
دیکھہ سکتی مثلاً حالت تاریکی مین انسان کو کوئی چیز نظر نہین آتی پس آنکھہ کی روشنی
اشیا کے ظاہر کرنے مین سورج وغیرہ کی روشنی کی محتاج ہے بغیر اوسکے کچھہ نہین کرسکتی
لیکن سورج وغیرہ اپنے تئین بھی اور دوسری اشیا کو بھی پرکاشت کرتے ہین اور
سواے اپنے کسی روشنی کی ضرورت نہین رکہتے اسیطرح ویدبھی سوپرکاشک اور
پرپرکاشک ہے یعنی اپنا پرمان بھی آپ ہی ہے اور دوسرون کا پرمان بھی وہی ہے
لہذا اوسکو دوسری سند کی احتیاج نہین ہے کہ وہ خود سند بالذات ہے اور سورج
وغیرہ کی تشبیہ سے آتماشری دوش بھی نہین آتا کہ جیسی کہ سورج وغیرہ
اپنے اور غیر کے ظاہر کرنے والے ہوتے ہین ایسے ہی وید اپنی سند بھی آپ ہے
اور دوسری کتابون کی بھی ہے اسیواسطے جس کتاب مین وید کی سند قایم نہین
ہے وہ کتاب درجۂ اعتبار سے خارج ہے اگر کوئی کہے کہ پرمیشور مجسم نہین ہے
اور دست و دہان و کام و زبان وغیرہ اعضا سے بری ہے پس وید اوسکا کلام
کیونکر ہوسکتا ہے تو جواب یہہ ہے کہ ہرچند پرماتما کام و دہان وغیرہ اعضا سے منزہ ہے
مگر تمام اعضا کے کام کرنے پر قادر ہے کہ اوسکی قدرت بے انتہا ہے چنانچہ شوتیا شوتر
اونپشد مین آیا ہے ۔

अपाणिपादोजवनोग्रहीतापश्य त्यचक्षुःसशृणोत्यकर्णः ॥

سنسکرت مین سوتہ پرمان کہتے ہین جس سند کو دوسری سند کی احتیاج ہوتی ہے وہ خود سند نہین ہے بلکہ اوس دوسری سند کے ذریعہ سے سند ہو ایسی سند کو پرتہ پرمان کہتے ہین جیسے کہ رشیون کے اقوال کہ وید کے موافق ہونے سے سند ہین سوتہ پرمان ہی کو پرمان تم کہتے ہین لہذا وید پرمان تم ہے کہ دوسرے پرمان کا محتاج نہین ہے جسکو دوسرے پرمان کی ضرورت ہوتی ہے وہ پرمان تر کہلاتا ہے جو پرمان تر کا محتاج ہے وہ صرف پرمان کہلاتا ہے مثلا سوتہ پرمان وید ہے منو نے کہا ہے۔

धर्मजिज्ञासमानानां प्रमाणं परमं श्रुतिः

یعنی جو لوگ کہ دہرم کے جاننے کا ارادہ کرتے ہین اونکو وید پرمان تم ہے۔ یعنی دوسرے پرمان کی حاجت نہین ہے فقط ویدانت سوتر وغیرہ پرمان تر ہین کہ اونکے صرف وید کی مطابقت درکار ہے ویدانت سوتر پر جو آچاریون نے بہاشیہ بنائے ہین وے پرمان ہین کہ پرمان تم و پرمان تر کے محتاج ہین اور نیای وغیرہ شاستر کارون کی اصطلاح مین پرمان کہتے ہین پرما یعنی علم کے آلہ اور ذریعہ کو प्रमाकरणं प्रमाणं یعنی جس سے کسی چیز کا علم اور گیان ہووے وہ پرمان ہے یہہ بحث دور و دراز ہے بدہ کے مذہب مین صرف ایک پرتکش پرمان ہے کناد رشی کے انویایون نے دو[2] پرمان مانے ہین پرتکش اور انومان پتنجلی منی نے یوگ شاستر مین تین[3] پرمان تسلیم کئے ہین پرتکش اور انومان اور شبد گوتم رشی کے مطیعون نے چار پرمان قبول کئے ہین پرتکش اور انومان اور اپمان اور شبد میمانسک لوگ چھہ[6] پرمان مانتے ہین پرتکش[1] انومان[2] اپمان[3] شبد[4] ارتہاپتی[5] انپلبدہی[6] آریون کے یہان تو پرتکش اور انومان اور شبد تین ہی پرمان ہین دیانند سرسوتی نے پران والون کی پیروی کرکے وید بہومیکا وغیرہ مین تمام شاستر کارون کی خلاف آٹھہ پرمان لکھے ہین کسی موقع پر اسبارہ مین بخوبی اونکی تکذیب کیجاوے گی

پرماتما کو اوپنشد پرش کہتے ہین یعنی اوپنشد وغیرہ شاستر کو برہم کے گیان کا وسیلہ اور کارن ہونے سے برہم یونی اس سوتر مین کہا گیا ہے حاصل یہہ ہے کہ پرماتما بدرجۂ غایت لطیف اور سوکشم ہونے سے حواس خمسہ سے اور پرتکش پرمان سے دور تر ہے اور بے نشان اور لنگ شونیہ ہونے سے انومان یعنی شکل منطقی کو بھی وہان رسائی نہین ہے لہذا صرف وید اور اوپنشد ہی کسیقدر اوسکی تفسیر کر سکتے ہین اسیواسطے تو للکار اوپنشد مین آیا ہے۔

यद्वाचानभ्युदितं येनवागभ्युद्यते तदेव ब्रह्मत्वं विद्धि

یعنی جسکو کہ کلمہ اور کلام ظاہر نہین کر سکتے اور جس سے سارے کلمہ اور کلام ظاہر ہوتے ہین اوسی کو تو برہم جان فقط یعنی وید اور اوپنشد کے سوا ے پرماتما تک کسی کلمہ اور کلام کی رسائی نہین ہے۔ اسیطرح تیتریہ اوپنشد مین آیا ہے۔

यतो वाचो निवर्त्तन्ते अप्राप्य मनसा सह

یعنی من کے ساتھہ کلام جسکو نپاکر واپس آتے ہین وہ برہم ہے فقط یعنی پوتر من اور وید اور اوپنشد کے کلام کے سوائے پرماتما تک کوئی نہین پہنچ سکتا اسلئے صرف وید اور اوپنشد ہی اوسکی ذات وصفات کے علم کا وسیلہ اور ذریعہ ہین اس تقریر کا خلاصہ یہہ ہے کہ ویدانت سوتر نے وید کو پورشیہ اور حادث کہین نہین کہا ہے بلکہ بیاس رشی نے ویدانت سوتر کے پہلے ادہیاے کے تیسرے پاد مین صریح نتیہ اور اناوی اور قدیم وازلی کہا ہے وہ سوتر یہہ ہے۔

अत एव च नित्यत्वं

یعنی چونکہ ہر ایک سرشٹی کی آدی مین پرجاپتی یعنی برہما وید کے لفظون کے ارتھہ کو یاد کر کے تمام ذیروح اور غیر ذیروح کی پیدایش کا ذریعہ اور وسیلہ بنتا ہے اس سے وید کی قدامت وازلیت ثابت ہوئی اب چاہیے جاننا کہ آریون کو دہرم اور ادہرم کی تحقیقات مین زیادہ سند بالذات ہے کہ اوسکو دوسری سند کی ضرورت نہین ہے اور ایسی سند کو

اس شرتی کا ارتھہ سمجھنا چاہیے کیونکہ یہان دو فعل واقع ہین ایک جاگرت اور دوسرا جات اور دونون فعل جنی پرا اور بہاوے دہاتو یعنی مصادر سے بنے ہین اور پرا اور بہاو کہتے ہین ظاہر ہونے کو اور ظہور اشیاے موجودہ ہی کا ہوتا ہے پس اس شرتی سے یہی بیہہ ہی اشکار ہوا کہ پرماتما شروع پیدایش مین وید موجودہ ہی کو برہما جی پر نازل کرتا ہے یعنی ترتیب وید ہی کے ساتھہ اونکے دل مین ڈالتا ہے سوال تم کیونکر وید کو قدیم اور اپورشیہ کہتے ہو بیاس رشی نے تو ویدانت سوتر مین وید کو برہم کا معلول اور کاریہ کہا ہے وہ سوتر بیہہ ہے۔

शास्त्रयोनित्वात्

اس سوتر کا ارتھہ بیہہ ہے کہ شاستر یعنی وید کا کارن ہونے سے پرماتما دانائے جز و کل ہے کہ اگر وہ ہمہ دان نہوتا تو ایسا وید کیونکر بناتا پس جبکہ وید پرماتما کا کاریہ ہے اور پرماتما او سکا کارن ہے تو وید قدیم اور اپورشیہ کہان رہا جواب اس سوتر کے وہ معنی غلط ہین صحیح بیہہ ہین کہ اونپشد ہی یونی یعنی پرمان اے سنا جسمین وہ پرماتما ہے اس سوتر مین شاستر سے مراد اونپشد ہی غرض کہ پرماتما مین صرف ویدہی پرمان ہے نہ پرتکش اور انومان کہ پرماتما صورت و رنگ و نشان وغیرہ سے منزہ ہے پس بیہہ ظاہر ہے نیایک پر کہ وہ انومان سے پرماتما کو ثابت کرتے ہین ویدانتیون کا تو بیہہ ہی قول ہے کہ پرماتما کے ثبوت مین پرتکش وغیرہ پرمان کو کچھہ دخل نہین ہے صرف اونپشد ہی سے وہ جانا جاتا ہے اسیواسطے اونپشد مین وارد ہے۔

तं त्वौपनिषदं पुरुषं पृच्छामि

یعنی مین اوس پرش اے محیط کل اشیا کو دریافت کرتا ہون جسکی کہ اونپشد مین تشریح کیگئی ہے فقط لفظ یونی کے معنی سنسکرت مین ذریعہ اور سبب اور وسیلہ اور کارن مین اور لغوی معنی لفظ شاستر کے بیہہ ہین کہ جو ہدایت کرنے والا ہووے اور وہ وید اور اونپشد وغیرہ ہے پس چونکہ صرف اونپشد ہی برہم کے گیان کا ذریعہ اور کارن ہے اسواسطے

ویدکا انادی اور ایورشیہ ہونا اوسی طور پر ہے جیسے کہ آریون کے طرز پر بند کو ہوا اسوال برہدارنہ اوپنشد کی شرتی سے جانا جاتا ہے کہ وید حادث ہے وہ شرتی یہہ ہے۔

अस्य महतो भूतस्य निःश्वसितमेतद्यदृग्वेदो यजुर्वेदः सामवेदोऽथर्वाङ्गिरसः ॥

یعنی رگ وغیرہ وید کے چارون حصے اس علت اولی یعنی جگت کے کارن پرماتما کے نشواس ہے سانس مین فقط اب سانس کے حدوث و فنا مین کسی کو کلام نہین ہے کیونکہ منہہ اور ناک سے پران وایو کے نکلنے کو نشواس اور سانس کہتے ہین جواب یہان نشواس سے مراد یہی ہے جیسے کہ نفس عربی مین بمعنی کلام مستعمل ہے یہہ ہی حال سنسکرت مین اوسکے مرادف لفظ نشواس کا ہے پس برہدارنہ کی شرتی کا حاصل یہہ ہے کہ وید پرماتما کا کلام ہے اس شرتی مین حدوث و فنائے وید کی بحث نہین ہے سوال مذکور کا دوسرا جواب یہہ ہے کہ وید کو پرماتما کا نشواس اسواسطے کہا کہ جیسے جاندار بلا محنت و مشقت کے سانس لیتا ہے اسیطرح پرماتما کو وید کے اوپدیش کرنے مین کسیطرح کی محنت و مشقت نہین پڑتی بلکہ بفور ارادہ کے ابتدائے پیدائش مین برہما جی کو وید اوپدیش کرتا ہے فی الحقیقت پرماتما سانس لینے سے منزہ ہے کہ جسم و جسمانی نہین ہے بغور و تامل دیکھیے کہ کوئی جاندار نشواس اور سانس خود خلق نہین کرتا بلکہ باد موجودہ ہی براہ دہن اور بینی کے برآمد ہوتا ہے اوسیکو نشواس و سانس و نفس و دم کہتے ہین اسیطرح پرماتما سب سرشٹیون کی آدی مین ترتیب قدیم کے ساتھہ وید کا پرکاش کرتا ہے یہہ ہی وید کا ایورشیہ ہوتا ہے اور یہہ ہی وید کی قدامت ہے پھر وید کو نشواس اور سانس کی مانند کہنے سے یہہ بھی ملحوظ و منظور ہے کہ پرماتما مجسم نہین ہے کہ سانس لیتا ہووے اسیواسطے کہا گیا کہ وید کا پرماتما سے ایسا تعلق ہے جیسا کہ انسان وغیرہ جاندار سے سانس کا تعلق ہے کہ باد موجودہ ہی اوسکے منہہ اور ناک سے نکلتی ہے اسی قیاس پر یجروید کی

तस्माद्यज्ञात्सर्वहुत ऋचः सामानि जज्ञिरे छन्दांसि जज्ञिरे तस्माद्यजुस्तस्मादजायत

اور یہہ ہی اوس سے پہلی سرشٹی مین اور یہہ ہی اوس سے پہلی مین اسی قیاس پر
انادی کال تک سمجہو اور ازل سے ہر ایک سرشٹی مین آیات وید کی ایک ہی ترتیب ہونا آریون
کے نزدیک اوسکی قدامت اور ازلیت ہے شرتیون کی ترتیب کو الفاظ اور حروف کی ترتیب
پر بھی حاوی سمجھنا چاہتے یعنے ابتدا زمانہ سے لیکر پرماتما وید کے حروف والفاظ
وآیات کی ایک ہی ترتیب مرعی رکھکر برہما جی کو اوسکی تعلیم کرتا چلا آیا ہے اور لاانتہا
وقت تک وہی ترتیب ملحوظ رکھیگا یہہ ہی وید کا انادی اور اننت ہونا ہے اور یہہ ہی وید کا اپورشیہ
ہونا ہے ساینا چاریہ کہتے ہین کہ جو کتاب کسی انسان کی بنائی ہوئی ہے وہ پورشیہ ہے
اور جو پرماتما کی ساختہ ہے وہ اپورشیہ ہے وید پرمیشور کی صنعت ہونے سے اپورشیہ ہی
فقیر مولف عرض کرتا ہے کہ اس قول کی صحت مین بھی تامل ہے کیونکہ زبان سنسکرت مین پورشیہ
کہتے ہین پرش کے بنائے ہوئے کو اور پرش کے دو معنی ہین ایک جیو دوسرا پرمیشور وید
اور اوپنشد مین بھی لفظ پرش پرمیشور کے لئے آیا ہے چنانچہ یجروید کے اکتیس [۳۱] ادھیای مین ہے

सहस्र शीर्षा पुरुष: + वेदाहमेतं पुरुषमहान्तमादित्य वर्णं तमस: परस्तात् ॥

کٹھولی اوپنشد کے دوسرے ادھیای مین ہے، पुरुषान्न परं किंचित्

پہلی شرتی کے معنی یہ ہین کہ ہم لوگون کے بیشمار سر ہین جس پرش مین نقط دوسری شرتی کے
معنی یہہ ہین کہ مین اوس بڑے پرش کو جانتا ہون جو کہ نورانی ہے اور اگیان سے پرلی طرف
ہے نقط تیسری شرتی کے معنی یہ ہین کہ پرش سے پرلی طرف کچھہ نہین ہے فقط سنسکرت
مین پرش کے معنی ہین پورن اور بیاپک چونکہ پرماتما محیط کل عالم ہے اسواسطے اوسکو پرش
کہتے ہین اور جیو آتما پرش اس سبب سے کہا جاتا ہے کہ وہ اپنے گیان اور علم کے ذریعہ
سے اس جسم کا احاطہ کر رہا ہے غرضکہ جس صورت مین ساینا چاریہ کے عقیدہ کے موافق
وید پرمیشور کا بنایا ہوا ہے تو اوسکے پورشیہ ہونے مین کیا کلام ہے کہ پورشیہ پرش کے ساختہ
کو کہتے ہین اور جو پرش نام پرماتما کا ہے ع پرش پرماتما یہ منیتا نیلس کاری ہے ؟ وہ اصل

مین اخذ کیا گیا ہے پس لفظ وید کے معنی یہہ ہین کہ جس سے پرماتما اور جیو آتما کی ذات و صفات کا اور دونون کے درمیان تعلقات کا کماحقہ گیان ہووے اور واو کو بای موحدہ سے بدلکر لفظ مذکور کو اہل فارس بہی اسی معنی مین استعمال کرتے ہین چنانچہ بیدار مقابل خفتہ اوس شخص کو کہتے ہین جو علم و ہوش رکہتا ہووے کیونکہ بید بہ معنی علم و ہوش ہے اور آر کلمہ نسبت ہے بہار جسم مین دیکہہ تو خیال کرو کہ پرمیشور کا گیان کسی وقت پیدا نہین ہوا جیسی کہ اوسکی ذات کبہی مخلوق نہین ہوئی بلکہ واجب و قدیم ہے پرماتما کا گیان و علم حواس اور اندریون کے اختیار نہین ہے کیونکہ پرمیشور حواس اور اندریہ وغیرہ سے منزہ و پاک ہے یہان شوتیا شوتر اوپنشد کی یہہ شرتی سند ہے

नतस्य कार्यंकरणंचविद्यतेनतत्सम
श्चाभ्यधिकश्चदृश्यते॥ परास्यशक्तिर्विविधैवश्रूयते
स्वाभाविकीज्ञानबलक्रियाच॥

معنی آنکہ اوسکے جسم و حواس نہین مین نہ کوئی اوسکی برابر ہے اور نہ کوئی اوس بڑہکر ہے اوسکی شکتی یعنی قدرت برتر ہے اور طرح طرح کی ہے اور اوسکی گیان کریا اور بل کریا یعنی علم و قوت و بید و شاستر مین ازلی و ابدی سنی جاتی ہے حاصل آنکہ پرماتما کے علم و قوت ابتدا اور انتہا سے منزہ ہین اگر کوئی کہے کہ وید فقرات کا مجموعہ ہے اور فقرے لفظون سے مرکب ہین اور الفاظ حروف سے ترکیب دئے گئے ہین لہذا وید قدیم نہین ہوسکتا کیونکہ جو چیز مرکب ہے وہ حادث ہے تو جواب یہہ ہے کہ آریہ لوگ وید مین اس قسم کی قدامت و ازلیت ثابت کرتے ہین کہ پرماتما انادی کال سے یعنی روز اول سے ہر ایک سرشٹی کی ابتدا مین ایک ترتیب کے ساتہہ برہما جی کو وید اوپدیش کرتا ہے یعنی پرماتما نے جس ترتیب کے ساتہہ اس سرشٹی کی ادی مین وید نازل کیا ہے یہہ ہی ترتیب شرتیون کی اس سے پہلے سرشٹی مین تہی

ضروری ہے کیونکہ جو چیز حادث ہے لابد فانی ہے پس لازم آیا کہ پرماتما تمام مخلوق کی مانند وید کو بھی خلق کرتا ہے اور انجام کار ساری مخلوق کی طرح طاق فنا پر ہوتا ہے شنکر اچاریہ کے مت والے یعنی وجودیہ لوگ کہتے ہین کہ وید آکاش وغیرہ مخلوق کی مانند سرشٹی کال مین پیدا ہوتا ہے اور پرلے کال مین آکاش وغیرہ مخلوق کی طرح فنا قبول کرتا ہے پھر ان لوگون کا قول ہے کہ جس آنپوربی یعنی ترتیب کے ساتھہ اس سے پہلی پہلی سرشٹی مین انادی کال پرنیت یعنی لاانتہا زمانہ تک وید تھا اوسی ترتیب کے مانند ترتیب کے ساتھہ ہر ایک سرشٹی یعنی پیدایش کے شروع مین پرمیشور وید کو ترتیب دیتا ہے پہلی پہلی ترتیب کے مخالف ترتیب کے ساتھہ ہرگز وید کو مرتب نہین کرتا اسی کا نام انکے یہان اپورشیہ ہے یعنی وجودیہ لوگ اس سبب سے وید کو اپورشیہ اور انادی کہتے ہین کہ پرمیشور ہر ایک سرشٹی کے شروع مین پہلی پہلی سرشٹی کی ترتیب کی مانند ترتیب کے ساتھہ وید کو مرتب کرکے برہما جی کو تعلیم کرتا ہے اب خیال کرنا چاہیے کہ جس صورت مین پہلی ترتیب کی مانند ترتیب ہوگی تو فی الحقیقت وہی پہلی ترتیب نہوگی بلکہ پہلی ترتیب سے غیر دوسری ترتیب ہوگی مثلاً خشت پز ایک خشت بناوے اور پھر اوس خشت کو توڑکر اوسی کی مانند بناوے تو لاکلام یہہ خشت پہلی خشت سے غیر ہوگی جیسی کی ویسی پہلی ہرگز نہوگی اور دونون خشتون کا فاعل خشت پز ہی قرار پاویگا اس سے یہہ ہی ظاہر ہوا کہ ہر ایک سرشٹی کے اول پرمیشور نیا ہی وید تصنیف کرتا ہے اسواسطے وجودیون کے یہان وید پورشیہ ٹھیرا پس وے لوگ جو وید کو اپورشیہ کہتے ہین وہ محض بے بنیاد ہے بلکہ استعارہ ہین یا کون

اور اودیب بادیون کا مت برابر ہے آریون کے عقیدہ مین تو وید قدیم اور اپورشیہ اور لازوال ہے کہ پرماتما کے گیان مین شامل ہے یعنی اوسکے گیان اور علم کا ایک شعبہ اور ایک ودیش ہے کہ وید و وگیانی دہاتو یعنی مصدر سے سنسکرت

ब्राह्म्यं तु ब्रह्मणा प्रोक्तं पाद्म्यं तथैव वैष्णवं पराशरेण कथितं वैष्णवं मुनि पुंगवा : शैवं शैलालिना प्रोक्तमि-
त्यादि ॥

یعنی براہم پران اور پدم پران برہمانے بناے ہین اور بشنو پران پراشر کا مصنفہ ہے اور شیلاری نے شب پران کہاہے الخ غرضکہ خود پرانون سے ثابت ہے کہ پرانون کے بنانے والے بہت اشخاص ہین کرشن دیپاین کا ساختہ کوئی پران نہین ہے لہذا جو کوئی کہتاہے کہ پران بنانے کی جہت سے اونکا نام بیاس ہواہے وہ بالکل جہوٹ ہے بلکہ اونکو بیاس اس سبب سے کہتے ہین کہ اونہون نے وید ارتہہ کا پرکاش کیا تہا اب چاہیے جاننا کہ پرانون مین جو لکہاہے کہ برہماجی اور رشیون نے پران بناے وہ بہی جہوٹ ہے کیونکہ بہ تقدیر پرانون مین وید اقدس کے خلاف مضامین ہرگز نہوتے کہ برہماجی اور رشی لوگ بات بات مین وید کے تابع ہین مخالفت وید اونکی شان سے بعید ہے یہانتک یہہ بات ثابت کی گئی کہ وید کتاب واحد ہے اور رگ وغیرہ اوسکے چار رسالے ہین اور یہہ چارون حصہ پرمیشور ہی نے جداگانہ قایم کردیے ہین بیاس کو اونکی تقسیم مین کچہہ دخل نہین ہے کیونکہ اگر یہہ تقسیم بیاس ہی سے متعلق ہوتی تو خود وید مین رگ وغیرہ نام نپاے جاتے اب مخفی نرہے کہ آریون مین بعض لوگ ایسے ہین کہ وید کو حادث جانتے ہین اور اکثر لوگ قدیم مانتے ہین حادث ماننے والے ایک نیا تک ہین وہ کہتے ہین کہ وید پورشیہ ہے یعنی پرش نے بنایاہے یہان لفظ پرش سے پرماتما لیا جاتاہے یعنی وید بنایا ہواہے فقرون کا مجموعہ ہونے سے بہارت وغیرہ کی مانند کیونکہ جو جو فقرون کا مجموعہ ہوگا بیشک کسی کا ساختہ ہوگا کہ فقرات الفاظ سے مرتب ہوتے ہین اور الفاظ حروف سے ترتیب دیے گئے ہین جسقدر مرکبات ہین وہ بالکل حادث ہین کہ کسی وقت کسی نے اونکو ترکیب دیاہے جیسے کہ مرکب کے حدوث مین کلام نہین ہے اسیطرح اوسکی فنا بہی

ماخوذ ہے اور کس کا بنایا ہوا ہے پس ایسے مجہول قول پر بہروسہ کرنا شایان عقل نہین ہے اصل یہ ہے کہ پرانون کے بنانے والے اشخاص خاص ہین متسہ پران کے ادہیای آخر مین اونکے نام جدا جدا مذکور ہین منجملہ اون شلوکون کے دو شلوک

वराह कल्पवृत्तांतमधिकृत्य पराशरः यत्
प्राह धर्मानखिलान् विष्णोस्तद्वैष्णवं विदुः ॥१॥ یہہ ہین یہ
यत्रेशानकल्पस्य वृत्तांतमधिकृत्य च कल्पितं लैंग
मित्युक्तं पुराणं ब्रह्मणा स्वयं ॥२॥

یعنی پراشر رشی نے جس پران مین براہ کلپ کی سرگذشت شروع کرکے بشنو کے سارے دہرم کہے ہین اوسکا نام بشنو پران ہے اور برہما جی نے ایشان کلپ کا حال شروع کرکے جو پران بنایا ہے اوسکا نام لنگ پران ہے فقط ان دونون شلوکون کا حاصل یہہ ہے کہ بشنو پران پراشر رشی نے تصنیف کیا ہے اور لنگ پران برہما کا بنایا ہوا ہے اسیطرح لنگ پران کے ادہیای شصت و سوم مین ہے کہ پلست رشی نے پراشر کو دعا دی کہ تو بشنو پران کا بنانے والا ہوگا اور پرماتما کی حقیقت کو کما حقہ جانیگا مین بعد بششٹ نے دست دعا اوٹہایا کہ جو کچھہ پلست نے تیرے حق مین کہا ہی وہ ویسے ہی ہوگا بعد ازین لنگ پران کا مصنف کہتا ہے کہ پلست اور بششٹ کی دعا سے پراشر نے بشنو پران بنایا جسکی ضخامت ۶ ہزار شلوک ہین یہہ مطلب لنگ پران مین اس شلوک سے شروع کیا ہے۔

त्वयास्मात्समस्तानि भवान शास्त्राणि वेत्स्यतीति ॥
اس شلوک تک
प्रसादाद्वैष्णवं चक्रे पुराणं वै पराशरः षट्सहस्रप्रमाणं
च समस्तार्थस्य साधकं ॥१॥

لنگ پران کے تمام مضمون کا حاصل یہ ہے کہ بشنو پران کا مصنف پراشر رشی ہے متسہ پران مین بہی اٹہارہ پران کے بنانے والون کے نام مندرج ہین اور آغاز اوس مضمون کا اس شلوک سے ہے۔

کو جدا جدا کر دیا اس سبب سے اونکا نام وید بیاس پڑا کہ وید بیاس کہتے ہین وید کے
تقسیم کرنے والے کو وہ غلط ہے کہ وید مقدس کے رسالے قدیم الایام سے باہم
جداگانہ مقسوم ہین اور خود وید مین باسماے رگ و یجر و تہرب و سام موسوم ہین کرشن
دوی پاین کو اونکی تقسیم و تفریق مین کچھہ دخل نہین ہے اگر پراشر کے بیٹے
ہی نے وید کے الگ الگ رسالے کئے ہوتے تو خود وید مین کہان سے چارون کے
حوالے دئے ہوتے اونکا وید بیاس نام اسواسطے ہوا کہ اونہون نے شہر بشہر وید کے
ارتہہ کے بیاکہیان مسمےٰ اور رقتہً فوقتہً یعنی وید اقدس بیان کئے بعضے اہل تحقیق
نے لکہا ہے کہ پراشر کے بیٹے کو وید بیاس اس سبب سے کہتے ہین کہ اونہون نے
وید معظم کی شاکہا کہ ایک قسم کی شرح ہین بنائین اور شاکہاؤن کے ذریعے سے وید کو
ملک بہ ملک و شہر بشہر پہیلایا بعض کا قول یہہ ہے کہ پراشر کے پسر کو وید بیاس اسوجہ
سے کہا جاتا ہے کہ اونہون نے وید کا مفہوم لیکر ویدانت سوتر اور یوگ بہاشہ وغیرہ
بہت کتابین بنائین اور اونکے وسیلہ سے روے زمین پر وید ارتہہ کو رواج دیا لہذا
وے وید بیاس مشہور ہوئے کیونکہ وید بیاس کہتے ہین وید کے پہیلانے والے کو
وید بیاس کے یہہ بہی معنی ہوسکتے ہین کہ جسکی عقل ویدون مین پہیلی ہوئی ہو وے چونکہ
کرشن دوی پاین نے ویدون کو پڑہکر دنیا مین پہیلایا لہذا اونکا نام وید بیاس مشہور ہوا
پورانک لوگ کہتے ہین کہ اونکا نام وید بیاس اسطرح ہوا ہے کہ اونہون نے وید کا
آشے لیکر اٹہارہ پران بنائے اور اس حیلہ سے وید کو پہیلایا پہر یہہ لوگ اپنا مطلب
ثابت کرنے کے لئے یہہ آدہا شلوک سند دیتے ہین ۔

अष्टादश पुराणानां कर्त्ता सत्यवती सुतः ॥

یعنی اٹہارہ پران کا بنانے والا ستیوتی کا بیٹا ہے فقط مگر یہہ محض غلط ہے کہ کسی کو
معلوم نہین کہ اس آدہے شلوک کا دوسرا آدہا ٹکڑا کسطرح ہے اور یہ کس کتاب سے

مین اگر صیغہ کے جمع ہونے پر مدار ہوتا تو دیانندی لوگ رگ وغیرہ کی جمعیت پر بھی مصر ہوتے
اور کہتے کہ رگ وغیرہ بھی متعدد ہین یعنی جیسے وید چار ہین ویسے ہی رگ وغیرہ بھی تین
تین سے کم نہین ہین کیونکہ سنسکرت مین عموماً صیغہ جمع تین سے کم مین مستعمل نہین ہوتا اور
زیادہ کی حد معین نہین ہے علاوہ اسکے اگر صیغہ ہی کے مفرد و جمع ہونے پر حصر ہے تو
ہزارہا مقام پر لفظ وید بصیغۂ مفرد استعمال کیا گیا ہے اب صیغہ جمع کو دلیل گرداننے
والون پر لازم ہے کہ جیسے صیغہ جمع کے بنے سے ویدون کو متعدد مانتے ہین ویسے ہی انکو
چاہیئے کہ صیغہ مفرد کے مستعمل ہونے سے ویدون کو کتاب واحد ہی سمجھین اتھرب وید کی
مہا اپنشد مین ہے کہ چارون وید کے برہماجی کے چار مونہہ سے متعلق ہین چنانچہ۔

अथ: पुनरेव नारायण: सोन्यत्कामो मनसाध्यायेत तस्य
ध्यानांत: स्थस्य ललाटात्स्वेदोपतत् ताइमा: प्रतता आ
पस्तासुतेजोहिरण्मयमण्डं तत्र ब्रह्मा चतुर्मुखो जायत सो
ध्यायत पूर्वाभिमुखो भूत्वा भूरिति व्याहृति गायत्रं छंद ऋग्वे
द: पश्चिमामुखो भूत्वा भुवरिति व्याहृति त्रैष्टुभं छंदो यजुर्वेद:।
उत्तरामुखो भूत्वा स्वरिति व्याहृतिर्जागतं छंद: सामवेद: दक्षिणा

پھر دیانندی لوگ جو متعدد منہہ کا ہونا محال قرار دیتے ہین اوسکا جواب یہہ ہے کہ انسان
کے حق مین البتہ غیر ممکن ہے دیوتون کے لئے کچھہ محال نہین ہے اور اس بارہ مین
کل آریہ ہمارے شریک ہین بلکہ یہود و عیسائی و مسلمان وغیرہ کو بھی ہماری تائید کے سوا
چارہ نہین ہے تفصیل اس امر کی تحفۃ الاسلام وغیرہ کتب مین کی گئی ہے سرائیل وغیرہ
فرشتون کی سرگذشت دیکھہ لیجیے پھر دیانندی جو کہتے ہین کہ انسان ہی دیوتا ہین انسانون
سے غیر نہین ہین وہ محض غلط ہی پرماتما نے چاہا تو کسی رسالہ مین یہہ بحث بھی مفصل لکھی جائیگی
پورانک لوگ جو کہتے ہین کہ پراشر رشی کے بیٹے کرشن دوئی پاین نے وید کے رسالون

یعنے اوس پرماتما سب کے معبود سے رگ ظاہر ہوتے ہین اور سام ظہور کرتے ہین
اور چھندس یعنے اتھرب آشکار ہوتے ہین اوسی سے یجر نمودار ہوتا ہے فقط یہہ اتھرب
وید کے چونتیسوین[۳۴] ادہیای مین ہے۔

यस्मिन् ऋचः साम यजूंषि
यस्मिन् प्रतिष्ठिता रथनाभाविवाराः

یعنی جس من مین رگ قرار پکڑتے ہین اور سام قیام پذیر ہوتے ہین اور یجر جا بگیر ہوتے
ہین جیسے رتھہ کے پہیئے کی ناہبی مین آرے ٹہیرے رہتے ہین کیونکہ سارا گیان
من ہی سے متعلق ہین فقط اتھرب وید کے اونیسوین[۱۹] کانڈ مین ہے۔

कालाद् ऋचः संभवन् यजुः कालादजायत ॥

یعنی کال سے رگ ظاہر ہوتے ہین کال سے یجر صورت پکڑتا ہے فقط یہان اس تسرتی
مین کال سے مراد پرماتما ہے کیونکہ کال ہی پرماتما کے نامون مین سے ایک نام ہے
کہ لغت سنسکرت مین کال اوسکو کہتے ہین کہ سب کی حرکات و سکنات جسکے اختیار مین
رہتی ہین اور اوسکو بہی کہتے ہین جو کل کی شمار کیا کرتا ہو وے یا اپنی ذات
اور صفات سے کل کا احاطہ کر رہا ہو وے کیونکہ سنسکرت مین لفظ کال کل دہاتو یعنی
مصدر سے بنتا ہے جو کہ معنی حرکت دینے اور شمار کرنے اور احاطہ کرنے وغیرہ مین
مستعمل ہے تیتریہ سنہتا مین ہے

परिमितानि सामानि परिमिता
ऋ. यजूंषि अथैतस्यैवान्तो नास्ति यद् ब्रह्म ७-३-१५

یعنے سام محدود ہین اور یجر محدود ہین وہی غیر محدود ہے جو برہم ہے فقط
دیکہو جبکہ رگ و سام و یجر وغیرہ الفاظ بصیغہ جمع وارد ہوئے ہین تو لفظ وید کے
بصیغہ جمع واقع ہونے مین کیا جائے شگفت ہے کیونکہ رگ وغیرہ کی تعداد کا
کوئی قایل نہین ہے بلکہ جتنے لوگ تعدد وید کے معتقد ہین وے بہی اس بات پر
قایم ہین کہ اگرچہ وید چار ہین مگر رگ وغیرہ فی نفسہ کتاب واحد ہین اس صورت

نام سفر الخلیفہ ہے اور دوسرے کا نام سفر الخروج اور تیسرے کا نام کتاب قوانین علی ہذا القیاس
پہر توریت ایک ہی کتاب شمار کیجاتی ہے کسی کو اوسکی وحدت مین شبہ نہین ہے یہہ ہی
حال وید مقدس کا ہے کہ ہرچند اوسکے چار حصے اسماے اربعہ کے ساتہہ دنیا مین مذکور و
مشہور ہین ولیکن پہر بہی وید کتاب واحد ہے اوسکے ایک ہونے مین سواے دیانند
سرسوتی کے کسی آریہ کو گفتگو نہین ہے **سوال** جبکہ خود وید اور اوپنشد مین چارون
وید کے نام درج کئے گئے ہین تو کیونکر کہتے ہو کہ وید کتاب واحد ہے **جواب** بلاشبہ
وید اور اوپنشد مین وید کے چارون حصون کے نام آئے ہین وے ذات وید کے نام نہین
ہین کہ اجزا کے نام ذی اجزا کی طرف منسوب نہین ہوسکتے کسی چیز کے اجزا اور شی ہین
اور ذی اجزا وہ چیز اور شے ہے وید نام اوس چیز ذی اجزا کا ہے اور رگ وغیرہ
اسماے اجزا ہین پس کوئی قباحت وارد نہین ہوتی جیسے ہاتہہ اور پانوؤن وغیرہ
جسم کے اجزا ہین اور جسم ذی اجزا ہے ہاتہہ اور پانوؤن کو کوئی عقلمند ازروی حقیقت
و اصلیت کے ذی اجزا جسم نہین کہتا کیونکہ اجزا اور ذی اجزا مین تفاوت ظاہر ہے
جیسے کہ موکش دہرم وغیرہ شانتی پرب کے اجزا ہین اور شانتی پرب وغیرہ بہارت
کے اجزا ہین ایسی ہی رگ و یجر و سام و اتہرب وید کے حصے ہین دراصل وید ایک ہی
کتاب ہے جن لوگون کا مقولہ ہے کہ وید چار ہین وے اعتراضات مذکورۂ بالا کے
زیربار ہین۔ **سوال** وید چار ہی ہین اسیواسطے وید اور اوپنشد وغیرہ مین لفظ وید
بصیغہ جمع آیا ہے **جواب** زبان سنسکرت مین قاعدہ ہے کہ کبھی بجاے مفرد
کے صیغہ جمع کا استعمال کرتے ہین چنانچہ یجروید کے اکتیسوین ادہیاے مین لفظ
رگ اور یجر اور چہندس کہ مراد اتہرب وید سے ہے بصیغہ جمع آئے ہین حالانکہ رگ
وغیرہ کی جمعیت اور کثرت کا کوئی قایل نہین ہے وہ یجر وید کا بچن یہہ ہے ۔

तस्माद्यज्ञात्सर्वहुत ऋचः सामानि जज्ञिरे छन्दांसि
जज्ञिरे तस्माद्यजुस्तस्मादजायत ०

ہووے مگر ان دونون حالت مین پرمیشور کے علم وعقل کا قصور ثابت ہوگا کہ انجام کار سے واقف نہین ہے اگر ہر ایک کام کے انجام سے خبردار ہوتا تو اول ہی ایسی کتاب نازل کرتا کہ جس سے پوری پوری کار برآری ہوتی دوسری کتاب کی ضرورت نہ پڑتی اور ایسا مضمون و مطلب کہ جسکا چند روز بعد نسخ بہتر گردانا گیا اول ہی نازل نہ کرتا دونون طرح پر پرمیشور کے گیان مین کوتاہی پائی جاتی ہے اگنی وغیرہ کا رشی اور منی ہونا بھی صرف دیانند سرسوتی کا ساختہ اور پرداختہ ہے کسی کتاب قدیم و جدید سے ثابت نہین ہے اور سوامی جی نے بھی اس بارہ مین کوئی سند پیش نہین کی وید معظم تو پرماتمانے برہما جی پر نازل کیا ہے اور اون ہی کے ذریعہ سے ہم کو ملا ہے اور کل متقدمین اور متاخرین کا یہی عقیدہ چلا آتا ہے اسکی مخالفت سوا دیانند سرسوتی کے کسی نے آجتک نہین اختیار کی۔ تفصیل اس امر کی وید دوار پرکاش نامی رسالہ مین کی گئی ہے جو کہ متقدمین نے وید اور اوپنشد سے ایک طریق اپنی قایم کیا ہے بے سبب وعبث اوسکی برعکس نئی بات اپنی طرف سے اختراع کرنی سوامی جی کی ہٹ ہے کوئی آریہ اوسکو تسلیم نہ کریگا اب ہم تعدد وید کے چند سوال نقل کرکے ایک ایک کا جواب دیتے ہین **سوال** کسی شے کے اجزا کو مستقل اور جداگانہ نام کے ساتھ کوئی نہین بولتا پس جس صورت مین رگ وغیرہ اجزاے وید ہین تو جداگانہ اور مستقل نام سے کیونکر مذکور اور مشہور ہین **جواب** اکثر اشیا ایسی ہین کہ اونکے اجزا جداگانہ اور مستقل نام کے ساتھ بولے جاتے ہین جیسے انسان وغیرہ کا جسم کہ اوسکے اجزا خاک و آب و باد وغیرہ جداگانہ مستقل نام کے ساتھ کہے جاتے ہین مگر یہہ انسان وغیرہ اپنی ذات مین شی واحد ہے اسی طرح توریت کے اونتالیس ۳۹ حصے جداگانہ و مستقل نام سے مشہور ہین پہلے حصہ کا

آریون کو تفریح دیگئی ہے اب ہم ان باتون کی تشریح کا انتظام کرتے ہین اور ایک ایک کو واضح راے خاص و عام - مخفی نرہے کہ وید مقدس دراصل ایک ہی کتاب ہے تعدد وید کا باعتبار رساون کے ہے جن کے نام رگ و یجر و سام و اتھرب ہین دراصل چارون وید کتاب واحد ہے اگر کتاب پرماتما متعدد ہووین تو ہر مشہور کی کتاب اور زید و بکر کی کتاب مین کیا فرق ہے شاید کہ جیسے زید و بکر اول ایک کتاب تصنیف کرتے ہین جب اوس سے پوری کاربرآری متصور نہین ہوتی تو دوسری کتاب کی بنیاد ڈالتے ہین اسیطرح پرمیشور بھی وقتاً فوقتاً کتابین نازل کرتا ہے جب ایک کتاب سے کاربرآری نہین ہوتی تو دوسری بھیجتا ہے اسیطرح دوسری کے بعد تیسری اور تیسری کے بعد چوتھی علی ہذا القیاس پس لازم آیا کہ پرمیشور کی کتاب بھی زید و بکر کی مصنفہ کتاب کی مانند کامل و تمام نہین ہے اب چاہیے جاننا کہ سرشٹی کی آدی سے لیکر آجتک جتنے رشی و منی و پنڈت و آچاریہ گذرے ہین سب یہی مانتے چلے آئے ہین کہ وید اقدس کتاب واحد ہے اور تعدد اوسکا باعتبار رساون کے ہے جنکے نام رگ وغیرہ ہین آجکل دیانند سرسوتی نے ایک نیا مذہب چلایا ہے کہ رگ وغیرہ چارون وید بذات خود جداگانہ اور مستقل چار کتابین ہین اور باوقات مختلفہ اگنی وغیرہ چار رشیون پر نازل ہوئے ہین مگر یہہ مسلمانون کے مذہب سے ماخوذ ہی اور محض غلط ہے کیونکہ جس صورت مین وید متعدد کتابین ہین تو لازم آتا ہے کہ پرمیشور کی کتاب بھی زید و بکر کی کتاب کی مانند پوری اور کامل نہین ہوتی بلکہ پرماتما کو بھی ایک کتاب کے بعد دوسری کی ضرورت پڑتی ہے جائے تعجب کہ چار کے بعد پانچوین کی احتیاج نہوئی چار ہی پر خاتمہ بالخیر ہوگیا علاوہ اسکے مختلف وقتون مین کئی کتاب کا آنا اوسی صورت مین ہو سکتا ہے کہ جب ایک سے کاملاً و تماماً کاربرآری ہووے تو باقی ماندہ مضمون و مفہوم دوسری مین مرقوم کیا جاوے یا پہلی کی دوسری ناسخ

وغیرہ کی ترقی مین اپنی ترقی چاہے اگر بالفرض کوئی شاذ ونادر ایسا ہی ہووے اور خدانخواستہ اوسکی درخواست کی موافق عیسائی وغیرہ ترقی بھی پائین اور وہ آریہ اونکی ترقی کو اپنی ترقی بھی خیال کرے تو اوسکا آریہ پن کہان رہیگا وہ تو اون عیسائی اور مسلمان وغیرہ ہی مین شامل ہوجاویگا شاید کہ سوامی جی کا آریہ پن اسی بنیاد پر قایم ہے اگر لفظ سب سے کہ تمام افراد بشر پر حاوی ہے گروہ خاص مراد رکہا جاوے تو بھی سوامی جی کی پانڈتہ ظاہر ہے کہ عام وخاص کی تمیز سے بے بہرہ ہین اور نہین جانتے کہ لفظ سب کا استعمال کس جگہہ ہوتا ہے اور اوسکا مفہوم کیا ہے علاوہ اسکے نوین اصل چھٹی ہی مین شامل ہے اوسکو علیحدہ اصل قایم کرنا فضول وعبث ہے کیونکہ چھٹی اور نوین کا ایک مدعا ہے اور ایک منشا دسوین اصل بھی گفتگو سے خالی نہین ہے کہ اوسکے آخر مین جو لکھا ہے کہ (ہر ٹیک ہتکاری نیم مین سب خود مختار رہین) وہ محض غلط ہے کیونکہ کوئی اہل مذہب کسی کام مین خود مختار نہین رہ سکتا ہر ایک کام مین اپنے مذہب کی شریعت کا پابند ہے اپنے دین کی کتاب آسمانی کا بات بات مین مقید ہے مثلاً آریہ لوگ وسبدم ہر ایک کاروبار مین وید اور شاستر کے تابع ہین بعض یا کل کام مین خود مختاری کا حیلہ وہی نکالیگا جو کوئی وید وشاستر کے حکم کو پس پشت ڈالیگا پس وہ آریہ نہین بلکہ پورا دیو ہے دیکہو کتنی کہ جسکیلیے آریہ لوگ سارے کرم اور دہرم اور جپ اور تپ کرتے ہین وہ دیانندیون کی اصول سے خارج ہے گویا ان لوگون نے ایسی ادنی چیز قرار دی کہ اصول دہگانہ سے باہر شمار کی صد آفرین دیانند سرسوتی کے علم وفضل پر۔ اب ہم آریون کے اصل الاصول بیان کرتے ہین وہ اصل الاصول وید مقدس ہے جو کہ ایک کتاب قدیم ہے اور شری برہما کے وسیلہ سے پرماتما کی جناب سے ہم کو ملی ہے جسمین کرم اور گیان وغیرہ کے مضامین مین اور آریون کے دہرم کے قانون اور آئین مین جیو اور پرمیشور کے علایق کی تشریح کی گئی ہے اور مکتی کے اوپایون سے

پرماتما سرو انتریامی ہے تو جیو انتریامی بہی ضرور ہوگا کیونکہ جیو سرو پدارتھ سے غیر ہین
سے پس جیو پرتنتر ٹہیرا لہذا سوامی جی جو جیو کو سوتنتر مانتے ہین خود اونہی کی دوسری اصول کے
خلاف ہے تیسری اصل اصل الاصول ہے چوتہی سے لیکر دسوین تک کل فروع ہین اونکو
اصول مین داخل کرنا سوامی جی کی عقلمندی کا ثمرہ ہے چوتہی اور پانچوین مین صرف لفظی
تفاوت ہے مفہوم دونون کا ایک ہے مضمون واحد دو عبارت مین ادا کرنے سے متعدد
نہین ہوسکتا شاید کہ سوامی جی کی یہہ ہی راے ہے کہ فرق لفظی و معنوی ایک ہی
چیز ہے اے آریہ بہائیون جن کے راے پر تم نے اپنی آخرت کی بہلائی منحصر رکہی ہے
اونکو اتنی بہی تمیز نہین ہے کہ فرق معنوی کیا ہے اور تفاوت لفظی کسکو کہتے ہین چہٹے
اصل کے دو فقرے سوامی جی نے قایم کئے ہین لفظ سنسار سے لیکر کلمہ منشا تک
پہلا فقرہ متن ہے اور لفظ ارتہات سے لیکر اونتی تک دوسرا فقرہ شرح ہے
لاکن یہہ شرح متن کے خلاف ہے کیونکہ متن مین سنسار کا اوپکار کرنا قایم کیا ہے
اور شرح مین اوسکے برعکس سماجک اونتی قایم کرتے ہین اور سماجک اونتی کہتے
ہین سماج کے متعلقون کی ترقی کو اور ظاہر ہے کہ سنسار عام ہے اور سماج خاص پس
سنسار کا اوپکار کہکر اوس سے سماج کے متعلقون کی ترقی مراد رکہنا بے تمیزی سے
خالی نہین ہے ۔ آٹہوین اصل مین بہی ہم کو گفتگو ہے کہ اودیا کے ناش کو مقدم
اور علیحدہ بیان کرنا بے شعوری ہے کیونکہ جبوقت ودیا کی ترقی ہوگی اودیا کا ناش
خود ہو جائیگا جیسے کہ روشنی کے موجود ہوتے ہی تاریکی راہ فرار لیتی ہے کہ وجود روشنی
اور عدم تاریکی دونون لازم و ملزوم ہین یہہ ہی حال ودیا کی ترقی اور اودیا کے
ناش کا ہے کہ جب دم ودیا ترقی پکڑیگی ممکن نہین کہ اودیا راہی عدم نہووے جبکہ
یہ بات ٹہیری تو اودیا کے ناش کو علیحدہ ذکر کرنا اور ودیا کی ترقی پر تقدیم دینا بالکل
غلط ہے نوین اصل بہی لغو ہے کیونکہ ممکن نہین ہے کہ ہر ایک آریہ عیسائی و مسلمان

۵ سنسار کا اوپکار کرنا اس سماج کا خاص منشا ہی ارتہات شاریرک اور آتمک اور ساماجک اونتی کرنا ۶ سب سے محبت کے ساتہہ دہرم کے موافق علی قدر حیثیت برتنا چاہیے ۷ اودیا کا ناش اور ودیا کی ترقی کرنی چاہیے ۸ ہر ایک کو اپنی ہی ترقی پر قانع نرہنا چاہیے بلکہ سب کی ترقی مین اپنی ترقی سمجھنی چاہیے ۹ سب لوگون کو ساماجک سروہتکاری نیم پالنے مین خود مختار رہنا نہ چاہیے اور ہر ایک ہتکاری نیم مین سب خود مختار رہین۔ ۱۰ اب ہم سرسری طور پر ان اصول دہگانہ پر نظر کرتے ہین پہلی اصل ویدک آریون کے خلاف ہے کہ جسصورت مین ودیا یعنی علم سے جانے گئے پدارتہہ یعنی اشیا کی مول یعنی علت پرمیشور ہے تو جیوآتما اور پرکرتی اور پرمانو وغیرہ اناد اور ازلی نرہے بلکہ دوسری مخلوق کی مانند حادث اور سادی ٹھہرے حالانکہ یہہ کبہی آریہ کا مذہب نہین ہے چنانچہ خود سوامی جی نے جیوآتما اور پرکرتی وغیرہ کو دید یہو دیپکا وغیرہ کتابون مین قدیم مانا ہے علاوہ اسکے جبکہ پرماتما کل اشیا کی آدی مول ہے تو مخلوق اور پرمیشور مین فرق اتنا ہی ہے جتنا کہ درخت کی بنیاد اور شاخ مین فاصلہ ہے پس لازم آیا کہ جیو اور پرکرتی وغیرہ کی پرمیشور علت مادی ہے اور پرمیشور متغیر ومتبدل ہے کیونکہ بنیاد ہی تغیر وتبدیل قبول کرکے صورت فروع پکڑتی ہے اور سب طرف کو بڑہتی ہے پہلی اور دوسری اصل مین کچھہ فرق نہین ہے دونون کا مفہوم واحد ہے کیونکہ پرمیشور موصوف ہے اور ست چت وغیرہ اسکی صفات ہین صفت اور موصوف کی علیحدگی کسیوقت ممکن نہین ہے پس انکو دو شمار کرنا دیانند سرسوتی کے علم وفضل کا نتیجہ ہو شاید کہ سوامی جی یہہ ہی سمجہے ہین کہ پرمیشور کی ذات وصفات مین گاہے گاہے جدائی بہی ہوتی ہے مگر یہہ محض غلط ہے کیونکہ پرمیشور کی ذات وصفات دونون انادی اور اننت ہین اور ان دونون مین جو گن گنی بہاو سمبندہ ہے وہ بہی انادی و اننت ہی علاوہ اسکے جبکہ سوامی جی کے نزدیک

نہ کرے فقط دید انوکول ترک اور یکتی کی ہمیشہ ضرورت پڑتی ہے چنانچہ

आत्मा वारे द्रष्टव्यो मन्तव्यो निदिध्यासितव्यः

یعنی آتما کا درشن اور منن اور دہیان کرنا واجب ہے فقط منن بروزن چمن کہتے ہین دلائل عقلی کے ساتھہ غور کرے گو مطلب یہ ہے کہ وید کی موافق جتنی یکتیان کہ کہتا ہووے کل کو آتما کے حصول مین صرف کرے یہان لفظ آتما جیو آتما اور پرماتما دونون کا دال ہے برہسپتی رشی نے تو یکتی کی اشد ضرورت سمجھی ہے کہ یکتی کے بغیر کسی بات کی تحقیق نہین ہوتی ہے وہ برہسپتی کا بچن یہہ ہے۔

केवलं शास्त्रमाश्रित्य न कर्तव्यो हि निर्णयः॥ युक्तिहीन विचारे तु धर्महानिः प्रजायते॥

یعنی یکتی سے قطع نظر کر کے صرف شاستر سے کسی بات کی تحقیق نہ کرنی چاہیے کیونکہ یکتی سے خالی گفتگو مین دہرم کی ہانی ہوتی ہے فقط اسواسطے کل آریہ بہائیون کو مناسب ہے کہ جو بات دیانند سرسوتی کی بہی یکتی اور شرتی کے خلاف ہووے اس سے دستبردار ہو دین اب ہم دیانند سرسوتی کے دسون اصول کو میرٹہہ سماچار پتر سے بجنسہ نقل کر کے میزان انصاف مین تولتے ہین اور ایک ایک کا حسن و قبح علانیہ کہولتے ہین وے اصول یہہ ہین۔ سب ستیہ ودیا اور ودیا سے جو پدارتہہ جانے جاتے ہین اون سب کا آدی مول پرمیشور ہے ۱ ایشور ست چت آنند سروپ۔ نراکار۔ انوپم۔ سرواد ہار۔ سرو ایشور۔ سرو ویاپک۔ سرو انتریامی۔ اجر۔ امر۔ ابہی۔ نتہ۔ پوتر۔ سرشٹی کرتا ہے اوسیکی اوپاسنا کرنی یوگیہ ہے۔ ۲ وید ستیہ ودیاؤن کی پستک ہے وید کا پڑہنا اور پڑہانا اور سننا سنانا آریون کا پرم دہرم ہے ۳ ستیہ کے اختیار کرنے اور استیہ کے چہوڑنے مین ہمیشہ کمربستہ رہنا چاہیے ۴۔ سب کام دہرم کے موافق یعنے ستیہ اور استیہ کو خیال کر کے کرنے چاہین۔

کیونکر لایق تسلیم ہو سکتی ہے کہ رشیوں اور منیوں کے نزدیک جو کچھہ با دلیل ہے وہی معتبر ہے چنانچہ لشستھ رشی نے کہا ہے۔

युक्तियुक्तमुपादेयंवचनंबालकादपि ॥ अन्यत्तृणमिवत्याज्यं अयुक्तंपंडितैरपि ॥१॥

یعنی جو بات کہ دلیل کے ساتھہ ہو وہ لڑکا بالغ کی بہی مقبول ہے اور بغیر دلیل کے پنڈتون کی بات بھی شایان اعتبار نہین ہے منو نے بہی کہا ہے۔

आर्षंधर्मोपदेशंचवेदशास्त्राविरोधिना ॥ यस्तर्केणानुसंधत्तेसधर्मंवेदनेतरः ॥

یعنی جو کوئی وید کے ارتہہ اور دہرم کے اوپدیش کو وید امی شاستر کے موافق دلیل کے ساتھہ تحقیق کرتا ہے وہی دہرم کو جانتا ہے دوسرا نہین نقط یہان سے واضح ہوتا ہے کہ جو یکتی اور ترک یعنے دلیل کہ وید کے موافق و مطابق نہین ہے وہ ممنوع ونا مشروع ہے اسیواسطے ویدانت سوتر کے دوسرے ادہیاے کے پہلے پاد کے گیارہوین سوتر مین جو ترک کی تکذیب کی ہے اوس سے وہی ترک مراد ہے جو کہ وید کے مخالف ہے وید کے انوکول ترک کی کہین ممانعت نہین ہے شرتی اور سمرتی مین وید کے برعکس ترک کی مذمت کی ہے وہ شرتی کٹھوتی اپنشد کے پہلے ادہیاے مین ہے۔

नैषामतिस्तर्केणापनेया

یعنی یہ نشیور کی دی ہوئی اس عقل کو وید کے مخالف دلیل سے آلودہ نہ کرنا چاہیئے فقط وہ سمرتی یہہ ہے۔

अचिंत्याखलुयेभावाननांस्तर्केणयोजयेत

یعنی اکثر باتین ایسی ہین کہ عقل سے برتر ہین اونکو وید بروذہی دلایل سے متعلق

شاخ کو جتنی باتین کہ اصل کے سواے ہین اونکو فرع کہتے ہین مت بادیون کی اصطلاح مین اصل وہ ہے کہ جسکے اقرار سے اوس مذہب مین داخل ہوتا ہے اور جسکے انکار سے اوس مذہب سے خارج ہوتا ہے اور فرع وہ ہے کہ جسکی تعمیل سے ثواب ہووے اور جسکی ترک کرنے سے گناہ جیسے راست گفتاری وغیرہ کیونکہ جو کوئی سچ بولیگا اوسکو ثواب ہوگا اور جو کوئی دروغگوئی اختیار کریگا وہ گنہگار ہوگا آریہ پن اوسکا نہین جاسکتا بس راست گوئی وغیرہ آریون کے مذہب کے فروع ہین بعض فروع ایسی ہین کہ ان کرنے مین ثواب ہے اور نہ کرنے مین گناہ نہین ہے جیسے سنسار کا اوپکار یعنی رفاہ عام مین مشغول ہونا مثمر ثواب ہے اور اوس سے یکطرف رہنا گناہ نہین ہے پس راستگاری و رفاہ عام وغیرہ کو جو دیانندیون نے اصول مین داخل کیا ہے وہ اونکی بیخبری ہے کیونکہ ہر ایک مذہب کی اصول وہ ہی باتین ہین کہ جن پر اعتقاد کرنے سے انسان اوس مذہب مین داخل ہوتا ہے اور جن سے منکر ہونے کی بجہت اوس مذہب سے برگشتہ شمار کیا جاتا ہے مثلاً جسوقت کوئی شخص اصول چہارگانہ اور ایک اصل الاصول مذکورہ بالا پر ایمان لاویگا اوسکے آریہ ہونے مین کچھہ شک نہین ہے اور جبکہ ان پانچون باتون سے انکار کریگا اوسکے دسیو ہونے مین کیا تامل ہے جو کوئی ان پانچون باتون مین سے کسی کا مقر ہوگا اور کسی سے منکر تو اوسکا آریہ پن کامل نہین ہے اور وہ بالکل دسیو بھی نہین ہے بلکہ آریون اور دسیون کے درمیان ہے کہ دونون کی صفت کے ساتھہ موصوف ہے دیانندیون نے جو دس اصول لکھے ہین اونکا ان چار ہی مین انتہا ہے اونکو الگ الگ دس شمار کرنا بیہودہ گفتاری ہے کہ جیسے اونکے یہان دس حکم ہین ایسے ہی دیانندی بہی دس اصول کے تابع ہین آریون کو چاہیے کہ طرفداری چہوڑ کر فکر کرین کہ جیسے وے بشر ہین ایسے ہی دیانند سرسوتی بہی انسان ہین جب تک کہ سوامی جی کی بات دلیل کے ساتھہ نہو گی

پس آریون کے مذہب کے اصول سے مراد وہ باتین ہین کہ جنکے اقرار کرنے سے انسان آریون مین داخل ہوتا ہے اور جن سے انکار کرنے کے بسبب آریون کے گروہ سے خارج ہوکر دسیو ہوجاتا ہے پرماتما بچاوے اس آفت سے اور وہ اصول چار ہین پہلے یہہ ہے کہ ایک پربرہم * پرماتما- قادر مطلق- عادل رحیم ابتدا و انتہا سے منزہ - سب کا مالک - ذات وصفات سے محیط کل اشیا سب مخلوق کا خالق- صفات حمیدہ کے ساتہہ موصوف اور صفات ذمیمہ سے پاک وہی اوپاسنا کی لایق ہے اور ارتہہ دہرم کام موکش کا دینے والا ہے -

دوسری یہہ ہے کہ روح و پرکرتی وغیرہ بہی انادی اور انت یعنی واجب و قدیم ہین - تیسری یہہ ہے کہ روح یعنی جیو آتما ایک قالب سے دوسرے قالب مین جاتا ہے - اور ہر ایک جیو کے قالب یعنی شریر بیشمار گذرے ہین ابتدا و انتہا نہین رکہتے اس سے سلسلۂ دنیا کی قدامت بہی برآمد ہوتی ہے - چوتہی یہہ ہے کہ نجات ابدی یعنی مکتی پرماتما کی ذات وصفات کے گیان سے ہمیشہ کے لئے ہوتی ہے اور اپنی روح کا گیان اوسکا ذریعہ و وسیلہ ہے اسکے سوا مکتی کی دوسری تدبیر نہین ہے کرم اور اوپاسنا وغیرہ جیو اور پرمیشور کے گیان کے کارن ہین پس یہہ سب بواسطہ و بلا واسطہ مکتی کے سادہن ہین آریون کے مذہب کی اصل الاصول یعنی بنیادون کی بنیاد اور جڑون کی جڑ جسکو سنسکرت مین مہامول کہتے ہین ایک ہے اور وہ وید مقدس کو کہ کلام یزدانی اور صحیفہ نورانی ہے باقرار دل وزبان صحیح جاننا ہے اب چاہیے جاننا کہ دیانند سرسوتی نے جو اپنے رسایل مین آریون کے مت کے دس اصول قایم کئے ہین وہ بالکل بے بنیاد ہین اون مین سے پہلی اور دوسری اصل ہے اور تیسری اصل الاصول ہے باقی فروع ہین فروع جمع فرع کی ہے فرع کہتے ہین

بعد عبارت اسطرح ہوگئی کہ یہہ نامہ بر ہمارا اہت ہے اسکو بشا دیدیجیو یعنی حامل خط ہذا
ہمارا دوست ہے اسکے ساتھہ بشا کا بیاہ کردیجیو پس اوس امیر کے بیٹے نے نامہ بر کے
ساتھہ اپنی بہن کا بیاہ کردیا چنانچہ اس مضمون کی طرف ایک شاعر نے اشارہ
کیا ہے ؎ جن پاین پنہین نہین اونہین دیت گجراج ۔ بش دیتے بشا ملی ہر پربھے
گیرت نواج ۔ یعنی جنکے پانون مین جوتا نہین اونکو ہاتھی ملتا ہے اور زہر دیتے ہوئے
بشا ملی پرماتما بڑا غریب نواز ہے دیکہو جس زبان کو آپ بڑی معصون اور محفوظ سمجھتے
ہین اسمین یہہ تبدیل و تغیر اوسی مین ہوئے **جواب** میان محمد علی کی سعی کئی وجہہ
سے مردود ہے وجہہ اول آنکہ قصہ مذکور مہابھارت مین کہین نہین ہے اشومیدہ
پرب کا تو کیا ذکر ہے البتہ آپ کی مستندہ بیت دہاتین ہند مین مشہور ہے وجہہ دوم
آنکہ کمی و بیشی حروف و الفاظ کی جہت سے تو ہر ایک خطوط مین کچھہ کا کچھہ ہوجاتا
ہے عربی مین مثلاً جسوقت غلام کے اول الف زیادہ کرین اغلام پڑہا جاوے اور جب
اغلام کے اول کا الف محو کیا جاوے غلام رہجاوے اس بارہ مین کسی زبان کی خصوصیت
نہین ہے ہان عربی و فارسی وغیرہ مین بغیر کمی و بیشی و تبدیل و تغیر حروف کے ہر ایک
لفظ متعدد طرح پڑہا جاتا ہے بلکہ اکثر الفاظ کو صدہا طور پر پڑہ سکتے ہین یہہ
ہی ہمارا عربی وغیرہ پر اعتراض ہے اور یہہ ہی بے ایمانی و جعلسازی کی بنیاد ہے
پس قصہ مذکورہ ہمارے اعتراض کا جواب نہین ہوسکتا وجہہ سوم آنکہ آپ کی مستندہ
بیت کا مصرع دوم موزون نہین ہے شاید کہ بشا کی جگہہ بش ہا ہووے پس
بش کے آخر ہا زیادہ کیا گیا اور بش ہا کہتے ہین زہر کی دور کرنیوالی کو اور عورت
کا یہہ ہی نام مناسب ہے یہانتک ہم نے عربی وغیرہ زبانون کے نقصانات کی
تشریح کی اور سنسکرت کو سب پر ترجیح دی اب ہم آریون کے مذہب کے اصول
بیان کرینگے اور اصول جمع ہے اصل کی اور اصل کے معنی ہین بنیاد اور جڑ

جو نش مارتی ہے پس جو کوئی دو شئے مغایر کے خلط سے انکار کرے اوسکی برابر بیوقوف کون ہے البتہ عربی وغیرہ کے حروف اور حرکات اب مخلوط نہین ہو سکتے اگر انکا واضع اول ہی اخلاط کی رعایت کرتا تو ممکن تہا اسواسطے اوسکی وضع ہی پر ہمارا اعتراض ہے کہ اوسنے حروف و حرکات ایسے بنائے کہ جو لوگون کو دقت مین ڈالنے والے ہین۔

محمد علی اور تغیر و تبدیل ہوائے نفسانی کے موافق ہر ایک خط مین ہو سکتی ہے جعل سازمنے اپنی بہیون مین ہمیشہ اس قسم کی کاٹ چہانٹ کرکے بے ایمانیان کرتے رہتے ہین **جواب** جیسے کہ عربی و فارسی وغیرہ کے حروف تردد مین ڈالنے والے ہین اسی قسم کے بنیون کی بہیون کے خطوط ہین ہم عربی وغیرہ کے خطوط پر بنیون کی بہیون کے خط کو ترجیح نہین دیتے دونون برابر ہین بلکہ بنیون کی بہیون کے حروف حرکات ہی نہین رکھتے حرکات کا حروف سے مغایر اور مخلوط ہونا تو دوسری بات ہے علاوہ اسکے تغیر و تبدیل الفاظ و حروف و حرکات سے تو ہر ایک خط کچھہ کا کچھہ ہو سکتا ہے لاکن عربی وغیرہ کے خطوط اسبسے مرجح و مخصص ہین کہ اون مین بغیر تبدیل و تغیر کئے کچھہ کا کچھہ پڑہا جاتا ہے بلکہ اکثر الفاظ کو صدہا طرح پڑہ سکتے ہین ثبوت اسکا اوپر گذرا۔

محمد علی اشومیدہ پرب مہابہارت مین لکہا ہے کہ کسی امیر نے اپنے بیٹے کی نام اس مضمون کی چٹہی لکہکر ایک شخص کے حوالہ کی کہ حامل خط ہذا ہمارا (اہت) ہے اسکو بشس دیدیجیو یعنی حامل خط ہذا ہمارا دشمن ہے اسکو زہر دیدیجیو (اہت) زبان سنسکرت مین دشمن کو کہتے ہین اور (بشس) زہر کو جبکہ حامل خط شہر کے قریب پہونچا تو کسل راہ سے ایک درخت کے نیچے سو گیا اتفاقیہ بشا نامی دختر اوس امیر کی باغ مین سیر کرتے کرتے حامل خط کے نزدیک پہونچی چونکہ وہ جوان خوبصورت تہا اوسپر مائل ہو گئی اور اوسکی جیب سے وہ نامہ نکالکر دیکہا تو مضمون مذکور پایا پس حرف اول (اہت) کا محو کیا اور بشس کے آخر مین الف بڑہا دیا غرضکہ اس محو اور اثبات کے

کرتا ہے اوسکی جگہہ لکھی جاتین مناسب تر معلوم ہوتا ہے مگر چونکہ بحث لفظی ایک
امر فضول و عبث ہے لہذا اصل مطلب عرض کرتا ہون کہ آپ کی یہہ عبارت مہمل بھی
ہمارے ہی اعتراض کی تائید کرتی ہے کیونکہ آپ کی عبارت مذکورہ کا مطلب یہ ہے
کہ حرکات کا حروف کے ساتھہ لکھا جانا دقت سے خالی نہین ہے پس فی الحقیقت
یہہ ایک اعتراض ہے عربی وغیرہ کے حروف اور حرکات کے واضعین پر کہ اونہون نے
کار بیفائدہ کیا کہ حروف اور حرکات مین مغایرت و تفرقہ قایم رکھا اونکو یہی لازم
تہا کہ حرکات کو ذات حروف مین داخل کرتے کہ ایک لفظ دوسرے لفظ کے ساتھہ مشتبہ
نہوتا اب ہمارا اور میان محمد علی کا اتفاق ہوا بلکہ وے عربی وغیرہ کے واضعین پر
اعتراض کرنے مین ہم سے بھی گوے سبقت لیکر کہتے ہین کہ جن خطوط مین حرکات کو
حروف کے ساتھہ لکھا جاتا ہی الخ دیکھو یہان میان محمد علی نے واضع حروف و حرکات عربی کی
غلطی پر خود گواہی دی کہ جن خطون مین اوسکی وضع پر عمل کرکے حروف کے ساتھہ حرکات
کو لکھتے ہین اونکے پڑہنے مین ہمیشہ دقت رہتی ہے نقطہ صد آفرین میان محمد علی کی راست
گوئی پر کہ رسم خط قران کی ابتری کی خود مقر ہوئے کہ کتابت قران مین لابد حرکات حروف
کے ساتھہ لکھی جاتی ہین پس لاجرم قران کے پڑہنے والون کو مدام دقت پیش آتی
ہوگی اس دقت کا علاج وہی ہے کہ کل اہل عرب متفق ہوکر حروف و حرکات
مروجہ کو نسیاً منسیا گردانین اور کسی سنسکرت خوان کے مشورہ سے ایسے حروف
ایجاد کرین کہ حرکات اونکی ذات مین داخل ہووین۔ **محمد علی** علاوہ بران حرکات
اور چیز ہین اور حروف اور چیز و دونون کو ملا دینا ہر آئینہ خلاف اصل وضع کے
ہے اور سراسر کجروی اور گمراہی ہے **جواب** بلاشک حرکات غیر ہین اور حروف
غیر اور دو مغایر چیزون کو مخلوط کرنا خلاف عقل ہرگز نہین ہے اکثر دو چیزین ملکر
نیا ہی رنگ پیدا کرتی ہین جیسے شہد و شکر کہ دونون کی آمیزش سے لذت دوبالا

مین اونکی گفتگو نقل کرکے جواب مناسب دیتا ہون **محمد علی** ناظرین کی جناب
مین التماس ہے کہ صولت ہند کی عبارت پر غور فرماوین کہ کس قدر مہمل ہے یہہ بھی نہین
جانتے کہ اعراب کیا چیز ہے اور اوسکی تعریف کیا ہے اور وہ نفس حروف معربہ مین کیونکر
داخل ہوسکتا ہے **جواب** صولت ہند کی عبارت تو بالکل مطلب خیز ہے مگر سمجھنے
کے لیے عقل چاہیے لا کلام آپ نہین جانتے کہ اعراب کیا شے ہے اور اوسکی بحث
کسواسطے ہے اگر جناب اوسکی حقیقت سے کچھہ بھی خبر رکھتے تو اسقدر بیہودہ درائی
مین اوقات بسر نہ کرتے بلا شبہہ اب اعراب نفس حروف معربہ مین داخل نہین ہوسکتا
واضعین زبان عربی وغیرہ پر یہہ ہی ہمارا اعتراض ہے اگر عربی وغیرہ کے واضع کچھہ
بھی سلیقہ رکھتے تو روز اول ہی ایسے حروف وضع کرتے کہ اعراب جنکے نفس مین داخل
ہوتا جیسے کہ سنسکرت مین اعراب نفس حروف سے غیر نہین ہے اور اعراب کو سنسکرت
مین ماترا کہتے ہین اور روے گویا عین حروف ہین ذات حروف سے اصلا مغایرت
نہین رکھتے اسیواسطے سنسکرت مین جیسیکا تیسا پڑہا جاتا ہے ایک لفظ مین دوسرے
لفظ کا ہرگز شبہہ نہین پڑتا اگر اہل عرب وغیرہ کو کچھہ اپنی عزت وآبرو کا پاس ہووے
تو ان حروف معربہ کو بالکل محو کرکے از سر نو دوسرے ایسے حروف ایجاد کرین
کہ اعراب جنکی ذات سے مغایر نہوین جبتک کہ ایسا نہ کرینگے ہمارے اعتراض سے
محفوظ نہوینگے۔ **محمد علی** اگر صولت ہند کی اس عبارت مہمل سے مقصود یہہ ہے
کہ حرکات کو حروف کے ساتھہ نہین لکہا جاتا تو یہہ ایک بیہودہ بات ہے بلکہ جن خطوط
مین حرکات کو حروف کے ساتھہ لکہا جاتا ہے اونکے پڑہنے مین ہمیشہ دقت رہتی ہے
جواب صولت ہند کی عبارت تو نقص لفظی ومعنوی سے بری ہے البتہ آپ ہی
کی عبارت مہمل ہے کہ ان دونون فقرون مین لفظ حرکات کے بعد کلمہ کو بمعنی
لاے ہو اور اسیطرح دونون جگہہ لفظ لکہا جاتا ہے آپ کی بیسمجھی پر دلالت

